www.mashriqquetta.com.pk

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | اتوار 25 رمضان 1447ھ 15 مارچ 2026ء، صفحات 24 | شمارہ 251

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 40 روپے

آپریشن غضب للحق، پاک فوج کی کارروائی، قندھار ایئر فیلڈ آئل سٹوریج تباہ

طالبان کی پاکستان میں خوف پھیلانے کی کوشش ناکام بنادی، آئی ایس پی آر

آئل سٹوریج سائٹس افغان طالبان اور دیگر دہشت گرد تنظیمیں اپنی مذموم کارروائیوں کے لیے استعمال کررہی تھیں، بھرپور کارروائی کے باعث افغان طالبان کے اہلکار علاقہ چھوڑ کر فرار ہوگئے

آپریشن غضب للحق کے تحت کارروائیاں اہداف کے حصول تک جاری رہیں گی، فوج اپنی تمام تر استعداد کے ساتھ دہشتگردی کے خلاف اقدامات کو عملی جامہ پہنارہی ہے، سیکورٹی حکام

حملے عوام میں خوف پھیلانے کی افغان طالبان کی ناپاک کوشش ہے، افغان طالبان کی اشتعال انگیزیوں کے سامنے پاکستان نہیں جھکے گا، افغان سرزمین سے دہشت گردی قبول نہیں، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (زاہد احمد خان) آپریشن غضب للحق کے تحت پاک فوج کی کارروائی میں قندھار ایئر فیلڈ آئل سٹوریج سائٹس تباہ کردی گئیں۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق پاک فوج نے آپریشن غضب للحق کے تحت 12 اور 13 مارچ کی شب قندھار ایئر فیلڈ کی آئل سٹوریج سائٹس کو مؤثر حملوں کے ذریعے تباہ کردیا ہے کے نتیجے میں افغان طالبان کے اہلکار علاقہ چھوڑ کر فرار ہوگئے۔ اس حوالے سے دستیاب ویڈیو میں حملوں سے پہلے اور بعد کے مناظر واضح طور پر دکھائے گئے ہیں، جن سے کارروائی کی شدت اور مؤثر نتائج سامنے آرہے ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ آئل سٹوریج سائٹس افغان طالبان اور دیگر دہشت گرد تنظیمیں اپنی مذموم کارروائیوں کے لیے استعمال کررہی تھیں۔ پاک فوج مؤثر اور طاقتور کارروائیوں کے ذریعے افغان طالبان اور فتنہ الخوارج کے دہشت گرد ٹھکانوں اور فوجی تنصیبات کو نشانہ بنارہی ہے۔ سیکورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ آپریشن غضب للحق کے تحت کارروائیاں اہداف کے حصول تک جاری رہیں گی، فوج اپنی تمام تر استعداد کے ساتھ دہشتگردی کے خلاف اقدامات کو عملی جامہ پہنارہی ہے۔ دوسری جانب۔ پاک فوج نے کہا ہے کہ افغان طالبان کی پاکستان میں خوف پھیلانے کی کوشش ناکام بنادی گی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق 13 مارچ کو افغان طالبان نے پاکستان پر ڈرون حملے کیے، ڈرونز کو ہدف تک پہنچنے سے پہلے مار گرایا، ملبہ گرنے سے کوئٹہ میں 2 بچے زخمی ہوئے......... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

اسرائیل اور لبنان کے درمیان پہلا رابطہ جلد متوقع

مذاکرات میں ٹرمپ کے داماد بھی شریک ہوں گے

دبئی (م ڈ) اسرائیل اور لبنان آنے والے دنوں میں براہ راست مذاکرات کرنے والے ہیں۔ یہ ایران جنگ شروع ہونے کے بعد دونوں ملکوں میں ہونے والا پہلا رابطہ ہوگا۔ اس جنگ کے......... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نجی ہسپتال میں منظور احمد کاکڑ کی عیادت کررہے ہیں

کفایت شعاری سے حاصل رقم عوامی ریلیف پر خرچ ہوگی، وزیراعظم

سرکاری اور خود مختار اداروں کے ملازمین کی تنخواہوں میں 5 سے 30 فیصد کٹوتی ہوگی، 23 مارچ کی تقریبات سادگی سے ہونگی

آئندہ 2 ماہ سرکاری گاڑیوں کے ایندھن میں 50 فیصد کمی اور 60 فیصد گاڑیاں گراؤنڈ کرنے کا تھرڈ پارٹی آڈٹ کرایا جائے گا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ کفایت شعاری سے ہونے والی بچت عوامی ریلیف پر خرچ ہوگی۔ خطے کی صورتحال کے پیش نظر پیٹرولیم قیمتوں کے استحکام اور حکومتی بچت اقدامات کا جائزہ لینے کے لیے وزیراعظم کی زیرصدارت اہم......... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

بغداد میں ایرانی میزائل حملے کے بعد امریکی سفارتخانے کی عمارت سے دھواں بلند ہورہا ہے تل ابیب میں تباہ ہونے والی عمارت دوسری جانب ایرانی ڈرونز ہدف کی جانب بڑھ رہے ہیں جبکہ ایرانی کی جانب سے خودکش سمندری کشتیوں کی جاری کی گئی تصویر

ایرانی تیل کے 90 فیصد ذخائر ایرانی جزیرہ خارگ میں موجود ہیں، ٹرمپ نے ہزاروں فوجیوں کو گلف پہنچنے کی ہدایت کردی، آبنائے ہرمز کھلوانے کیلئے دیگر ممالک سے مدد لے رہے ہیں، ٹرمپ، دفاعی نظام ایرانی میزائل فضا میں تباہ کررہے ہیں، اسرائیل

امریکی بمباری سے ایرانی جزیرہ خارگ میں عسکری تنصیبات تباہ

تیل کے ذخائر پر قبضے کیلئے فوج اتارنے کا منصوبہ، ایران کے خلیجی ممالک میں امریکی تنصیبات پر حملے

حملوں میں جزیرے پر موجود تمام فوجی اہداف کو تباہ کر دیا گیا، اگر ایران نے آبنائے ہرمز میں جہاز رانی کو روکنے کی کوشش کی تو تیل کے تنصیبات کو بھی نشانہ بنا سکتے ہیں، 'دیکھتے جاؤ ہوتا کیا ہے'، ڈونلڈ ٹرمپ کی ایران کو بھرپور حملوں کی دھمکی

آبنائے ہرمز میں امریکی نیوی کے ذریعے جلد بحری جہازوں کو سیکیورٹی فراہم کی جائے گی، ایران میں امریکا اور اسرائیل کے مقاصد مختلف ہوسکتے ہیں، جب مجھے محسوس ہوگا کہ جنگ ختم ہونی چاہیے، تب یہ ختم ہوگی، امریکی صدر کی میڈیا سے گفتگو

اسرائیل پر جوابی کارروائی میں 14 افراد ہلاک ہوئے، امریکی حملوں کے جواب میں بیلسٹک اور تباہ کن میزائل استعمال کریں گے، پاسداران انقلاب، ایران اپنی قومی خودمختاری اور سرزمین کے دفاع کو جائز حق سمجھتا ہے، ایرانی وزیر خارجہ کا خلیجی ممالک کو انتباہ

واشنگٹن، تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران کے اسٹریٹجک خارگ جزیرے پر شدت کے ساتھ فضائی حملے کیے گئے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی صدر نے اعلان کیا کہ امریکی فوج کے سینٹکام نے ایران کے خارگ جزیرے پر بڑے پیمانے پر بمباری کی۔ ٹرمپ کے مطابق حملوں میں جزیرے پر موجود تمام فوجی اہداف کو تباہ کردیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ مشرق وسطیٰ کی تاریخ کے طاقتور ترین بمباری حملوں میں سے ایک تھا۔ خارگ جزیرہ ایران کے خلیج فارس میں واقع سب سے اہم تیل برآمدی مرکز ہے۔ ایران کے تقریباً 90 فیصد خام تیل کی برآمدات اسی جزیرے سے ہوتی ہیں۔ امریکی صدر نے کہا کہ ابھی تیل کی تنصیبات کو نشانہ نہیں بنایا گیا ہے۔ تاہم انہوں نے خبردار کیا کہ اگر ایران نے آبنائے ہرمز میں جہاز رانی کو روکنے کی کوشش کی تو تیل کے تنصیبات کو بھی نشانہ بنا سکتے ہیں۔ دوسری جانب۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کی قیادت کو سخت دھمکی دیتے ہوئے کہا ہے کہ امریکا ایران کو فوجی اور معاشی طور پر تباہ کر رہا ہے اور آئندہ مزید سخت کارروائی ہو سکتی ہے۔ صدر ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر جاری کیے گئے ایک بیان میں ایرانی رہنماؤں کو سخت الفاظ میں تنقید کا نشانہ بنایا اور کہا کہ امریکی افواج ایران کی بحریہ، فضائیہ، میزائل اور ڈرون صلاحیتوں کو تباہ کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امریکا کے پاس غیر معمولی فوجی طاقت اور لامحدود اسلحہ موجود ہے۔ واضح رہے کہ امریکی حملوں میں ایران کے اہم تیل کے مرکز خارگ جزیرہ کے قریب فوجی اہداف کو نشانہ بنایا گیا ہے، خلیج فارس میں واقع خارگ جزیرہ ایران کی تیل برآمدات کا اہم ترین مرکز سمجھا جاتا ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکا چاہے تو اس جزیرے کی تیل کی تنصیبات مکمل طور پر تباہ کرسکتا ہے تاہم فی الحال ایسا نہیں کیا گیا۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر ایران نے آبنائے ہرمز میں جہاز رانی میں مداخلت کی تو یہ فیصلہ تبدیل ہوسکتا ہے۔ اس سے قبل صدر ٹرمپ نے ایک انٹرویو میں کہا تھا کہ ایران کے ساتھ جنگ کب ختم ہوگی اس کا فیصلہ میں خود کروں گا۔ ان کا کہنا تھا کہ جب مجھے محسوس ہوگا کہ جنگ ختم ہونی چاہیے، تب یہ ختم ہوگی۔ ایران نے خلیجی ممالک میں امریکی بیسوں کو بھی نشانہ بنانا شروع کردیا۔ پاسداران انقلاب ایران......... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

ایران پڑوسی ممالک کو نشانہ بنانے سے گریز کرے، حماس

تمام ممالک سے ایران پر جارحیت روکنے میں کردار ادا کرنے کی اپیل

غزہ (م ڈ) فلسطینی مزاحمتی تنظیم حماس نے ایران پر زور دیا کہ وہ ہمسایہ ممالک کو نشانہ بنانا بند کر دے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق حماس نے کہا کہ ایران......... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان سے مشرق وسطیٰ کی مزید 25 پروازیں منسوخ

اکثر خلیجی ممالک کے فضائی حدود 15 ہویں روز بھی بدستور بند

لاہور (بیورو رپورٹ) پاکستان سے مشرق وسطیٰ کے لیے فلائٹ آپریشن بدستور معطل ہے، ملک بھر سے مشرق وسطیٰ کی مزید 25 پروازیں منسوخ ہوگئیں۔ ایوی......... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

ایران جنگ: امریکا کے مشکل دن شروع ہوگئے

واشنگٹن (م ڈ) ایران کے ساتھ جنگ میں امریکا کو بڑے پیمانے پر مالی نقصان ہو رہا ہے اور شدید عدم استحکام کا شکار ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق ایران نے اسرائیلی اور امریکی حملوں کے جواب میں دنیا کی اہم ترین ا?بی گذرگاہ ا?بنائے ہرمز کو بند کردیا ہے جس سے پیٹرول کی قلت پیدا ہوئی اور قیمتیں ا?سمانوں سے باتیں کرنے لگیں۔ جس سے امریکا بھی متاثر ہوا ہے۔ امریکی آٹو موبائل ایسوسی ایشن......... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

رات گئے پاکستانی فورسز اور افغان طالبان میں شدید جھڑپیں

کندھار میں پاکستانی جیٹ طیاروں کی پروازیں، طالبان مورچے چھوڑ کر فرار

پاک ایئر فورس نے فتنہ الخوارج کے ٹھکانوں، فوجی تنصیبات کو کامیابی سے نشانہ بنایا

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) رات گئے افغان طالبان اور پاکستانی فورسز کے درمیان سرحد پر متعدد مقامات پر شدید جھڑپیں شروع، کندھار میں پاکستانی جیٹ طیاروں کی پروازیں، حالات کشیدہ، آپریشن غضب للحق، پاک افواج کے افغانستان میں کامیاب فضائی حملوں کی ویڈیو جاری کردی گئی تفصیلات کے مطابق، پاک افواج نے 14/15 مارچ کی درمیانی شب......... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

جو تباہی ہوئی ہے اسے پہلے سے بہتر تعمیر کرینگے، ایرانی صدر

حالات معمول پر ہیں، خدمات کی فراہمی میں کوئی تعطل نہیں، مسعود پزشکیان

تہران (م ڈ) ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ جو تباہی ہوئی ہے اسے پہلے سے بہتر بنا کر دوبارہ تعمیر کریں گے۔ اپنے بیان میں ایرانی صدر کا کہنا تھا......... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

پیٹرول پرائسز مانیٹرنگ کمیٹی کا اجلاس، ذخائر تسلی بخش قرار

وزیرخزانہ کا ایندھن کی بچت اور ذمہ دارانہ استعمال کے اقدامات پر غور

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی زیرصدارت پیٹرول پرائسز مانیٹرنگ کمیٹی کا اجلاس ہوا جس دوران عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں......... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر مالک بلوچ سے حاجی میر بدو خان ملاقات کررہے ہیں

دہشت گردوں کو افغان حکومت کی سرپرستی حاصل ہے، عطاء تارڑ

ڈرونز سے کسی فوجی یا دیگر بنیادی ڈھانچے کو نشانہ نہیں بنایا گیا، وزیر اطلاعات

افغان وزارت دفاع کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس پروپیگنڈا پھیلانے کیلئے بدنام ہیں

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے فتنہ الخوارج کے 2 ڈرون کو سیکیورٹی فورسز کی طرف سے مار گرانے کی تصدیق کی......... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

ایرانی یورینیم کی روس منتقلی؛ ٹرمپ نے پیوٹن کی پیشکش مسترد کردی

پیشکش تہران کے ساتھ جنگ بندی معاہدے کے طور پر سامنے آئی تھی

واشنگٹن (م ڈ) امریکی صدر ٹرمپ نے ایران کے افزودہ یورینیم کو روس منتقل کرنے کی روسی صدر ولادیمیر پیوٹن کی پیشکش مسترد کردی۔ امریکی میڈیا رپورٹس کے......... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

درختوں کی غیرقانونی کٹائی کسی صورت برداشت نہیں، وزیراعلیٰ

درختوں کی کٹائی ماحولیاتی تحفظ اور حکومتی پالیسیوں کے منافی اقدام ہے، واقع کی فوری طور پر مکمل اور جامع انکوائری کی جائے

وزیراعلیٰ نے زرعی کالج میں شہتوت، کوئٹہ پائن ودیگر درختوں کی کٹائی کا نوٹس لے لیا، تحقیقات کا حکم، سرفراز بگٹی کا ایکس پر پیغام

کوئٹہ (خ ن+ این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سوشل میڈیا پر زرعی کالج کے احاطے میں درختوں کی کٹائی سے متعلق وائرل ہونے والی ویڈیوز اور تصاویر کا سخت نوٹس لیتے ہوئے فوری تحقیقات کا حکم دے دیا ہے وزیراعلیٰ نے اس واقعے کو ماحولیاتی تحفظ اور حکومتی پالیسیوں کے منافی قرار......... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان میں عیدالفطر 21 مارچ کو ہونے کا قوی امکان

19 مارچ کو عید کا چاند نظر آنا ناممکن ہے، محکمہ موسمیات کی پیش گوئی

اسلام آباد (شاکر رحمان) محکمہ موسمیات نے عید کے چاند کی پیدائش سے متعلق پیشگوئی کی ہے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر محکمہ موسمیات انجم نذیر نے عید کے چاند سے متعلق بتایا کہ 19 مارچ کو مرکزی رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس اسلام آباد میں ہوگا تاہم 19 مارچ کو......... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

روس کا آذربائیجان کے راستے امدادی سامان ایران کیلئے روانہ

وزارت ہنگامی حالات کے مطابق یہ امدادی کھیپ ادویات اور طبی سامان پر مشتمل ہے، سامان ٹرکوں کے ذریعے ایران بھیجا جائیگا

اقدام ایسے وقت میں کیا گیا جب خطے میں کشیدگی بڑھ رہی ہے، امداد ولادی میر پیوٹن کے احکامات پر بھیجی گئی ہے، روسی سفارتخانہ

کینیا (م ڈ) کینیا میں روسی سفارت خانے کی جانب سے سوشل میڈیا پر جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ روس کا......... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

سونے اور چاندی کی قیمتوں میں کمی کا تسلسل جاری

کراچی (آئی این پی) سونے اور چاندی کی قیمتوں میں کمی کا تسلسل جاری ہے۔ ہفتہ کو سونا 8700 روپے......... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

خودکش ڈرون کشتیوں کا ایک بڑا ذخیرہ موجود ہے، ایرانی حکومت

آبنائے ہرمز سے جہازوں کی نقل و حرکت محدود کرنے کے لیے تعینات

نیول ڈرونز، اینٹی شپ میزائلز اور سی مائنز بھی تیار ہیں، سرکاری ایرانی میڈیا

تہران (م ڈ) ایرانی سرکاری ٹی وی چینل نے زیر زمین ایک پیچیدہ تنصیب سے فوٹیج جاری کی ہے، جسے ایرانی حکام 'میزائل سٹی' قرار دے رہے ہیں۔ ایرانی فوج نے اعلان کیا کہ ان کے پاس اب خودکش ڈرون کشتیوں کا ایک بڑا ذخیرہ موجود ہے، جو اب......... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: سردار جسبیر سنگھ و دیگر پریس کانفرنس کررہے ہیں

افغانستان اور پاکستان کے درمیان ثالثی کیلئے متحرک ہیں، چین

امید ہے دونوں ممالک تحمل کا مظاہرہ اور کشیدگی سے گریز کرینگے، جلد دوطرفہ مذاکرات کریں، جنگ بندی کی طرف بڑھیں

اختلافات بات چیت سے حل کریں، کشیدگی میں کمی کیلئے فعال کردار جاری رکھنے کیلئے پرعزم ہیں، ترجمان چینی وزارت

بیجنگ (م ڈ) خصوصی ایلچی افغانستان اور پاکستان کے درمیان ثالثی کیلئے متحرک ہیں، امید ہے پاکستان اور افغانستان تحمل کا مظاہرہ اور کشیدگی سے گریز کریں گے۔ چین نے زور دیا ہے کہ پاکستان اور افغانستان فوری جنگ بندی کی طرف بڑھیں اور اختلافات بات......... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

ایران کشیدگی، پاکستان میں جیٹ فیول کی سپلائی متاثر

پی اے اے کی ایئرلائنز کو کم فیول کیساتھ آپریشن کی ہدایت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) خطے میں جاری کشیدگی کے باعث پاکستان میں جیٹ فیول کی سپلائی متاثر ہوگئی۔ پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی نیٹم جاری کرتے ہوئے......... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

امریکی سفارت خانہ نے 20 مارچ تک تمام ویزا اپائنٹمنٹس منسوخ کردیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) امریکی سفارت خانے نے 20 مارچ تک تمام امیگرنٹ اور نان امیگرنٹ ویزا اپائنٹمنٹس منسوخ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ تاہم سفارت خانے کی جانب سے بتایا گیا ہے کہ امریکی شہریوں کو معمول اور ہنگامی نوعیت کی قونصلر خدمات کی فراہم جاری رہے گی۔ سفارت خانے کی جانب سے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ جن درخواست گزاروں کی ویزا اپائنٹمنٹس متاثر......... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

تیل کی کھیپ راستے میں، ذخائر مضبوط ہونگے، وزیرخزانہ

توانائی مارکیٹ کی صورتحال پر مسلسل نظر رکھے ہوئے ہیں، محمد اورنگزیب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ تیل کی مزید کھیپ راستے میں ہے، ذخائر مزید مضبوط ہوں گے۔ وزیرخزانہ محمد اورنگزیب......... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

سی ٹی ڈی کا لکی مروت میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، 6 دہشتگرد ہلاک

40 منٹ تک جاری رہنے والی کارروائی میں دہشتگردوں کے مزید ساتھی فرار، آپریشن میں اسلحہ و دستی بم برآمد

لکی مروت دھماکے میں شہید 7 اہلکاروں کی نماز جنازہ ادا کردی گئی، محسن نقوی کا کامیاب آپریشن پر خراج تحسین

لکی مروت، اسلام آباد (آئی این پی) سی ٹی ڈی بنوں ریجن نے لکی مروت کے علاقے شاہ خیل میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 6 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ سی ٹی ڈی ذرائع کے مطابق شاہ خیل میں کارروائی کے دوران فائرنگ کے تبادلے میں 6 دہشتگردوں کو ہلاک کیا گیا، تقریباً 40 منٹ تک......... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

1 دن میں 9 بیلسٹک میزائل، 33 ڈرونز مار گرائے، یو اے ای

میزائل اور ڈرون ایران سے داغے گئے تھے، اماراتی وزارت خارجہ

دبئی (م ڈ) اماراتی وزارت دفاع نے کہا ہے کہ ایک دن میں 9 بیلسٹک میزائل اور 33 ڈرونز مار گرائے گئے۔ عرب میڈیا رپورٹس کے مطابق یو اے ای وزارت دفاع کا کہنا تھا کہ فضائی دفاعی نظام نے ایران سے آنے والے حملے ناکام بنائے، ہفتے کی صبح سے......... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

سرکاری افسران کے ایندھن میں 50 فیصد کمی کا آفس آرڈر جاری

گھروں سے کام کرنیوالے افسران اور اہلکاروں کو سرکاری گاڑیوں کے لیے ایندھن کی فراہمی مکمل طور پر بند کردی گئی

دفاتر میں جنریٹر صرف ہنگامی صورتحال میں استعمال ہونگے، پول گاڑیوں کے استعمال میں بھی پچاس فیصد کمی کردی

کوئٹہ (آن لائن) حکومت بلوچستان نے موجودہ عالمی اور علاقائی صورتحال کے پیش نظر کفایت شعاری اور......... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

مغویوں کی بازیابی سردار رند نے یقینی بنائی، حامد میر

سردار رند کالعدم تنظیم سے 18 مغوی افراد اپنی تحویل میں لے لئے

قبائلی حکمت عملی کے نتیجے میں بازیابی ممکن ہوئی، صحافی کا دعویٰ

کوئٹہ (این این آئی) سینئر صحافی حامد میر نے دعویٰ کیا ہے کہ قبائلی رہنما سردار یار محمد رند نے تین ماہ تک جاری رہنے والی اعصابی جنگ کے بعد بلوچستان لبریشن......... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

بلاول بھٹو کا اداکار شجاعت ہاشمی کے انتقال پر اظہار افسوس

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو نے معروف اداکار شجاعت ہاشمی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ جاری بیان......... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

اوستہ محمد، پولیس کی گشتی ٹیم پر ہینڈ گرنیڈ سے حملہ، اہلکار محفوظ

حملہ ناکام، ملزمان موقع سے فرار، پولیس کی علاقے میں سرچ آپریشن جاری

اوستہ محمد (یو این اے) نصیرآباد کے علاقے میں پولیس کی گشتی ٹیم پر نامعلوم افراد کی جانب سے ہینڈ گرنیڈ سے حملہ کیا گیا ہے، تاہم خوش قسمتی سے گرنیڈ نہ پھٹنے کے......... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر



بیروت سے 170 پاکستانی مزدوروں کا محفوظ انخلا

لبنان کی کشیدہ صورتحال پر سفارتخانے سے رابطے کی ہدایت

اسلام آباد، بیروت (آئی این پی) لبنان میں پاکستانی سفارت خانے نے بیروت میں زیر تعمیر امریکی سفارت خانے کے منصوبے پر کام کرنے والے 170 پاکستانی......... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، سیلانی ویلفیئر کی جانب سے پرنس روڈ پر مستحق افراد میں کرائی گئی افطاری کے مناظر

محمود خان اچکزئی کا بیانیہ عوام کا بیانیہ بن چکا ہے، یونس مہمند

تحریک تحفظ آئین پاکستان ملک کے عوام کے نجات دہندہ کے طور پر ثابت ہوگی

ملکی وخطے کے مسائل کا حل مشر محمود خان اچکزئی کے بیانیے پر عملدرآمد سے ممکن ہے

اسلام آباد / کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے زیر نگرانی اسلام آباد کے علاقے گولڑہ میں تحصیلی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت اسلام آباد، راولپنڈی کے ضلعی آرگنائزر حاجی یونس مہمند نے کی۔ اس اجلاس میں اٹھارہ (18) افراد ڈاکٹر عطاء الرحمن، وسیم خان، صابر خٹک، سید خان، سید محمد، زبیر خان، وحید خان، قاسم خان، زاہد خٹک، اسامہ خان، ذکریا خان، کامران خان، صادق خان، کمیل خان، رؤف خان، سیف خان، علی شیر اور اظہار خان نے پشتونخوامیپ میں شمولیت اختیار کی۔ اجلاس سے صوبائی صدر جانان افغان، صوبائی نائب صدر حاجی حکیم حریفال، صوبائی جنرل سیکرٹری خالق داد وطنپال، صوبائی مالیات سیکرٹری حاجی یونس مہمند اور صوبائی ڈپٹی سیکرٹری عمران خٹک نے خطاب کیا۔ مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پشتونوں اور اس خطے کے مسائل کا حل پشتونخوامیپ کے چیئرمین محترم مشر محمود خان اچکزئی کے بیانیے پر عملدرآمد سے ممکن ہے۔ محترم مشر محمود خان اچکزئی نے اس خطے میں موجودہ بحران اور پشتونخوا وطن کے مسائل کے حل کے لیے اپنا فارمولا دے دیا ہے۔ پشتونخوامیپ اور محترم مشر محمود خان اچکزئی کے درست اصولی قومی جمہوری موقف کی وجہ سے آج پشتون عوام پشتونخوامیپ میں آئے روز شمولیت سے پشتونخوا ملی عوامی پارٹی اور محترم مشر کے اصولی قومی جمہوری موقف کو تقویت ملتی ہے۔ مقررین نے نئے شامل ہونے والے ساتھیوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ آپکی شمولیت سے ہمارے طاقت میں مزید اضافہ ہوگا۔ انھوں نے کہا کہ ہمیں فخر ہے کہ ہمارے رہبر کا بیانیہ اس وقت پورے ملک اکثریتی عوام کا بیانیہ بن چکا ہے اور ملک میں جمہوری قومی سیاسی مذہبی پارٹیوں کی ایک موثر نمائندہ تحریک تحفظ آئین پاکستان کے نام سے قائم ہے اور محترم مشر محمود خان اچکزئی اس تحریک کو لیڈ کررہے ہیں اور اس ملک کے عوام کے نجات دہندہ کے طور پر ثابت ہوگی اور ملک میں پارلیمنٹ کی بالادستی اور آئین پر مکمل عملدرآمد ملک میں عوامی راج کے قیام کے لیے جدوجہد جاری رہے گی۔

میر ضیاء اللہ لانگو کا سید امین کے والد کے انتقال پر تعزیت

... کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی بھی کی گئی جبکہ میر ضیاء اللہ لانگو نے سوگوار خاندان کے ساتھ مکمل ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا۔

لکپاس ٹول پلازہ تا کمیلا وسکوزئی سڑک فوری مکمل کی جائے، طارق بدوزئی

تعمیر کی عدم تکمیل کے باعث علاقے کے عوام کو شدید سفری مشکلات کا سامنا ہے

... گاڑیوں کو بھی شدید نقصان پہنچ رہا ہے۔ ڈاکٹر طارق بدوزئی نے کہا کہ یہ سڑک کمیلا، سکوزئی اور ملحقہ علاقوں کے ہزاروں مکینوں کے لیے واحد رابطہ سڑک کی حیثیت رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ علاقہ زرعی لحاظ سے بھی نہایت اہم ہے اور فصلوں کا سیزن شروع ہونے والا ہے، ایسے میں اگر سڑک کی تعمیر جلد مکمل نہ کی گئی تو زمیندار طبقے کو اپنی زرعی ... بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف آف سراوان نواب اسلم خان رئیسانی سے پرزور اپیل کی کہ لکپاس ٹول پلازہ تا کمیلا وسکوزئی سڑک کی تعمیراتی کام کو ہنگامی بنیادوں پر مکمل کیا جائے تاکہ علاقے کے عوام کو درپیش سفری مشکلات کا خاتمہ ہو اور زمیندار طبقہ بھی اپنی زرعی سرگرمیاں بغیر رکاوٹ جاری رکھ سکے۔

جامعات کے اساتذہ اور آفیسران کا اردلی الاؤنس جاری کیا جائے

جامعہ بلوچستان کے وائس چانسلر نے تاحال عدالتی احکامات پر عمل درآمد نہیں کیا

یہ رویہ غیر مناسب اور قواعد وضوابط کے منافی ہے، اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن جامعہ بلوچستان کے ترجمان نے ایک بیان میں گہری تشویش اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبائی حکومت نے بعض اساتذہ دشمن افسر شاہی کے اشاروں پر جامعہ بلوچستان سمیت صوبے کی تمام جامعات میں گریڈ 20 اور 21 کے سینئر اساتذہ کرام اور افسران کو دیے جانے والے اردلی الاؤنس کو ختم کرنے کے لیے ایک غیر قانونی نوٹیفکیشن جاری کیا تھا۔ ترجمان کے مطابق اس اقدام کے خلاف معاملہ معزز عدالت عالیہ میں پیش کیا گیا جس پر عدالت نے اپنے واضح حکم کے ذریعے مذکورہ نوٹیفکیشن کو معطل کرتے ہوئے جامعات کے اساتذہ اور افسران کو اردلی الاؤنس کی ادائیگی جاری رکھنے کی ہدایت دی۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ افسوسناک امر یہ ہے کہ معزز عدالت عالیہ کے واضح احکامات کے باوجود جامعہ بلوچستان کے وائس چانسلر نے اس حکم پر عمل درآمد نہیں کیا۔ اس عمل کے ذریعے نہ صرف عدالت کے احکامات کو نظر انداز کیا گیا بلکہ عملاً توہین عدالت کے مترادف اقدام بھی کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق وائس چانسلر نے کسی تحریری نوٹیفکیشن کے بغیر محض زبانی احکامات کے ذریعے اساتذہ اور افسران کے لیے منظور شدہ اردلی الاؤنس کی ادائیگی روک دی، جو کہ نہ صرف غیر مناسب بلکہ قواعد و ضوابط کے بھی منافی ہے۔ اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن کے ترجمان نے اپنے بیان میں معزز چیف جسٹس بلوچستان سے اس صورتحال کا فوری نوٹس لینے کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ عدالت عالیہ کے احکامات پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے۔ ساتھ ہی وائس چانسلر جامعہ بلوچستان سے بھی مطالبہ کیا گیا کہ وہ معزز عدالت عالیہ کے فیصلے کا احترام کرتے ہوئے فوری طور پر اساتذہ اور افسران کے لیے اردلی الاؤنس کی ادائیگی بحال کریں، جیسا کہ ملک کی دیگر جامعات میں اس پر عمل درآمد کیا جارہا ہے۔

خدائے رحیم ناصر کی اہلیہ انتقال کرگئیں

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوامیپ کے سینئر رکن خدائے رحیم ناصر کی اہلیہ، علاقائی ایگزیکٹیوز عبداللہ ناصر کی والدہ وفات پاگئیں۔ فاتحہ خوانی ان کے گھر پر جاری ہے۔ دریں اثناء پشتونخوامیپ کے صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، سید شراف آغا، مجید خان اچکزئی، کبیر افغان اور دیگر صوبائی ایگزیکٹیوز نے مرحومہ کی وفات پر تعزیت کا اظہار کیا جبکہ پارٹی کے صوبائی رابطہ سیکرٹری گل خلجی اور دیگر نے بزرگ رکن خدائے رحیم ناصر کے گھر جاکر مرحومہ کی وفات پر تعزیت کا اور فاتحہ خوانی کی۔

جمال الدین لانگو انتقال کرگئے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان اسمبلی کے ریٹائرڈ ملازم جمال الدین لانگو انتقال کرگئے وہ صوفی رحیم داد لانگو محمد ہاشم لانگو کے بھائی محمد نادر لانگو محمد الیاس لانگو عبدالقیوم براث زئی کے والد تبلیغی رہنما عبدالوہاب کے چچا تھے مرحوم کے ایصال وثواب کیلئے تعزیت و فاتحہ خوانی حاجی دولت خان روڈ محلہ براث زئی گلی اسماعیل کوئٹہ میں مرحوم کے رہائش گاہ میں لیا جائیگا۔

بلوچستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن سکالرشپس میں تاخیر تشویشناک ہے

ہونہار طلبہ بروقت سکالرشپ نہ ملنے کی وجہ سے ذہنی کوفت کا شکار ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن جنوبی پشتونخوا زون کے جاری کردہ بیان میں بلوچستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن (Beef) کی جانب سے ڈسٹرکٹ میرٹ پر طلبا طالبات کے لیے اعلان شدہ سکالرشپ میں محکمے کی جانب سے لیت ولعل سے کام لینے کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اہل طلبا کے لیے اعلان شدہ سکالرشپ میں تاخیر سے طلبا میں سخت تشویش پائی جاتی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ غریب طلبا وطالبات اس شدید مہنگائی اور مالی بحران میں بروقت سکالرشپ نہ ملنے کی وجہ سے ذہنی کوفت کا شکار ہوگئے ہیں یونیورسٹیز اور کالجز کی بھاری فیسوں سے طلبا سخت پریشان ہیں اکثر اہل طلبا جو غریب ہونے کی وجہ سے اس امید پر تعلیمی اداروں میں داخلے لے رکھے ہیں کہ سکالرشپ مل جائے گا اور تعلیمی سلسلہ جاری رکھ سکیں گے لیکن اعلان شدہ سکالرشپ کا بروقت نہ ملنے کی وجہ سے طلبا کے داخلہ فیسوں اور دیگر تعلیمی اخراجات کو جو اس سکالرشپ سے ادا کرنے کی امید پر ہیں سخت مایوس ہونے لگے ہیں۔ پشتونخوا ایس او کے صوبائی بیان میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ بلوچستان ایجوکیشن فاؤنڈیشن Beef کی جانب سے ڈسٹرکٹ میرٹ پر آنے والے اہل طلبا وطالبات کے لیے اعلان شدہ سکالرشپ کو عید سے پہلے ہی جاری کیے جائیں تاکہ یہ مستحق طلبا وطالبات تعلیمی اخراجات کے ساتھ ساتھ عید کی خوشیوں میں بھی شامل ہوسکیں۔#

کوئٹہ: ٹریفک جام کا منظر

سید عارف شاہ انتقال کرگئے

کوئٹہ (پ ر) ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹر کوئٹہ کے آفس سپرنٹنڈنٹ سید عارف شاہ حرکت قلب بند ہونے کے باعث انتقال کرگئے وہ فرحان شاہ دانش شاہ اور فیضان شاہ ... تا جک آباد گلشن شہاب میں ہوگی دریں اثناء ڈائریکٹر افرادی قوت تربیت ارشاد احمد پرنسپل ٹی ٹی سی کوئٹہ خیر محمد رند سینئر اسٹاف ٹریز ایس ٹی آئی محمد اعظم رئیسانی اور دیگر نے مرحوم کی اچانک رحلت پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے محکمے کیلئے خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔

فاتحہ خوانی جاری رہے گی

کوئٹہ (پ ر) چوہدری محمد انور، ڈی آئی جی پولیس (ریٹائرڈ) بلوچستان جو گزشتہ دنوں اسلام آباد میں وفات پاگئے تھے کی فاتحہ خوانی بروز اتوار 15 مارچ 2026 مسجد عیدگاہ طوغی روڈ میں ہوگی۔ وہ مرحوم چوہدری محمد اسلم سیشن جج، مرحوم محمد اصغر، مرحوم محمد اکرم، مرحوم محمد اجمل، ڈاکٹر محمد اکبر، محمد سرور کے بھائی تھے مرحوم نے بلوچستان میں گرانقدر خدمات انجام دی آپ نے بطور ڈی آئی جی اسپیشل برانچ کمانڈر بطور ڈی جی انٹی کرپشن اور ڈائریکٹر ایف آئی اے شاندار خدمات انجام دی۔

کوئٹہ، ایم پی اے اسفندیار خان کاکڑ و دیگر ضلع بر شور بننے کی خوشی میں کیک کاٹ رہے ہیں

کوئٹہ میں نئے ٹراما سینٹر کا قیام خوش آئند ہے، پیرامیڈیکس ایسوسی ایشن

مگر سول ہسپتال کوئٹہ کا ٹراما سینٹر غیر فعال کرنا یا ضم کرنا عوام کیساتھ ناانصافی ہوگی

شہر کے وسط میں قائم سول ہسپتال ٹراما سینٹر کو مکمل طور پر فعال رکھا جائے، مطالبہ

کوئٹہ (آن لائن) پیرامیڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن بلوچستان محکمہ صحت کے حکام بالا سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ٹراما سینٹر سول ہسپتال کوئٹہ جو ڈاکٹرز، پیرا میڈیکل اسٹاف، نرسز، فارماسسٹ، و دیگر سپورٹنگ اسٹاف کے دن رات محنت اور کوششوں کی وجہ سے پورے بلوچستان میں ایمرجنسی سروسز کی فراہمی کے حوالے سے ایک نمایاں مقام حاصل کرلیا ہے ٹراما سینٹر کی فعالیت کے بدولت آج تک اس پسماندہ صوبے کے ہزاروں افراد کو موت کے منہ میں جانے سے بچایا گیا ہے کسی بھی بڑے حادثاتی صورت حال میں سول ہسپتال کوئٹہ کے تمام عملے نے ہر ممکن خدمات فراہم کی ہے بلکہ سول ہسپتال کے تمام آپریشن تھیٹرز اور مشینری بھی ٹراما ٹیم کو ہمہ وقت تعاون کے لیے میسر رہے ہیں، کوئٹہ شہر میں ایک اور جدید ٹراما سینٹر کا قیام خوش آئند اقدام ہے، مگر ٹراما سینٹر سول ہسپتال کوئٹہ کو کسی بھی صورت غیر فعال کرنا یا نئے ٹراما سینٹر میں ضم کرنا صوبہ کے عوام کے ساتھ ناانصافی کے مترادف تصور کیا جائے گا، پیرا میڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن بلوچستان صوبائی حکومت، محکمہ صحت بلوچستان، اور تمام حکام بالا سے مطالبہ کرتا ہیں کہ سول ہسپتال ٹراما سینٹر کو مکمل طور پر فعال رکھا جائے، تاکہ شہر کے وسط میں قائم ٹراما سینٹر کی وجہ سے عوام کو بروقت ایمرجنسی خدمات میسر آسکے۔

لہڑی گیٹ وگردونواح میں بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ

کوئٹہ (اے این این) لہڑی گیٹ شاہوانی اسکیم کے عوام کے ساتھ واپڈا کا سوتیلی میں جیسا سلوک کا سلسلہ نہ صرف جاری بلکہ رمضان المبارک میں 100% فیصد اضافہ کردیا ہے افسوسناک امر تو یہ ہے کہ جب جناح ٹاؤن میں کام ہوتا ہے تو لہڑی گیٹ کا بجلی معطل اسی طرح جب نوحصار کے آخر میں کام ہو تب بھی زلزلہ لہڑی گیٹ پر اتارا جاتا ہے سننے اور شکایات کرنے والا کوئی نہیں انکی متعلقہ ایس ڈی او بیان دینے پر ناراضگی کا اظہار کرتے ہیں اور چیف ایگزیکٹو اپنے عملے کا دفاع پر نکل تو آتے ہیں عوام جو ہزاروں بل ادا کرتے ہیں ان کا ذرا بھی سوچ واپڈا کو نہیں ہے اس ناروا رویے کیخلاف لہڑی گیٹ کے عوام ہمیشہ بجلی سے محروم اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

کوئٹہ: ٹرین کی ٹکر سے جاں بحق ہونیوالے نوجوان ویڈیو وائرل

کوئٹہ (یو این اے) شہر کے علاقے موسیٰ کالونی میں گزشتہ روز پیش آنے والے افسوسناک حادثے، جس میں ایک نوجوان ٹرین کی زد میں آ کر اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھا تھا، کی سی سی ٹی وی فوٹیج سامنے آ گئی ہے۔ ویڈیو میں حادثے کے دلخراش مناظر دیکھے جا سکتے ہیں، جس نے علاقے کے مکینوں میں شدید غم و غصے کی لہر دوڑا دی ہے۔ عوامی حلقوں اور ورثا نے اس واقعے پر گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے ریلوے حکام اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ آبادی والے علاقوں سے گزرنے والی ریلوے لائن کے اطراف حفاظتی انتظامات کو یقینی بنایا جائے تاکہ مستقبل میں ایسے اندوہناک حادثات کی روک تھام ممکن ہوسکے۔

کوئٹہ کے شہریوں کا پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کمی کا مطالبہ

حالیہ اضافے کے بعد سے مہنگائی آسمانوں سے باتیں کرنے لگی ہے، ظہور قادرزئی

غربت تنگ دستی کے باعث خودکشی کرنے پر مجبور ہوچکے ہیں، ڈاکٹر حبیب اللہ کاکڑ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ کے شہریوں نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کمی کا مطالبہ کرتے ہوئے ڈاکٹر حبیب اللہ کاکڑ، ظہور قادرزئی ودیگر نے بتایا کہ ملک کی طرح بلوچستان میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے بعد سے مہنگائی آسمانوں سے باتیں کرنے لگیں، مہنگائی نے عوام سے منہ کا نوالہ چھینتا گیا ہے، غربت تنگ دستی کے باعث خودکشی کرنے پر مجبور ہیں کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھانے کے بجا؟ حکمران اپنی عیاشیاں ترک کردیں عوام پر مسلط نااہل حکومت بھاری ٹیکسز کا سہارا لے رہی ہے مہنگائی سنگل ڈیجیٹ پر لانے کے دعویداروں نے مہنگائی کو 200 فیصد بڑھا دیا بیانہوں نے بتایا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں یکمشت 55 روپے کی اضافے کو مسترد کرتیں ملک میں مہنگائی کی شرح 200 فیصد تک بڑھ گئی ہے گذشتہ سال کے مقابلے میں رواں سال مہنگائی میں حوشربا اضافہ ہوا ہے جسکی وجہ سے غربت کے مارے عوام تو درکنار سفید پوش عوام بھی شدید قرب سے گزر رہی ہے ملک میں چیک اینڈ بیلنس اور پرائس کنٹرول کرنے کی زیرو پالیسی نے مہنگائی کی شرح شہروں اور دیہاتوں میں دگنی کردیا ہے خود ساختہ مہنگائی کی وجہ سے اشیاء خوردونوش کی قیمتوں میں 200 فیصد تک اضافہ ہوا ہے لہذا حکام مہنگائی پر فوری طور پر قابو پایا جائے بصورت دیگر سخت احتجاج کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔

کوئٹہ: شہری عید کی خریداری کر رہے ہیں

کوئٹہ: روزہ دار افطاری کیلئے پکوڑے، سموسے اور جلیبیاں خرید رہے ہیں

سینیٹر دنیش کمار کا سید امین کے والد کے انتقال پر تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان کے پرسنل اسٹاف آفیسر سید امین کے والد کے انتقال پر سینیٹر دنیش کمار ان کے گھر گئے اور مرحوم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا سینیٹر دنیش کمار نے سید امین اور ان کے اہل خانہ سے تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ دکھ اور غم کی اس گھڑی میں وہ سوگوار خاندان کے ساتھ برابر کے شریک ہیں انہوں نے مرحوم کے انتقال پر ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے لواحقین کے لیے صبر و حوصلے کی دعا کی انہوں نے کہا کہ انسانیت، باہمی احترام اور رواداری ہماری مشترکہ اقدار ہیں اور ایسے مواقع پر ایک دوسرے کے دکھ میں شریک ہونا معاشرتی ہم آہنگی کی بہترین مثال ہے اس موقع پر مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے دعا بھی کی گئی جبکہ سینیٹر دنیش کمار نے سوگوار خاندان کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا۔

زرعی کالج کے احاطے سے درختوں کی کٹائی تشویشناک ہے، وارث افغان

تعلیمی ادارے شعور، تحقیق اور ماحول دوستی کے فروغ کے مراکز ہوتے ہیں، ایمل ساراوان

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے صوبائی سیکریٹری وارث افغان اور سینئر معاون ایمل ساراوان نے زرعی کالج کے احاطے میں درختوں کی مبینہ کٹائی کی وائرل ویڈیوز اور تصاویر پر گہری تشویش اور شدید مذمت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اقدام نہ صرف ماحولیاتی توازن کے لیے نقصان دہ ہے بلکہ تعلیمی اداروں کی ذمہ داریوں کے بھی سراسر منافی ہے۔ انہوں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ تعلیمی ادارے شعور، تحقیق اور ماحول دوستی کے فروغ کے مراکز ہوتے ہیں، جہاں درختوں اور قدرتی وسائل کے تحفظ کو ترجیح دی جانی چاہیے۔ مگر افسوس کے ساتھ دیکھا گیا ہے کہ زرعی کالج جیسے ادارے میں ہی درختوں کی کٹائی جیسے اقدامات سامنے آرہے ہیں، جو نہایت قابل افسوس اور قابل مذمت ہیں۔ پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ اس واقعے کی فوری، شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کی جائیں اور اگر کسی بھی سطح پر غفلت، بدانتظامی یا قواعد وضوابط کی خلاف ورزی ثابت ہو تو ذمہ دار عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل ماحولیاتی تحفظ کے حوالے سے پہلے ہی شدید خدشات کا شکار ہے، ایسے میں اس نوعیت کے واقعات طلبہ میں مایوسی کو جنم دیتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ درختوں کی غیر ضروری کٹائی نہ صرف ماحولیاتی آلودگی میں اضافے کا سبب بنتی ہے بلکہ مستقبل میں موسمیاتی خطرات کو بھی بڑھاتی ہے۔ لہذا ضروری ہے کہ صوبے بھر کے تعلیمی اداروں میں شجرکاری مہمات کو فروغ دیا جائے اور سرکاری املاک کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔ بیان کے آخر میں پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ تنظیم ہر اس اقدام کے خلاف آواز بلند کرتی رہے گی جو ماحولیات، طلبہ کے مفادات اور عوامی وسائل کے تحفظ کے منافی ہو اور اس سلسلے میں ہر جمہوری و آئینی فورم پر اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔

پرنس محی الدین کی خدمات ناقابل فراموش ہیں، سردار منظور احمد

کوئٹہ (اے این این) سردار منظور احمد خان کاکڑ صدر ال کاکڑ قبائل فیڈریشن سیکرٹری جنرل بلوچستان یوتھ فرنٹ ممتاز قبائلی سیاسی وسماجی رہنما سندھ بلوچستان سردار منظور احمد خان کاکڑ نے بلوچستان کی نامور سیاسی قبائلی شخصیت سابق وفاقی وزیر پرنس محی الدین بلوچ کی پانچویں برسی کے موقع پر اپنے ایک بیان میں انہوں نے پرنس محی الدین بلوچ کی سیاسی اور سماجی خدمات کو شاندار خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا پرنس محی الدین بلوچ جیسی شخصیات صدیوں میں جنم لیتی ہیں جنہیں اپنی نیک نامی کے باعث ہمیشہ یاد رکھا جاتا ہے سردار منظور احمد خان کاکڑ نے کہا پرنس محی الدین بلوچ ایک شریف النفس محب وطن دیانت دار حق انسان دوست شخص تھے جنھوں نے اپنے ذاتی وسائل سے بلوچوں کے اتحاد واتفاق کے لیے بلوچ رابطہ اتفاق تحریک کی بنیاد رکھی اور اس کے پلیٹ فارم سے بلوچ پشتون اور دیگر مظلوم قوموں کے حقوق کے حصول کے لیے عملی جدوجہد کا آغاز کیا ان کی ذاتی کوششوں سے متعدد قبائلی تنازعات کے فیصلے ہوئے خون ریزی کا خاتمہ ہوا اور ان علاقوں میں صدیوں بعد امن اور بھائی چارے کی فضا قائم ہوئی اپنی وزارت کے دوران انہوں نے بلوچستان کے عوام کی سہولیات کے لیے انقلابی اقدامات کے سڑکیں پانی بجلی اور ٹیلی فون جیسی سہولیات فراہم کیں جس سے لوگ اج بھی مستفید ہو رہے ہیں سردار منظور احمد کاکڑ نے کہا پرنس محی الدین بلوچ کی سیاسی تعلیمات اج کی نسل کے لیے مشعل راہ ہیں

کوئٹہ: سینئر سیاستدان وسابق سینیٹر میر لشکری رئیسانی سے ایرانی قونصل جنرل محمد کریمی توشلی سراوان ہاؤس میں ملاقات کر رہے ہیں

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کے چچا کی فاتحہ خوانی دوسرے روز بھی جاری رہی

فاتحہ خوانی میں سیاسی جماعتوں، قبائلی عمائدین، سوسائٹی کے رہنماؤں نے تعزیت کی

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کے چچا ملک جمال الدین کی فاتحہ خوانی دوسرے روز بھی نواں کلی میں جاری رہی فاتحہ خوانی میں گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل، سپریم کورٹ کے جج جسٹس محمد ہاشم کاکڑ، اراکین اسمبلی مولانا نوراللہ، سردار مسعود خان لونی، سیکرٹری ایجوکیشن لعل جان جعفر، مرکزی انجمن تاجران کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، جنرل سیکرٹری میر یاسین مینگل، ملک مجید کاکڑ، سینئر صحافی ظاہر خان ناصر، اور دیگر سیاسی جماعتوں، قبائلی عمائدین، سوسائٹی کے رہنماؤں نے آکر اظہار تعزیت کی اور دعا کی گئی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ دیکر لواحقین کو صبر جمیل عطاء کریں واضح رہے کہ فاتحہ خوانی آج بروز اتوار 16 مارچ کو جاری رہے گی۔

پی جی ایم آئی کو الحاق دلانے کیلئے حکام کا اجلاس

کسی تسلیم شدہ میڈیکل یونیورسٹی کیساتھ الحاق دینے کے مختلف پہلوؤں پر غور

بلوچستان میں پوسٹ گریجویٹ میڈیکل تعلیم کے فروغ کیلئے سفارشات مرتب

کوئٹہ (خ ن) پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹیٹیوٹ (PGMI) کو کسی تسلیم شدہ میڈیکل یونیورسٹی کے ساتھ ڈگری ایوارڈنگ کے لیے الحاق دینے کے حوالے سے افیلی ایشن کمیٹی کا اجلاس بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز، کوئٹہ میں منعقد ہوا۔ یہ اجلاس 12 مارچ 2026 بروز جمعرات صبح 11:30 بجے بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز، کوئٹہ میں منعقد کیا گیا۔ اجلاس میں اہم شخصیات نے شرکت کی جن میں پروفیسر ڈاکٹر شبیر احمد لہڑی (وائس چانسلر، بولان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز)، پروفیسر ڈاکٹر راز محمد (پرنسپل، بولان میڈیکل کالج)، پروفیسر ڈاکٹر امجد بلوچ (ہیڈ آف اینستھیزیا، بی ایم سی ہسپتال)، پروفیسر ڈاکٹر شیریں خان (ایگزیکٹو ڈائریکٹر، فاطمہ جناح چیسٹ ڈیزیز انسٹیٹیوٹ)، ڈاکٹر محمد ادریس (ڈپٹی ڈین PGMI) اور ڈاکٹر بلال شمس (رجسٹرار PGMI / سیکرٹری کمیٹی) شامل تھے۔ اجلاس کے دوران PGMI کو ڈگری ایوارڈنگ کے لیے کسی تسلیم شدہ میڈیکل یونیورسٹی کے ساتھ الحاق دینے کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ کمیٹی نے متعلقہ قواعد وضوابط، تعلیمی ڈھانچے اور دیگر انتظامی امور کا جائزہ لیا۔ شرکاء نے اس بات پر زور دیا کہ اس الحاق سے بلوچستان میں پوسٹ گریجویٹ میڈیکل تعلیم کو مزید مضبوط بنانے، ڈاکٹروں کی پیشہ ورانہ تربیت کو بہتر بنانے اور طبی تحقیق کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا ہوگا۔ اجلاس کے اختتام پر اس عمل کو آگے بڑھانے اور بلوچستان میں پوسٹ گریجویٹ میڈیکل تعلیم کے فروغ کے لیے اہم سفارشات مرتب کی گئیں۔

پی کے میپ ضلع کوئٹہ تحصیل صدر کمیٹی کا اجلاس آج منعقد ہوگا

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ تحصیل صدر کمیٹی کا اجلاس آج 14 مارچ بروز اتوار دوپہر 2 بجے پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں منعقد ہوگا۔ اجلاس کے تمام اراکین کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ بروقت اجلاس میں شرکت کو یقینی بنائیں۔

وزیراعلیٰ کے پرسنل اسٹاف افسر سید امین کے والد کے انتقال پر سینیٹر دنیش کمار تعزیت کر رہے ہیں

چمن: ٹیچنگ ہسپتال میں ہیلتھ کارڈ سروسز جلد بحال ہوجائینگی

چمن وگردونواح کے عوام کو علاج کے سہولت کی فراہمی مزید بہتر ہو جائیگی

چمن (خ ن) ہیلتھ کارڈ سروسز کی بحالی کے حوالے سے ٹیچنگ ہسپتال چمن میں ایک اہم ڈیپارٹمنٹل اجلاس منعقد کیا گیا، جس میں ہسپتال کے تمام متعلقہ شعبہ جات کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران مختلف شعبوں میں استعمال ہونے والی ادویات اور طبی اشیاء کی کنزمپشن رپورٹ کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور آئندہ ضروریات کا تخمینہ بھی لگایا گیا تاکہ سروسز کو مؤثر انداز میں دوبارہ فعال کیا جا سکے۔ اجلاس میں اس امر پر اتفاق کیا گیا کہ ہیلتھ کارڈ سروسز کی جلد بحالی کے لیے تمام ضروری انتظامی اور عملی اقدامات مکمل کیے جائیں گے تاکہ چمن اور گردونواح کے عوام کو علاج معالجے کی سہولت میسر آسکے۔

جوریہ تنگیال نے 10 سال کی عمر میں 23 روزے رکھے

دوہرا معیار انسانیت کو مجروح کررہا ہے، حافظ حبیب الرحمن

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت طلبا اسلام ضلع کوئٹہ کے صدر حافظ حبیب الرحمن جنرل سیکرٹری حافظ عابد اللہ حقانی سیکرٹری اطلاعات حافظ اکرام اللہ ...

ایزہ عالم نے 6 سال کی عمر میں دو روزے رکھے

نیشنل بینک کے پینشنرز کی توہین کا نوٹس لیا جائے

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل بینک آف پاکستان سینٹرل ریجن لاہور کے ریجنل آپریشن ایگزیکٹو اکبر انصاری فرعون بن گئے۔ نیشنل بینک کے ریٹائرڈ پنشنرز سے بدتمیزی اور توہین آمیز رویے سے پیش آنا ان کا وطیرہ بن گیا۔ ریٹائرڈ پنشنرز جمعہ کے دن اپنے کام سے ریجنل آپریشن ایگزیکٹو اکبر انصاری سے ان کے آفس میں ملنے گئے تو انہوں نے ریٹائرڈ پنشنرز سے توہین آمیز رویہ اختیار کرتے ہوئے نازیبا الفاظ استعمال کیے اور انہیں اپنے آفس سے نکل جانے کا حکم دیا تو اس موقع پر ریجنل ہیڈ شہزاد اقبال بھی موجود تھے جو انتہائی شفیق انسان اور بزرگوں کا احترام کرتے ہیں نے مداخلت کرتے ہوئے اکبر انصاری کو ریٹائرڈ پنشنرز سے بدتمیزی سے روکنے کی کوشش کی لیکن اکبر انصاری نے پنشنرز کو غلیظ گالیاں دینا شروع کردی اور نیشنل بینک کے ریٹائرڈ پنشنرز کو دھکے دیکر اپنے آفس سے نکال دیا۔ نیشنل بینک آف پاکستان لاہور ریجن کے جنرل منیجر دلیر خان سینٹرل ریجن اور ایسٹ ریجن کے ریجنل ہیڈز بہت ہی شفیق، مہربان اور ریٹائرڈز کا احترام کرتے ہیں مگر جب سے اکبر انصاری نیشنل بینک سینٹرل ریجن لاہور کے آپریشن ہیڈ بنے ہیں یہاں کا ماحول دن بدن خراب ہوتا جارہا ہے۔ پنشنرز ایکشن کمیٹی نیشنل بینک آف پاکستان کے سیکرٹری جنرل ظفر صادق اور عشرت بٹ نے ریجنل آپریشن ایگزیکٹو اکبر انصاری کی جانب سے نیشنل بینک کے ریٹائرڈ پنشنرز سے بدتمیزی اور توہین آمیز رویے کی شدید مذمت کی اور وزیراعظم شہباز شریف، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نیشنل بینک آف پاکستان کے صدر رحمت علی حسنی اور مرزا عاصم بیگ سے واقع کا نوٹس لیکر فوری کارروائی کا مطالبہ کیا۔

وزیراعلیٰ نے باہمت معذور خاتون سے گلدستہ وصول کیا

یہ گلدستہ میری والدہ نے محبت اور دعاؤں کیساتھ آپ کیلئے بھیجا ہے، خاتون

کوئٹہ (خ ن) افراد باہمت معذور کی فلاح وبہبود کے لیے منعقدہ اجلاس میں ایک ایسا لمحہ سامنے آیا جس نے شرکاء کے دلوں کو چھو لیا۔ اجلاس کے دوران وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اپنی نشست سے اٹھے اور ایک باہمت معذور خاتون کے پاس جا کر ہاتھ سے تیار کردہ گلدستہ وصول کیا اور اس نیک تمناؤں سے بھرے تحفے پر دل سے شکریہ ادا کیا خاتون نے بتایا کہ یہ گلدستہ ان کی والدہ کی محبت اور دعاؤں کے ساتھ وزیراعلیٰ کے لیے بھیجا گیا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا، "یہ میرے لیے زندگی کا سب سے قیمتی تحفہ ہے کیونکہ اس میں ایک ماں کی دعائیں اور خلوص شامل ہیں۔

کلین اینڈ گرین کوئٹہ انیشیٹو کے تحت شجرکاری مہم جاری

ڈی سی نے یتیم خانہ میں یتیم بچوں کے نام سے یادگاری درخت لگائے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) "کلین اینڈ گرین کوئٹہ انیشیٹو 2026" کے تحت ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی قیادت میں شہر بھر میں شجرکاری مہم جاری ہے دارالفلاح یتیم خانہ میں دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے یتیم بچوں کے نام سے یادگاری درخت لگائے اور ان کے ساتھ افطاری بھی کی، جبکہ روٹری کلب کے نمائندے بھی موجود تھے۔ ضلعی انتظامیہ اور روٹری کلب کے تعاون سے علمدار روڈ، سٹلائٹ ٹاؤن، پشتون آباد سمیت مختلف علاقوں میں اب تک 1500 سے زائد درخت لگائے جا چکے ہیں۔

ایک پیتھالوجسٹ صرف دو نجی طبی تشخیصی لیبارٹریوں کی نگرانی کر سکے گا

تمام متعلقہ ماہرین کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ فوری طور پر اپنی وابستگیوں کا جائزہ لیں

ایس او پیز کا مقصد لیبارٹریوں کے نظام اور طبی خدمات کے اعلیٰ معیار کو یقینی بنانا ہے

کوئٹہ (اے پی پی) بلوچستان ہیلتھ کیئر کمیشن نے صوبے میں طبی لیبارٹریوں کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے نئی ہدایات جاری کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ ایک ماہر امراض لیبارٹری زیادہ سے زیادہ دو نجی طبی لیبارٹریوں کی نگرانی کر سکے گا۔ کمیشن کی جانب سے جاری مراسلے کے مطابق یہ بات سامنے آئی ہے کہ بعض مقامات پر ایک ہی ماہر امراض لیبارٹری کے زیر نگرانی دو سے زائد طبی لیبارٹریاں رجسٹرڈ ہیں جو کمیشن کی مقررہ حد کے خلاف ہے۔ اس لیے تمام متعلقہ ماہرین کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ فوری طور پر اپنی وابستگیوں کا جائزہ لیں اور اگر کسی کے زیر نگرانی دو سے زیادہ لیبارٹریاں ہیں تو اضافی لیبارٹریوں کی رجسٹریشن یا لائسنس منسوخ کرانے کے لیے درخواست جمع کرائیں۔ کمیشن نے ہدایت کی ہے کہ متعلقہ ماہرین اس حوالے سے تین دن کے اندر اپنی درخواستیں جمع کرائیں، بصورت دیگر مقررہ مدت میں عملدرآمد نہ ہونے کی صورت میں کمیشن خود کارروائی کرتے ہوئے مقررہ حد سے زائد لیبارٹریوں کے لائسنس منسوخ کرسکتا ہے۔ مزید وضاحت میں بتایا گیا ہے کہ ہر لیبارٹری کے لیے ماہر امراض لیبارٹری کو اپنی موجودگی اور کام کے اوقات واضح طور پر درج کرنا ہوں گے۔ اگر کسی وقت ماہر امراض لیبارٹری موجود نہ ہو تو لیبارٹری انتظامیہ کو اندرونی معیاری جانچ کے لیے کم از کم دس فیصد ٹیسٹوں کی دوبارہ پڑتال یا تصدیق کرنا لازمی ہوگا۔ کمیشن کے مطابق ان تمام اقدامات کا مقصد صوبے میں طبی لیبارٹریوں کے نظام کو بہتر بنانا، معیاری طبی خدمات کو یقینی بنانا اور عوام کو محفوظ اور قابل اعتماد تشخیصی سہولیات فراہم کرنا ہے۔

پارٹی میں کارکن ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، جہانگیر شاہ

ان ورکرز کی محنت کی بدولت پارٹی صوبے میں اقتدار میں آئی، رہنما پی ایم ایل (ن)

ورکرز کے کام نہ کرنے والے وزراء سے فوری طور پر قلمدان واپس لئے جائیں، بیان

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما، سید جہانگیر شاہ نے کہا ہے کہ پارٹی میں کارکن ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں جن کی محنت کی بدولت پارٹی صوبے میں اقتدار میں آئی پارٹی ورکروں کے کام نہ کرنے والے وزراء سے فوری طور پر قلمدان واپس لئے جائیں، صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی، پارلیمانی سیکرٹری نوابزادہ زرین مگسی، رکن صوبائی اسمبلی میر زرک مندوخیل ... صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی، پارلیمانی سیکرٹری نوابزادہ زرین مگسی کی کارکردگی بھی مثالی ہے اور انکے دفاتر کے دروازے بھی عوام اور مسلم لیگ (ن) کے کارکنوں کے کھلے ہیں اور وہ کارکنوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرتے ہیں۔ انہوں نے مسلم لیگ (ن) کے صوبائی صدر و گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان سے اپیل کی کہ وہ صوبائی وزیر تعلیم کی جانب سے کارکنوں کو اہمیت نہ دینے اور انکے جائز ...

غزالہ گولہ کو پارٹی میں مرکزی عہدہ دیا جائے، حیات اللہ خان کاکڑ

بلوچستان اسمبلی کی ڈپٹی اسپیکر پارٹی کی ایک سینئر ترین اور متحرک رہنما ہیں، امین الدین کاکڑ

غزالہ گولہ کارکنوں سے مسلسل رابطے میں رہتی ہیں اور ان کی بہترین رہنمائی کرتی ہیں

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی کونسل کے رکن حیات اللہ خان کاکڑ اور پیپلز یوتھ آرگنائزیشن بلوچستان کے صوبائی صدر امین الدین خان کاکڑ نے ایک مشترکہ پریس ریلیز جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان اسمبلی کی ڈپٹی اسپیکر غزالہ گولہ پاکستان پیپلز پارٹی کی ایک انتہائی سینئر اور متحرک رہنما ہیں۔ انہوں نے کہا کہ محترمہ غزالہ گولہ صاحبہ نے ہمیشہ پارٹی کے کارکنوں کے ساتھ قریبی رابطہ رکھا ہے اور بلوچستان میں پارٹی کو مضبوط بنانے کے لیے اہم کردار ادا کیا ہے۔ ان کی خدمات اور سنیارٹی کو مدنظر رکھتے ہوئے پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری صاحب سے مطالبہ کیا جاتا ہے کہ انہیں پارٹی میں کوئی مرکزی عہدہ دیا جائے۔ حیات اللہ خان کاکڑ اور امین الدین خان کاکڑ نے مزید کہا کہ غزالہ گولہ کارکنوں کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہتی ہیں اور پارٹی کارکنوں کی بہترین رہنمائی کرتی ہیں۔ ان کی قیادت میں پارٹی کارکن مزید منظم ہوکر پارٹی کے لیے بہتر انداز میں کام کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر انہیں مرکزی عہدہ دیا جائے تو اس سے بلوچستان کے کارکنوں کو مزید حوصلہ ملے گا۔

عوام کی قوت خرید جواب دے چکی ہے، اے کیو ایم

حکومتی نااہلی و ناقص پالیسیوں سے مہنگائی کا طوفان برپا ہوگیا ہے

عوام مزید خود ساختہ مہنگائی کے متحمل نہیں ہو سکتے، تدارک کیا جائے

کوئٹہ (پ ر) عوام کی قوت خرید جواب دے چکی ہے گرانفروشی عروج کو پہنچ گئی ہے پرائس کنٹرول کمیٹیوں کی عدم موجودگی سے مظلوم اور غریب عوام رل گئے ہیں انتظامیہ کی ناقص پالیسیوں سے مہنگائی کا طوفان برپا ہوگیا ہے۔ افغان قومی موومنٹ کے بیان میں کہا گیا ہے کہ حالیہ مہنگائی عوام پر نااہل حکومت کی طرف سے مسلط کی گئی ہے جسکی وجہ سے عوام کی قوت خرید جواب دے چکی ہے اور عوام مزید خود ساختہ مہنگائی کا متحمل نہیں حکومتی ملک کے کسی بھی کونے میں چیک اور بیلنس کا نام ونشان نہیں ہے اس لئے گرانفروشی عروج کو پہنچ گئی ہے بازاروں اور مارکیٹوں میں قصائیوں کی من مانی اور دیگر اشیاں خوردونوشی کی خود ساختہ قیمتوں میں خود ساختہ اضافہ سے پتہ چلتا ہے کہ ملک صرف معاشی نہیں بلکہ انتظامی طور پر بھی دیوالیہ پن کا شکار ہے۔ پرائس کنٹرول کمیٹیوں کی عدم موجودگی سے مظلوم اور غریب عوام رل گئی ہے حکمرانوں کی ناقص پالیسیوں اور کرپٹ وزراء ... وزارتیں سوچنے سے مہنگائی کا طوفان برپا ہوگیا ہے مہنگائی کے طوفان سے غریب عوام خودکشی پر مجبور ہو گیا ہے وہ دووقت کی روٹی کا حصول ناممکن بن گیا ہے حکومت کیلئے ٹیکس لگانا آسان کام ہے ...

کوئٹہ، صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی کی جانب سے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر کے اعزاز میں افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا، صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم کھوسہ بھی مدعو موجود ہیں۔

پیپلز پارٹی کے رہنما ارباب اسد علی کاسی، ارباب صدر علی کاسی و دیگر ارباب ہاؤس میں مستحقین میں راشن تقسیم کر رہے ہیں

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

راولپنڈی، گیس لیکج دھماکہ، 24 سالہ خاتون جاں بحق، 4 افراد زخمی، 4 گھر تباہ

نہال ہاشمی کو گورنر سندھ بنانا خوش آئند اقدام ہے، مسلم لیگ ن

موصوف کا گورنر تعینات ہونا وقت کی ضرورت تھی، پارٹی پالیسی پر عمل، ورکرز کو پارٹی سے جوڑنے کی جدوجہد قابل تحسین ہے

امید ہے نئے گورنر سندھ عوامی مسائل حل کرنے پر توجہ دیں گے، اقلیتی رہنما شاہ انتظار کا بیان، قیادت کو خراج تحسین پیش

کوئٹہ (پ ر) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کی صوبائی اقلیتی رہنما شاہ انتظار نے نہال ہاشمی کو گورنر سندھ بننے پر دل کی گہرائیوں سے مبارک باد پیش کرتے ہوئے کہا کہ نہال ہاشمی پارٹی کے سینئر رہنما ہیں انہوں نے ہمیشہ پارٹی پالیسی کو پروان چڑھانے کیلئے اپنا موثر کردار ادا کیا ہے گورنر سندھ کے عہدہ پر رہ کر عوام کی بہتر خدمت کیلئے اپنا موثر کردار ادا کریں گے ان کا گورنر تعینات ہونا وقت اور حالات کے عین مطابق ہے جس سے پارٹی رہنماؤں، کارکنوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سربراہ محمد نواز شریف کی قائدانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہیں کہ انہوں نے اہم اقدام اٹھا کر نہال ہاشمی جیسے زیرک سیاستدان کو گورنر سندھ تعینات کرکے اہلیان سندھ کا دل جیت لیا ہے امید ہے کہ نہال ہاشمی سندھ کی تعمیر و ترقی، عوام کی خوشحالی اور پارٹی کارکنوں اور رہنماؤں کے مسائل کے حل میں اپنا کلیدی کردار ادا کریں گے۔

پی ایم ڈی سی منافع بخش قومی ادارہ ہے، محمد نعیم

ادارے کو نجکاری کی فہرست میں شامل کرنا سازش ہے

کوئٹہ (آن لائن) ایمپلائز اینڈ سٹاف یونین کالریز شارگ ضلع ہرنائی کے صدر محمد نعیم، جنرل سیکرٹری نور شاہ، خزانچی عمران مسیح اور جوائنٹ سیکرٹری حاجی محمد یونس ترین نے کہا ہے کہ پاکستان منرل ڈویلپمنٹ کارپوریشن (پی ایم ڈی سی) ایک منافع بخش اور اسٹریٹجک قومی ادارہ ہے جو ہر سال حکومت پاکستان کو اربوں روپے ٹیکس اور آمدن کی صورت میں فراہم کرتا ہے یہ ادارہ براہ راست قومی خزانے کو فائدہ پہنچا رہا ہے، ایسے منافع بخش ادارے کو نجکاری کی فہرست میں شامل کرنا ملک وقوم کے خلاف ایک سازش ہے لہٰذا وفاقی حکومت پاکستان منرل ڈویلپمنٹ کارپوریشن کا نام نجکاری لسٹ سے فوری ختم کرنے کا اعلان کرے۔ گزشتہ روز میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے محمد نعیم، نور شاہ، عمران مسیح اور حاجی محمد یونس ترین نے کہا ہے کہ ہزاروں ملازمین کا روزگار پاکستان منرل ڈویلپمنٹ کارپوریشن (پی ایم ڈی سی) سے وابستہ ہے نجکاری کی صورت میں نہ صرف ان افراد کا مستقبل خطرے میں پڑ جائے گا بلکہ پاکستان کے قیمتی معدنی وسائل بھی چند نجی ہاتھوں تک محدود ہو جائیں گے، پی ایم ڈی سی منافع کمانے والے اداروں میں شامل ہے سرکاری دستاویز کے مطابق گزشتہ چار سال میں پی ایم ڈی سی کے سالانہ ریونیو میں 53 فی صد اضافہ ہوا 2024-25 میں پی ایم ڈی سی کا ٹوٹل ریونیو 5 ارب 27 کروڑ کی بلند ترین سطح تک پہنچا، کارپوریشن نے پانچ سال میں ڈیویڈنڈ کی مد میں قومی خزانے میں 10 ارب 40 کروڑ روپے جمع کرائے، اس کے جاری منصوبوں سے نہ صرف اربوں ڈالر کا زرمبادلہ حاصل ہوگا بلکہ صوبوں کے پسماندہ علاقوں میں سماجی و اقتصادی فوائد اور پی ایم ڈی سی کے بلوچستان کے پراجیکٹس کوئٹہ، مستونگ، شارگ، ہرنائی، قلعہ سیف اللہ، قلعہ عبداللہ میں واقع ہیں جس میں کام کرنے والے ملازمین مقامی لوگوں پر مشتمل ہے۔

صارفین راست اکاؤنٹ کے ذریعے بجلی کے بل جمع کرواسکتے ہیں: کیسکو

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) اپنے تمام صارفین کو بجلی فراہمی کے سلسلے میں جدید ٹیکنالوجی کے مطابق مزید بہتر سہولیات کو یقینی بنانے کیلئے متعدد اقدامات کر رہی ہے۔ جس کے تحت اب کیسکو کے صارفین گھر بیٹھے اپنے بجلی کے بل کی ادائیگی کسی بھی وقت کر سکتے ہیں۔ اب تمام صارفین اپنے بجلی بل پردرج کیو آر کوڈ سکین کرکے گھر بیٹھے ڈیجیٹل ادائیگی نظام "راست Raast" کے تحت جمع کرواسکیں گے۔ جس سے صارف کے بل کی ادائیگی کا ریکارڈ بھی محفوظ رہتا ہے۔ صارفین راست اکاؤنٹ سے منسلک موبائل بینکنگ ایپ کے ذریعے بجلی بلوں کی ادائیگی فوری اور محفوظ طریقے سے کرسکیں گے

کراچی میں قبرستان بنانے جارہے ہیں جس سے شہریوں کو آسانی ہوگی، مرتضیٰ وہاب

کراچی (آئی این پی) میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے کہا ہے کہ کراچی میں ایک نیا قبرستان بنانے جارہے ہیں جس سے شہریوں کو آسانی ہوگی۔ کے ایم سی آفس میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ شہر کے کمرشل ایریاز کا بہت برا حال تھا، کراچی کے مختلف علاقوں میں بلدیہ عظمیٰ کراچی ترقیاتی کام کررہی ہے، اولڈ سٹی ایریا میں 75 کروڑ روپے کی لاگت سے ترقیاتی کام کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ لی مارکیٹ، کھجور مارکیٹ، میٹھادر اور کھارادر کے علاقوں میں ترقیاتی کام ہونگے، ایک ارب روپے شہر کی مختلف مارکیٹوں پر خرچ کر رہے ہیں۔ مرتضیٰ وہاب کا کہنا تھا کہ اس سال 68 ارب روپے کراچی شہر پر خرچ کرنے جارہے ہیں، شہر کے لیے 1058 اسکیمیں ہیں

لورالائی: اے ڈی سی محمد اسماعیل ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ کر رہے ہیں

بخت محمد کاکڑ کے چچا کی وفات پر اسفندیار کاکڑ، بلال خان کاکڑ و دیگر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

سرکاری کالونیوں میں گیس کی کمی دور کی جائے، رحیم کاکڑ

سحر اور افطار کے اوقات میں گیس و بجلی کی بندش ظلم ہے، بیان

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رہنما اور سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ نے سرکاری کالونیوں جونیئر، سینئر اور پوسٹل کالونی میں گیس پریشر کی صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتہائی دکھ کا مقام ہے کہ ماہ رمضان میں بھی پورا دن گیس غائب رہتی ہے، افطاری اور سحری کے اوقات میں کھانا پکانے میں مشکلات کا سامنا رہتا ہے، انہوں گیس کمپنی حکام سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ خدارا رمضان مبارک کے مہینے میں ہی گیس کی فل پریشر فراہمی کو یقینی بنا کر روزہ داروں کی مشکلات کو کم کرکے ثواب حاصل کریں۔ رحیم کاکڑ نے سی ای ایم گیس کمپنی اور دیگر ذمہ دار حکام سے گزارش کی کہ غریب سرکاری ملازمین کی مشکلات کو نظر انداز نہ کیا جائے، کیونکہ گیس کمپنی کی طرف سے جالیس ہزار سے پچاس ہزار روپے کے ناانصافی بل بھی موصول ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اللہ کے عذاب سے ڈر کر عوام کے ساتھ انصاف کیا جائے۔ انہوں نے واپڈا کی طرف سے کوئٹہ شہر، گردونواح اور سرکاری کالونیوں میں بجلی کی غیر یقینی لوڈشیڈنگ پر بھی شدید تحفظات کا اظہار کیا اور کہا کہ واپڈا چیف فوری طور پر لوڈشیڈنگ ختم کرنے کے اقدامات کریں۔ رحیم کاکڑ نے کہا کہ تحریک انصاف ہمیشہ عوام کے ساتھ کھڑی جماعت ہے اور شہریوں کی مشکلات دور کرنے کے لیے ہر ممکن کوشش کرے گی۔

قلعہ عبداللہ، چمن روٹ پر ٹرانسپورٹرز کی من مانیاں

ٹوڈی والے قلعہ عبداللہ تک 700 چمن تک 1300 وصول کر رہے ہیں

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) ضلعی انتظامیہ کی خاموشی، ٹرانسپورٹرز مافیا کے مزے ہی مزے، فی سواری ٹوڈی کار سروس کوئٹہ سے قلعہ عبداللہ تک 700 روپے چمن تک 1300 روپے کم وبیش عوام کو دونوں ہاتھوں سے لائن ڈرائیور لوٹ رہے ہیں جس پر انتظامیہ صرف خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے، کوئٹہ کے عوام نے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ اور کمشنر کوئٹہ سے فوری طور پر ٹرانسپورٹروں کو نئی نرخنامے کا پابند کرتے مطالبہ کرتے ہوئے بتایا ہے کہ پاکستانی پیٹرول کی قیمت کے مطابق ٹوڈی کار سروس کو فوری بحال کیا جائے اور خلاف ورزی کرنے پر انہیں انتظامی رٹ میں لاتے ہوئے جیل بھیجا جائے، بصورت دیگر کوئٹہ سمیت دیگر علاقوں کے عوام احتجاج کرنے پر مجبور ہونگے۔

پشین کو ڈویژن بنانے کا فیصلہ باعث تحسین ہے، یاسین کاکڑ

اسفندیار کاکڑ نے ستر برسوں کا دیرینہ مطالبہ منظور کروادیا، قبائلی رہنما

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) قبائلی و سیاسی رہنما ملک یاسین کاکڑ نے کہا ہے کہ پشین کو ڈویژن اور کاریزات کو ضلع بنانے کا تاریخی فیصلہ لائق تحسین ہے۔ صوبائی وزیر اسفندیار خان کاکڑ نے بالآخر وہ عملی قدم اٹھایا جو گزشتہ ستر برسوں سے عوام کا ایک دیرینہ خواب تھا۔ یہ فیصلہ نہ صرف عوامی خواہشات کی ترجمانی ہے بلکہ خطے کی ترقی، بہتر نظم ونسق اور عوام کو ان کی دہلیز پر سہولیات فراہم کرنے کی جانب ایک اہم سنگ میل بھی ہے۔ پشین کو ڈویژن کا درجہ ملنے سے انتظامی امور میں بہتری آئے گی، جبکہ کاریزات کو ضلع بنانے سے مقامی آبادی کو تعلیم، صحت، روزگار اور دیگر بنیادی سہولیات تک براہ راست رسائی حاصل ہوگی۔ یہ اقدام عوام کے مسائل کے حل، ترقیاتی منصوبوں میں تیزی اور مقامی نمائندگی کے فروغ کا باعث بنے گا۔ اس تاریخی کارنامے پر صوبائی وزیر اسفندیار خان کاکڑ خراج تحسین کے مستحق ہیں جنہوں نے سیاسی مصلحتوں سے بالاتر ہو کر عوامی مفاد کو ترجیح دی اور دہائیوں پرانے مطالبے کو عملی جامہ پہنایا۔ یہ فیصلہ آنے والی نسلوں کے لیے ترقی، خوشحالی اور بہتر مستقبل کی ضمانت ثابت ہوگا

سابق شوہر نے مبینہ طور پر خاتون کو پیٹرول چھڑک کر آگ لگادی

26 سالہ خاتون جان کی بازی ہارگئی، ڈی پی او خوشاب سے رپورٹ طلب

لاہور (آئی این پی) خوشاب میں سابق شوہر نے مبینہ طور پر خاتون کو پیٹرول چھڑک کر آگ لگادی، 26 سالہ خاتون جاں بحق ہوگئی۔ پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے دونوں ملزمان بابر عباس اور طاہر عباس کو حراست میں لے لیا، حنا پرویز بٹ نے کہا کہ دونوں ملزمان سے تفتیش جاری ہے، اصل حقائق مکمل تحقیقات کے بعد سامنے آئیں گے۔ حنا پرویز بٹ نے کہا کہ متوفیہ چمن بتول کے بھائی کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کرنے کے لیے پی ایف ایس اے ٹیم بھی طلب کر لی گئی، خواتین کے خلاف اس نوعیت کے سنگین جرائم کسی صورت برداشت نہیں کیے جا سکتے۔ حنا پرویز بٹ نے کہا کہ شفاف تفتیش کے ذریعے ذمہ دار عناصر کو قرار واقعی سزا دلائی جائے گی، متاثرہ خاندان کو قانونی اور ہر ممکن معاونت فراہم کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے تحت خواتین کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، خواتین کے لیے محفوظ پنجاب ہمارا عزم ہے۔

پنجاب میں معاشی ترقی کے لئے 1 کھرب 22 ارب روپے کا منصوبہ تیار

صنعت، زراعت، انفرا سٹرکچر، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی جیسے شعبوں میں ترقی کو یقینی بنایا گیا ہے

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے صوبے کی معاشی ترقی اور بحالی کے لیے 1 کھرب 22 ارب روپے کے جامع منصوبے کی تیاری کر لی۔ ذرائع کے مطابق اقتصادی ماہرین اور محکمہ خزانہ کے حکام نے اس منصوبے کی رپورٹ حکومت کو پیش کر دی ہے، جس میں صوبے کے گروتھ ماڈل میں بڑی ساختی تبدیلیوں کی تجویز شامل ہے۔ منصوبے کے مطابق صنعتی شعبے کو فروغ دینے کے لیے صنعتی سپر کلسٹرز کے قیام پر 20 ارب روپے، جنوبی پنجاب کے صنعتی ترقیاتی منصوبوں پر 25 ارب روپے کی سرمایہ کاری تجویز کی گئی ہے جبکہ موجودہ صنعتی کلسٹرز کو برآمدی بنیادوں پر اپ گریڈ کرنے کا منصوبہ بھی شامل ہے۔ ذرائع کے مطابق منصوبے میں زرعی پیداوار بڑھانے، یہاں تک کہ سمارٹ فارمنگ کے فروغ کے لیے بھی 25 ارب روپے مختص کرنے کی تجویز ہے۔ انسانی وسائل اور اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرامز کے لیے 10 ارب روپے جبکہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ماڈلز کے فروغ پر بھی 10 ارب روپے کی سرمایہ کاری کی گئی ہے۔ ڈیجیٹل انفرا اسٹرکچر کے تحت پنجاب میں ڈیٹا سینٹرز اور آئی ٹی کی سہولیات کے قیام کے لیے 30 ارب روپے کی تجویز پیش کی گئی ہے۔ بجلی اور پاور سیکٹر میں اصلاحات کے لیے بھی 30 ارب روپے کی سرمایہ کاری تجویز کی گئی ہے۔ ایگری پروسیسنگ صنعت کے قیام کے لیے 20 ارب روپے، پنجاب انفرا سٹرکچر اینڈ گارنٹی فنڈ کے لیے 300 ارب روپے اور طویل المدتی سرمایہ کاری و اینٹیل سیونگ کے لیے 700 ارب روپے کی تجویز شامل ہے

اسلام آباد: خاتون عید کیلئے چوڑیوں کی خریداری میں مصروف ہے

آبائی علاقوں کو جانے والی ٹرینوں کی 90 فیصد سے زائد سیٹیں بک

مسافروں کی بڑی تعداد نے آن لائن ٹکٹ خرید لیے، 5 سپیشل ٹرینیں چلیں گی

لاہور (این این آئی) لاہور میں بسے پردیسیوں کی اپنے آبائی علاقوں کی جانب عیدالفطر منانے کے لیے واپسی کی تیاریاں شروع کر دی ہیں، عید کے موقع پر پیاروں کے ساتھ وقت گزارنے کے لیے ٹرینوں میں بکنگ کا سلسلہ جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق کراچی، کوئٹہ اور دیگر شہروں سے آنے اور جانے والی ٹرینوں کی 90 فیصد سے زائد سیٹیں پہلے ہی بک ہو چکی ہیں۔ زیادہ تر مسافروں نے آن لائن ٹکٹوں کی بکنگ کروالی ہے، جس سے ٹرینوں میں سفر کے لیے سہولت فراہم ہوئی ہے۔ ذرائع کے مطابق 17 سے 24 مارچ تک ٹرینوں کی تمام کلاسز پر 90 فیصد سے زائد سیٹیں بک ہو چکی ہیں۔ تاہم کو چڑ کی کمی کے باعث عید پر اضافی سپیشل ٹرینیں چلانے کا حتمی فیصلہ ابھی تک نہیں کیا گیا۔ اس کے باوجود رش کے پیش نظر عید کے موقع پر 5 سپیشل ٹرینیں چلانے کی سمری متعلقہ حکام کو بھیج دی گئی ہے تاکہ ضروری اقدامات بروقت کیے جا سکیں۔ ریلوے حکام کا کہنا ہے کہ عید کے دنوں میں مسافروں کے لیے اضافی انتظامات کیے جائیں گے اور ٹکٹوں کی دستیابی اور سروس کے معیار کو برقرار رکھنے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

سرکاری سکولوں میں نان سیلری بجٹ کی غیر منصفانہ تقسیم کا انکشاف

کچھ سکول لاکھوں روپے حاصل کر رہے، دیگر بنیادی ضروریات سے بھی محروم ہیں

لاہور (این این آئی) لاہور کے مختلف سرکاری سکولوں میں نان سیلری بجٹ کی تقسیم کے حوالے سے شدید عدم توازن سامنے آیا ہے۔ نجی ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق گورنمنٹ گرلز ہائی سکول گجر کالونی جوڑے پل کو 5 لاکھ 86 ہزار روپے، گورنمنٹ مڈل سکول گوہاوا کالونی کو 4 لاکھ 65 ہزار روپے، گورنمنٹ گرلز ہائی سکول کاہنہ نو کو 3 لاکھ 45 ہزار روپے جبکہ گورنمنٹ گرلز ہائی سکول رینجرز کالونی کو 2 لاکھ 98 ہزار روپے کے فنڈز جاری کیے گئے۔ تاہم فاروقیہ ہائی سکول کو صرف 41 ہزار روپے اور پرائمری سکول جیون ہانہ کو 40 ہزار روپے دیے گئے جبکہ گورنمنٹ بوائز ہائی سکول جیون ہانہ کو صرف 63 ہزار روپے کی منظوری ملی۔ سکول سربراہان کا کہنا ہے کہ ہر دوسرے ماہ بجلی کے بل قرض لے کر ادا کیے جاتے ہیں اور فنڈز کی غیر منصفانہ تقسیم کی وجہ سے سکولوں میں بنیادی سہولیات بھی فراہم نہیں کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ سکولوں کی اصل ضروریات کو جانے بغیر بی ایم آئی یو فنڈز تقسیم کیے جا رہے ہیں، جس کی وجہ سے لاہور کے سکولوں میں فرنیچر کی کمی اور رنگ و روغن کے کام بھی نہیں ہو سکے۔ بچوں کی ضروریات اور سکولوں کی حقیقی حالت کے مطابق فنڈز نہ ملنے کی وجہ سے تعلیمی ماحول متاثر ہو رہا ہے۔ واضح رہے کہ چند ماہ قبل بھی سرکاری سکولوں کا نان سیلری بجٹ سے محروم رہ جانے کا انکشاف ہوا تھا جس کے باعث سرکاری سکول شدید مالی بحران کا شکار تھے۔ ذرائع کے مطابق نان سیلری بجٹ کی عدم فراہمی سے سکول سربراہان کو تعلیمی اداروں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا۔ سکول سربراہان کا کہنا تھا کہ بجلی کے بلز اور دیگر واجبات کی ادائیگی نہ ہونے کے باعث انہیں مالی دباؤ کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جبکہ اسکولوں کے اکاؤنس میں فنڈز منتقل کیے جا رہے ہیں

پاکستانی باصلاحیت طالبہ نے اپنی کار کو سولر انرجی پر منتقل کر لیا

خواتین اپنی صلاحیتوں کو استعمال میں لاتے ہوئے بڑے سے بڑا مسئلہ حل کرسکتی ہیں، صرف خود اعتمادی کی ضرورت ہے

گاڑی پیٹرول سے سٹارٹ کرنے کے بعد، خود بخود سولر انرجی پر منتقل ہو جاتی ہے، طالبہ نورین کی میڈیا سے خصوصی بات چیت

شاہراہوں کی بندش سے عوام کو مشکلات درپیش ہیں، پشتونخوا میپ

متاثرہ علاقوں میں اشیاء خورد و نوش اور ادویات کی قلت پیدا ہو گئی ہے، بیان

... برشور، کان مہترزئی، قلعہ سیف اللہ اور دیگر علاقوں میں برفباری، مین قومی شاہراہوں اور بالخصوص توبہ اچکزئی، توبہ کاکڑی کے علاقوں میں متصل دیہاتوں کے راستے بند ہونے سے نہ صرف عوام محصور ہو چکے ہیں بلکہ وہاں اشیاء خوراک وضروریات اور ادویات کی قلت بھی پیدا ہوتی جارہی ہے۔ ان علاقوں میں گیس پہلے سے میسر نہیں اور بجلی کی بندش کے اقدامات قابل افسوس ہے۔ ایندھن کے دیگر ذرائع کی فراہمی کے لیے اقدامات اٹھائے جائے تاکہ متاثرہ عوام کے مشکلات کا ازالہ ممکن ہو۔ بیان میں سیر و تفریح کرنے والے نوجوانوں اور عوام سے بھی اپیل کی گئی ہے کہ سردی کی شدت اور راستوں کی بندش جیسے مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے غیر ضروری سفر سے گریز کرے۔

... کولی کو گرفتار کرکے ملزم کے قبضے سے قتل میں استعمال ہونے والی کلہاڑی بھی برآمد کر لی۔ ابتدائی تفتیش کے مطابق مقتول اور ملزم کے درمیان چند روز قبل جھگڑا ہوا تھا، جس پر ملزم نے مقتول کو دھمکی دی تھی کہ اگر وہ اس کے گھر کے سامنے سے گزرا تو اسے جان سے مار دے گا۔ دوروز قبل مقتول کے گھر کے سامنے سے گزرنے پر ملزم نے طیش میں آکر کلہاڑی کے وار کر کے اسے قتل کر دیا۔ واقعہ کا مقدمہ مقتول کے والد وشرام کولی کی مدعیت میں مقدمہ نمبر 17/2026 زیر دفعہ 302 تعزیرات پاکستان تعلقہ تھانے پر درج کرلیا گیا ہے، جبکہ ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے۔

فیڈرل لیویز ملازمین کے مطالبات تسلیم کئے جائیں، اے این پی

ریٹائرڈ ملازمین کی ملک وقوم کیلئے خدمات ناقابل فراموش ہیں، بیان

کوئٹہ (پ ر) عوامی نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کے جاری کردہ بیان میں فیڈرل لیویز ریٹائرڈ ملازمین کے تمام مطالبات کی بھرپور حمایت کرتی ہے عوامی نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کے صدر رشاء اللہ کاکڑ، صوبائی ترجمان ولی داد میانی کے سربراہی میں وفد نے فیڈرل لیویز ریٹائرڈ ملازمین کے احتجاجی کیمپ کا دورہ کر کے عوامی نیشنل پارٹی کے جانب سے ہر قسم سیاسی حمایت وتعاون کی یقین دہانی کرائی۔ پچھلے سال سفید ریش ریٹائرڈ ملازمین کے احتجاجی کیمپ میں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے مطالبات تسلیم کرنے کا وعدہ کرکے احتجاج ختم کرایا تھا لیکن ایک سال بعد بزرگ سفید ریش ملازمین جن کی ملک وقوم کیلئے ناقابل فراموش خدمات ہیں شدید سردی میں پریس کلب کوئٹہ کے سامنے بھوک ہڑتال کیمپ میں احتجاج پر بیٹھے ہوئے ہیں صوبائی حکومت کی بے حسی کی انتہا کہ وزیر مشیر نے بھوک ہڑتال کیمپ کا دورہ تک گوارہ نہیں کیا عوامی نیشنل پارٹی حکومت بلوچستان خصوصاً وزیر اعلیٰ بلوچستان سے پرزور مطالبہ کرتی ہے کہ صوبائی کابینہ، اسمبلی کے کمیٹی کے منظور شدہ سفارشات اور اپنی زبان و وعدہ کا لاج رکھتے ہوئے سفید ریش ریٹائرڈ ملازمین کو جلد از جلد گولڈن شیک جاری کیا جائے۔ وفد میں پارٹی رہنما ظاہر شاہ لالا، جنرل سیکرٹری حمزہ کاکڑ، آفس سیکرٹری ملک عبدالستار خلجی، نواز جلال زئی، جمیل پشتون اور حمزہ کاکڑ مرید شریک تھے

لاہور، موٹر سائیکل چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث گینگ گرفتار

لاہور (آئی این پی) لاہور میں ملت پارک پولیس نے موٹر سائیکل چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث گینگ کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق سابقہ ریکارڈ یافتہ ملزمان علی حیدر اور علی خالد کو خفیہ اطلاع پر ملت چوک قبرستان سے گرفتار کیا گیا۔ دونوں ملزمان بالترتیب 42 اور 26 مقدمات میں ملوث ہیں۔ ابتدائی تفتیش میں ملزمان نے لاہور کے مختلف علاقوں میں وارداتیں کرنے کا اعتراف کیا۔ ملزمان کو سی سی ٹی وی فوٹیج میں موٹر سائیکل چوری کرتے ہوئے بھی دیکھا جا سکتا ہے۔ گرفتار ملزمان سے 2 پستول بمع گولیاں، 5 قیمتی موبائل فونز اور ہزاروں روپے نقدی برآمد ہوئی۔ علاوہ ازیں غالب مارکیٹ کو مطلوب ہنڈا 125 بھی پولیس نے قبضے میں لے لیا۔ ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش کے لیے انہیں انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کر دیا گیا۔

کوئٹہ: لیاقت بازار کو ٹریفک پلان کے تحت رکاوٹیں کھڑی کر کے ٹریفک کیلئے بند کر دیا گیا ہے

ب فارم کا اجراء، نادرا نے صارفین کیلئے نئی سہولت متعارف کرا دی

ب فارم کی درخواست قریبی ای سہولت مراکز سے بھی جمع کرائی جاسکے گی، مقصد رجسٹریشن کو مزید آسان بنانا ہے

والدین کو بڑے نادرا دفاتر کے آئے روز چکر نہیں لگانے نہیں پڑیں گے، یوسی کا پیدائشی سرٹیفکیٹ لازمی قرار دیا گیا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) نادرا نے 10 سال تک کے بچوں کے لیے ب فارم کے اجراء کے عمل کو مزید آسان بنانے کے لیے نئی سہولت متعارف کرادی ہے۔ اس نئی سہولت کے تحت اب والدین اپنے بچوں کے ب فارم کے حصول کے لیے قریبی ای سہولت مراکز سے بھی درخواست جمع کرا سکیں گے۔ نادرا حکام کے مطابق اس اقدام کا مقصد شہریوں کو زیادہ سے زیادہ سہولت فراہم کرنا اور رجسٹریشن کے عمل کو آسان بنانا ہے۔ پہلے والدین کو ب فارم کے اجراء کے لیے نادرا کے بڑے مراکز یا دفاتر کا رخ کرنا پڑتا تھا، تاہم نئی سہولت کے بعد اب وہ اپنے علاقے کے قریبی ای سہولت مراکز سے ہی درخواست جمع کرا سکتے ہیں۔ حکام نے بتایا کہ ب فارم کے اجراء کے لیے والدین کو بچے کا یونین کونسل کی جانب سے جاری کردہ پیدائشی سرٹیفکیٹ لازمی طور پر ساتھ لانا ہوگا، کیونکہ یہی دستاویز درخواست جمع کراتے وقت بنیادی شرط کے طور پر درکار ہوگی۔ نادرا کے مطابق اس اقدام سے رجسٹریشن کے عمل کو مزید موثر اور قابل رسائی بنایا جائے گا، جس سے شہریوں کا وقت بھی بچے گا اور انہیں طویل قطاروں یا دور دراز دفاتر کے چکر بھی نہیں لگانے پڑیں گے۔ ادارے کا کہنا ہے کہ نئی سہولت کے بعد والدین اپنے بچوں کی رجسٹریشن اور ب فارم کے اجراء کا مرحلہ اپنے گھر کے قریب ہی مکمل کرسکیں گے، جس سے عوام کو خاطر خواہ سہولت ملے گی اور بچوں کی بروقت رجسٹریشن میں بھی اضافہ متوقع ہے۔

رحیم یار خان، قومی شاہراہ پر پٹھہ رکشہ آئل ٹینکر سے ٹکرا گیا

رحیم یار خان (آن لائن) قومی شاہراہ پر پٹھہ رکشہ آئل ٹینکر سے ٹکرا گیا، موٹر سائیکلوں میں تصادم، سڑک کراس کرنیوالے کمسن بچے کو نامعلوم گاڑی نے کچل ڈالا، بچے سمیت تین جاں بحق۔ تفصیل کے مطابق گزشتہ روز پہلا حادثہ قومی شاہراہ پر پیش آیا جہاں منظور کالونی کا رہائشی 27 سالہ محمد شہزاد اپنے پٹھہ رکشہ پر انتہائی تیز رفتاری سے جا رہا تھا کہ اوورٹیک کرنے کے دوران آئل ٹینکر نمبری TMK-637 سے ٹکرا گیا جس کے نتیجہ میں پٹھہ رکشہ ڈرائیور محمد شہزاد زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے موقع پر ہی دم توڑ گیا جبکہ آئل ٹینکر ڈرائیور آئل ٹینکر موقع پر چھوڑ کر فرار ہو گیا۔ دوسرا حادثہ لیاقت پور کے رہائشی 58 سالہ محمد الیاس کے ساتھ پیش آیا جسے موٹر سائیکلوں کے تصادم میں شدید زخمی ہو جانے پر طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل کیا جہاں محمد الیاس جانبر نہ ہو پایا اور زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا جبکہ تیسرا حادثہ کوٹ مٹھن کے رہائشی 8 سالہ شاہ زمان کے ساتھ پیش آیا جسے سڑک کراس کرنے کے دوران نامعلوم تیز رفتار گاڑی نے کچل ڈالا جسے بھی شدید زخمی حالت میں طبی امداد کیلئے شیخ زید ہسپتال منتقل کیا گیا

گھریلو تنازع پر بیوی کا تشدد، شوہر نے سیف سٹی سے مدد طلب کر لی

پولیس نے فریقین سے تفصیلی معلومات حاصل کر کے گھریلو تنازع خوش اسلوبی سے حل کروا دیا

لاہور (این این آئی) سندر میں ایک شوہر نے بیوی کے مبینہ تشدد پر سیف سٹی پبلک سیفٹی ایپ کے ذریعے شکایت درج کرادی۔ ترجمان کے مطابق تھانہ سندر کی حدود میں رہنے والے ایک شہری نے سیف سٹی پبلک سیفٹی ایپ کے ویڈیو کال فیچر کے ذریعے مدد طلب کی اور بتایا کہ اس کی بیوی کی جانب سے اس پر مبینہ تشدد کیا جا رہا ہے۔ شہری نے ویڈیو کال کے دوران مبینہ تشدد کے شواہد بھی ریکارڈ کروائے اور جان سے مارنے کی دھمکی کے بارے میں آگاہ کیا۔ سیف سٹی آفیسر نے شکایت موصول ہوتے ہی فوری طور پر تھانہ سندر پولیس کو اطلاع دی، جس پر پولیس ٹیم فوری طور پر موقع پر پہنچ گئی۔ پولیس نے دونوں فریقین سے تفصیلی معلومات حاصل کر کے معاملے کی جانچ پڑتال کی۔ ترجمان کے مطابق سیف سٹی آفیسر اور پولیس کی بروقت کارروائی کے باعث گھریلو تنازع خوش اسلوبی سے حل کر لیا گیا۔ سیف سٹی ترجمان کا کہنا ہے کہ سیف سٹی پبلک سیفٹی ایپ شہریوں کو ہنگامی حالات میں فوری معاونت فراہم کرنے میں موثر کردار ادا کر رہی ہے۔ شہری اس ایپ کے ذریعے ویڈیو کال کر کے اپنی شکایت درج کروا سکتے ہیں اور کسی بھی ہنگامی صورتحال میں ویڈیو شواہد براہ راست سیف سٹی کے ساتھ شیئر کر سکتے ہیں۔

میٹرو بس سروس کے کرایوں میں 10 روپے کا اضافہ کر دیا گیا

کرایوں میں اضافے کا اطلاق 26 مارچ سے ہوگا، رپورٹ

لاہور (این این آئی) میٹرو بس سروس کے کرایوں میں 10 روپے کا اضافہ کر دیا گیا۔ لاہور، ملتان، راولپنڈی میٹرو بس سروس کے کرایوں میں 10 روپے اضافہ کر دیا گیا، کرایوں میں اضافے کا اطلاق 26 مارچ سے ہوگا۔ اضافے کے بعد میٹرو بس سروس کا کیش کرایہ 40 روپے وصول کیا جائے گا، ٹی کیش کارڈ کے ذریعے سفر کرنیوالوں کو موجودہ کرائے سے بھی کم 25 روپے ادا کرنا ہوں گے، خیال رہے کہ اضافے سے قبل میٹرو بس کا کرایہ 30 روپے تھا۔

کوہلو: ضلعی انتظامیہ کی جانب سے مستحق خاندانوں میں راشن تقسیم کیا جارہا ہے

نواں کلی میں قلت آب کا مسئلہ سنگین، ٹینکر مافیا کی چاندی

ٹینکر مافیا منہ مانگے دام وصول کر رہے ہیں، واسا انتظامیہ مسائل پر توجہ نہیں دے رہی، احتجاج پر مجبور کیا جارہا ہے

نواں کلی کوتوال اور ارسلاح محلہ کے مکین گزشتہ دس سال سے پانی سے محروم ہیں، ایم ڈی واسا کا فوری نوٹس لیں

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) کوئٹہ کے اہم اور گنجان آبادی نواں کلی عرصہ دراز سے پینے کے صاف پانی سے محروم، عوام محکمہ واسا اقدامات سے محروم، بار بار اخبارات اور سماجی میڈیا پر اپنی آواز بلند کی ہے لیکن واسا انتظامیہ کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگتی، کوتوال کے عوام عنایت اللہ ایڈووکیٹ، خانول خان، اسرار احمد و دیگر نے ناقص انتظامی صورتحال پر بات چیت کرتے ہوئے بتایا ہے کہ گرمیوں کی آمد کیساتھ ہی پانی کی مانگ بڑھ جاتی ہے قریبی علاقوں میں پی ایچ ای کے ٹیوب ویلز تو ہے لیکن ان ٹیوب ویل سے ہمیں پانی میسر نہیں، لیکن کلی خانان کی پانی گزشتہ 10 سالوں سے ہمارے علاقے پر بند کیا ہے وہی پانی صرف کلی خانان تک محدود کر دیا گیا ہے، جس کی وجہ سے یہاں کے عوام پینے کے صاف پانی سے محروم ہوکر ٹینکر مافیا کے رحم و کرم پر ہے، انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان اور دیگر اعلیٰ حکام سے ہمدردانہ اپیل کرتے ہوئے بتایا ہے کہ نواں کلی کوتوال ارسلاح محلہ کے مسائل کا از خود نوٹس لیکر یہاں واسا کے احکامات صادر فرمائے اور موجودہ ایم ڈی واسا کا فوری طور پر نواں کلی کوتوال وزٹ کرنے پر مجبور کیا جائے تاکہ اہلیان علاقہ کے مسائل وہ از خود نوٹ کر کے حل کر سکے۔ بصورت دیگر کوتوال کے عوام سخت احتجاج کرنے پر مجبور ہونگے

بلوچستان کے نئے سرکاری ملازمین کیلئے پینشن کا نیا نظام متعارف

2025 کے بعد بھرتی ہونے والوں کی تنخواہوں سے 10 فیصد کٹوتی ہوگی، پرانے ملازمین متاثر نہیں ہوں گے

حکومت 12 فیصد فنڈ شامل کرے گی، ریٹائرمنٹ پر فنڈ میں جمع ہونیوالی رقم بطور پنشن فراہم کی جائیگی، نوٹی فکیشن

کوئٹہ (ث ن) حکومت بلوچستان نے صوبے بھر کے سرکاری ملازمین کے لیے پنشن کے نئے نظام سے متعلق نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے، جس کے تحت 2025 کے بعد بھرتی ہونے والے صوبائی سرکاری ملازمین پر نئی پالیسی لاگو ہوگی جبکہ پہلے سے ملازمت کرنے والے ملازمین کو اس سے مستثنیٰ قرار دیا گیا ہے۔ جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق نئے بھرتی ہونے والے مستقل سرکاری ملازمین کی تنخواہوں سے ہر ماہ 10 فیصد کٹوتی کی جائے گی جبکہ حکومت بلوچستان کی جانب سے اس میں 12 فیصد حصہ شامل کیا جائے گا۔ اس طرح مجموعی طور پر 22 فیصد رقم ملازمین کے پنشن فنڈ میں جمع ہوگی۔ حکام کے مطابق ملازمین کی ریٹائرمنٹ کے وقت فنڈ میں جمع ہونے والی مجموعی رقم ہی انہیں بطور پنشن فراہم کی جائے گی۔ اس نئے نظام کے تحت پنشن براہ راست حکومت کی جانب سے نہیں بلکہ جمع شدہ فنڈ کی بنیاد پر ادا کی جائے گی۔ اس سے قبل رائج پنشن نظام میں حکومت بلوچستان ریٹائر ہونے والے ملازمین کو تنخواہ کا تقریباً 60 سے 70 فیصد بطور ماہانہ پنشن ادا کرتی تھی، جسے اب نئے بھرتی ہونے والے ملازمین کے لیے تبدیل کر دیا گیا ہے۔ دوسری جانب اساتذہ اتحاد ایکشن کمیٹی بلوچستان نے اس پالیسی پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ نئے نظام میں حکومت کی جانب سے شامل کیا جانے والا 12 فیصد فنڈ سود کی بنیاد پر ہوگا، جس پر مختلف حلقوں کی جانب سے تشویش کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ تنظیم کے مطابق صوبائی اسمبلی میں موجود بعض مذہبی جماعتوں کے اراکین نے بھی اس معاملے پر تاحال کوئی واضح موقف اختیار نہیں کیا۔ اساتذہ اتحاد ایکشن کمیٹی نے مطالبہ کیا ہے کہ پنشن سے متعلق پالیسی پر ملازمین کی مشاورت سے نظر ثانی کی جائے تاکہ سرکاری ملازمین کے حقوق کا بہتر تحفظ یقینی بنایا جاسکے۔

راولپنڈی، ڈھوک مقدم میں بھائی نے فائرنگ کر کے بہن کو قتل کر دیا

راولپنڈی (آن لائن) تھانہ مندرہ کے علاقہ ڈھوک مقدم میں بھائی نے فائرنگ کر کے بہن کو قتل کر دیا پولیس نے واقعہ کا مقدمہ مقتولہ کے والد ملازم حسین کی مدعیت میں درج کرلیا مقدمہ کے متن کے مطابق 4 ماہ قبل بیٹی فرحت شاہین کی شادی محمد عثمان کے ساتھ ہوئی 9 مارچ کو بیٹی کسی وجہ سے گھر سے چلی گئی جس پر اغواء کا مقدمہ بھی درج کرایا تھا تاہم 11 مارچ کو بیٹی بازیاب ہوگئی لیکن خاوند سے ناچاقی کی وجہ سے مقتولہ والدین کے گھر ہی رہائش پذیر تھی ہفتہ کے روز بیٹا ارسلان گھر آیا اور اپنی بہن سے گھر سے چلے جانے پر تلخ کلامی کرتے ہوئے پستول سے مقتولہ کے چہرے اور ٹانگ پر گولیاں ماریں

29 مارچ کو خیبر سے کراچی اور کراچی سے غزہ تک مارچ کا اعلان

مارچ کو "پاکستانی مارچ فار غزہ"، عوام سے بھرپور شرکت کی اپیل

پشاور (آن لائن) پاک فلسطین فورم کے سربراہ، پاکستان رائٹس موومنٹ کے چیئرمین اور سابق سینیٹر مشتاق احمد خان نے 29 مارچ کو خیبر سے کراچی اور کراچی سے غزہ تک پرامن مارچ کے انعقاد کا اعلان کر دیا۔ پشاور پریس کلب میں پاکستان فلسطین فورم کی ٹیم کے ہمراہ ہفتہ کے روز پریس کانفرنس کرتے ہوئے مشتاق احمد خان نے حکومت پاکستان سے مطالبہ کیا کہ وہ غزہ پیس فورم سے فوری علیحدگی اختیار کرے اور امریکہ کی حمایت میں کیے گئے فیصلوں پر نظر ثانی کرے۔ انہوں نے کہا کہ فلسطین بالخصوص غزہ میں انسانی بحران شدت اختیار کر چکا ہے اور اب تک ہزاروں فلسطینی شہید جبکہ لاکھوں افراد زخمی اور معذور ہو چکے ہیں۔ ان کے مطابق جنگ کے باعث انفراسٹرکچر تباہ ہو چکا ہے جبکہ خوراک، پانی اور طبی سہولیات کی شدید قلت پیدا ہو گئی ہے۔ سابق سینیٹر نے الزام عائد کیا کہ اسرائیل نام نہاد جنگ بندی کے باوجود متعدد خلاف ورزیاں کر چکا ہے اور انسانی امداد کی رسائی بھی محدود کر دی گئی ہے، جس کے باعث غزہ میں انسانی صورتحال انتہائی سنگین ہو چکی ہے۔ مشتاق احمد خان نے کہا کہ پاکستان کو فلسطینی عوام کے حق میں واضح موقف اختیار کرنا چاہیے اور مسلم ممالک کو بھی اس مسئلے پر مشترکہ حکمت عملی اپنانا ہوگی۔ انہوں نے ایران کے عوام سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے

لورالائی: اے ڈی سی محمد اسماعیل مینگل اے سی بوری ندیم اکرم کے ہمراہ ٹیچنگ ہسپتال کا دورہ کر رہے ہیں

نوجوان ہی بلوچستان کو پسماندگی سے نکال سکتے ہیں، ڈاکٹر طاہر رشید

نوجوان اپنی صلاحیتوں پر اعتماد کرتے ہوئے آگے بڑھیں تو بلوچستان ترقی کی راہ پر گامزن اور عوام خوشحال ہونگے

خاران، واشک، پنجگور، آواران، کیچ اور گوادر میں آگاہی سیشنز کا آغاز کر دیا ہے، سی ای او بی آر ایس پی کا خطاب

کوئٹہ (آن لائن) بی آر ایس پی کے چیف ایگزیکٹو ڈاکٹر طاہر رشید نے کہا ہے کہ بلوچستان کے نوجوان بے پناہ صلاحیتوں کے حامل ہیں اور اگر وہ اعتماد کے ساتھ آگے بڑھیں تو صوبے کا مستقبل نہایت روشن ہو سکتا ہے۔ یہ بات انہوں نے ہفتہ کو بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام کے زیر اہتمام سردار بہادر خان وومن یونیورسٹی کوئٹہ میں ایک تعارفی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ بلوچستان رورل سپورٹ پروگرام (بی آر ایس پی) نے حکومت بلوچستان کے تعاون سے شروع کیے گئے رائز پروگرام کے تحت خاران، واشک، پنجگور، آواران، کیچ اور گوادر کے اضلاع کے نوجوانوں کے لیے مختلف یونیورسٹیوں میں خصوصی معلوماتی اور آگاہی سیشنز کا آغاز کیا ہے ان سیشنز کا بنیادی مقصد نوجوانوں میں معاشی خودمختاری، سماجی ذمے داری اور قیادت کا جذبہ پروان چڑھانا ہے، تاکہ وہ اپنے مستقبل اور اپنے صوبے کی بہتری کے لیے موثر کردار ادا کرسکیں اسی سلسلے کی ایک اہم کڑی کے طور پر بی آر ایس پی نے سردار بہادر خان وومن یونیورسٹی کوئٹہ میں ایک تعارفی سیشن منعقد کیا جس میں ان اضلاع سے آئی ہوئی طالبات نے بھرپور دلچسپی کے ساتھ شرکت کی۔ بی آر ایس پی ٹیم نے شرکا کو رائز پروگرام کا جامع تعارف پیش کیا، اس کے مقاصد، مختلف اجزا اور اس بات پر روشنی ڈالی کہ یہ پروگرام کس طرح بلوچستان کے نوجوانوں کو معاشی طور پر مضبوط، خود کفیل اور بااختیار بنانے میں مدد فراہم کرے گا۔ سیشن سے بی آر ایس پی کے چیف ایگزیکٹو ڈاکٹر طاہر رشید نے طالبات سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے نوجوان بے پناہ صلاحیتوں کے حامل ہیں، اور اگر وہ اعتماد کے ساتھ آگے بڑھیں تو صوبے کا مستقبل نہایت روشن ہو سکتا ہے۔ انہوں نے نوجوانوں کو رائز پروگرام کے تحت معاشی مواقعوں سے بھرپور فائدہ اٹھانے، اپنے ہنر کو نکھارنے اور اپنے کی ترقی میں فعال کردار ادا کرنے کی تاکید کی۔ آخر میں اس بات کا اعادہ کیا گیا کہ بلوچستان کا مستقبل نوجوانوں کو معاشی طور پر مستحکم کرنے سے ہی مزید مضبوط، روشن اور بااختیار ہوگا جس میں رائز پروگرام اہم امکانات کی طرف ایک طاقتور قدم ہے۔

ہرنائی: ڈی سی ارشد حسین جمالی مستحقین میں رمضان راشن پیکج تقسیم کر رہے ہیں

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو:۔ پرنٹروپبلشر سید ممتاز احمد نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمدؒ

ٹیلی فون نمبر:۔ 2821626-2821538-2829164 فیکس نمبر:۔ 2835934-2830228

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

اتوار 15 مارچ 2026ء

عالمی بحران کے باوجود پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں برقرار رکھنے کا فیصلہ

مشرق وسطیٰ میں جاری جنگی صورتحال بدستور نہ صرف جوں کی توں ہے بلکہ اس میں تیزی اور وسعت کے آثار بھی نمایاں دکھائی دے رہے ہیں طاقت کے مظاہروں اور سیاسی تنازعات نے نہ صرف عالمی امن کو متاثر کیا ہے بلکہ عالمی معیشت پر بھی اس کے گہرے اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ ایسے حالات میں دنیا بھر کی منڈیاں غیر یقینی صورتحال سے دوچار ہیں اور بالخصوص توانائی کے شعبے میں بے چینی واضح طور پر محسوس کی جا رہی ہے۔ عالمی سطح پر تیل اور گیس کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ نے ترقی پذیر ممالک کی معیشتوں کو شدید دباؤ میں ڈال دیا ہے۔ پاکستان بھی ان حالات سے مکمل طور پر الگ نہیں رہ سکتا کیونکہ ہماری معیشت کا ایک بڑا حصہ عالمی منڈی کے اثرات سے جڑا ہوا ہے۔ جب بھی مشرق وسطیٰ میں کشیدگی بڑھتی ہے تو اس کا پہلا اثر عالمی تیل کی قیمتوں پر پڑتا ہے۔ تیل پیدا کرنے والے اہم ممالک اسی خطے میں واقع ہیں اور جنگی خطرات یا سپلائی میں رکاوٹ کے خدشات کے باعث عالمی منڈی میں قیمتیں تیزی سے بڑھنے لگتی ہیں۔ یہی صورتحال آج بھی نظر آ رہی ہے۔ عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں اضافہ کئی ممالک کیلئے معاشی مشکلات کا سبب بن رہا ہے۔ ترقی پذیر معیشتیں اس صورتحال سے سب سے زیادہ متاثر ہوتی ہیں کیونکہ انہیں اپنی توانائی کی ضروریات کا بڑا حصہ بیرون ملک سے درآمد کرنا پڑتا ہے۔ پاکستان بھی تیل درآمد کرنے والے ممالک میں شامل ہے اور یہی وجہ ہے کہ عالمی قیمتوں میں اضافے کا براہ راست اثر ملکی معیشت اور عوامی زندگی پر پڑتا ہے۔ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھنے سے ٹرانسپورٹ کے اخراجات میں اضافہ ہوتا ہے، اشیائے ضروریہ مہنگی ہو جاتی ہیں اور مہنگائی کی مجموعی شرح میں اضافہ دیکھنے میں آتا ہے۔ گزشتہ کچھ عرصے سے پاکستان کو معاشی میدان میں کئی بڑے چیلنجز کا سامنا ہے۔ مہنگائی، زرمبادلہ کے ذخائر پر دباؤ، عالمی قرضوں کی ادائیگیاں اور توانائی کے بڑھتے ہوئے اخراجات جیسے مسائل حکومت کیلئے ایک کڑا امتحان ثابت ہو رہے ہیں۔ گزشتہ ہفتے حکومت کی جانب سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ایک بڑا اضافہ کیا گیا تھا جس کے بعد عوامی سطح پر تشویش اور پریشانی پیدا ہونا فطری امر تھا۔ عام آدمی پہلے ہی مہنگائی کے بوجھ تلے دب چکا ہے اور پٹرول کی قیمت میں اضافہ براہ راست اس کی روزمرہ زندگی کو متاثر کرتا ہے۔ اس فیصلے کے بعد یہ خدشہ بھی ظاہر کیا جا رہا تھا کہ عالمی منڈی میں قیمتوں کے بڑھتے ہوئے رجحان کے باعث ممکن ہے آئندہ ہفتے بھی پٹرولیم مصنوعات مزید مہنگی کر دی جائیں۔ ایسی صورت حال میں عوامی حلقوں میں بے چینی بڑھ رہی تھی۔ تاہم گزشتہ روز وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی جانب سے کیا جانے والا اعلان اس حوالے سے ایک خوش آئند خبر بن کر سامنے آیا ہے۔ وزیر اعظم نے عالمی منڈی میں قیمتوں میں اضافے کے باوجود پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں نہ بڑھانے کا فیصلہ کرتے ہوئے عوام کو واضح پیغام دیا ہے کہ حکومت عام آدمی کے مسائل سے غافل نہیں۔ وزیر اعظم کا یہ کہنا کہ مشکل حالات کے باوجود عوام تک زیادہ سے زیادہ ریلیف پہنچانے کی کوشش کی جائے گی، اس امر کا ثبوت ہے کہ حکومت معاشی دباؤ کے باوجود عوامی مفاد کو ترجیح دینے کی پالیسی پر کاربند ہے یہ فیصلہ ایک ایسے وقت میں عوامی ریلیف کا پیغام ہے جب عالمی سطح پر معاشی دباؤ بڑھ رہا ہے۔ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں اضافے کے باوجود قیمتیں برقرار رکھنا یقیناً ایک مشکل فیصلہ تھا۔ حکومت نے یہ قدم اٹھا کر یہ ثابت کیا ہے کہ وہ عوامی مشکلات کو کم کرنے کیلئے ممکنہ اقدامات کرنے کی سنجیدہ کوشش کر رہی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اس وقت عالمی معیشت ایک نازک مرحلے سے گزر رہی ہے۔ مشرق وسطیٰ کی کشیدگی نے عالمی تجارت، توانائی کی سپلائی اور سرمایہ کاری کے ماحول کو متاثر کیا ہے۔ ایسے حالات میں ترقی پذیر ممالک کیلئے معاشی استحکام برقرار رکھنا ایک بڑا چیلنج ہوتا ہے۔ پاکستان بھی انہی چیلنجز سے نبرد آزما ہے۔ اس کے باوجود اگر حکومت عوام کو کسی حد تک ریلیف فراہم کرنے کی کوشش کر رہی ہے تو یہ ایک مثبت پیش رفت ہے۔ اسی تناظر میں توانائی کے شعبے میں حکومت کی پالیسیوں کو بھی دیکھا جانا چاہئے۔ وفاقی وزیر توانائی اویس احمد خان لغاری نے کہا ہے کہ عالمی سطح پر ایل این جی کی سپلائی میں رکاوٹ سے پاکستان زیادہ متاثر نہیں ہوگا، اس بات کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ توانائی کے متبادل ذرائع کو فروغ دینے کی پالیسی درست سمت میں آگے بڑھ رہی ہے اس وقت پاکستان میں تقریباً چوہتر فیصد بجلی مقامی ذرائع سے پیدا کی جا رہی ہے اور حکومت کا ہدف ہے کہ آنے والے برسوں میں اس شرح کو مزید بڑھا کر چھیانوے فیصد سے بھی زیادہ تک لے جایا جائے۔ اگر یہ ہدف حاصل ہو جاتا ہے تو نہ صرف توانائی کے بحران میں نمایاں کمی آئے گی بلکہ درآمدی ایندھن پر انحصار بھی کم ہو جائے گا مجموعی طور پر معیشت کو درپیش چیلنجز سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ مہنگائی کا دباؤ آج بھی عوام کیلئے ایک بڑا مسئلہ ہے۔ روزمرہ اشیائے ضروریہ کی قیمتیں عام آدمی کیلئے مشکلات پیدا کر رہی ہیں۔ ٹرانسپورٹ کے اخراجات بڑھنے سے کاروباری سرگرمیوں پر بھی اثر پڑتا ہے۔ ایسے میں حکومت پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ معاشی نظم وضبط، بچت کے اقدامات اور موثر پالیسی سازی کے ذریعے معیشت کو مستحکم رکھنے کی کوشش کرے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے اپنے بیان میں یہی بات واضح کی ہے کہ موجودہ حالات میں مالی نظم وضبط اور بروقت پالیسی سازی کے ذریعے صورتحال سے نمٹنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ ان کا یہ عزم کہ مشکل حالات میں بوجھ کم کرنے کیلئے حکومت اور اشرافیہ کو بھی اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، ایک مثبت سوچ کی عکاسی کرتا ہے اگر کفایت شعاری اور ذمہ دارانہ طرز حکمرانی کو فروغ دیا جائے تو یقیناً اس کے مثبت اثرات معیشت پر مرتب ہو سکتے ہیں۔ یہ بات بھی حقیقت ہے کہ عالمی حالات ہمیشہ ایک جیسے نہیں رہتے۔ تاریخ گواہ ہے کہ عالمی منڈیوں میں اتار چڑھاؤ آتا رہتا ہے۔ بعض اوقات بحران شدت اختیار کرتے ہیں مگر وقت گزرنے کے ساتھ حالات بہتر بھی ہو جاتے ہیں اگر مقامی توانائی کے ذرائع کو زیادہ سے زیادہ فروغ دیا جائے تو مستقبل میں عالمی منڈی کے جھٹکوں سے کافی حد تک محفوظ رہا جا سکتا ہے وزیر اعظم کی جانب سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں نہ بڑھانے کا فیصلہ ایک ایسا اقدام ہے جو عوامی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا گیا ہے امید کی جانی چاہئے کہ آنے والے دنوں میں عالمی حالات بہتر ہوں گے، توانائی کی قیمتوں میں استحکام آئے گا اور پاکستان کی معیشت بھی بتدریج مضبوطی کی راہ پر گامزن ہوگی۔

پاکستان اور سعودی عرب کڑے وقت میں ساتھ کھڑے ہیں

احوال عالم

ڈاکٹر علی عواض اسیری

جدہ میں جمعرات کو وزیر اعظم شہباز شریف کی سعودی عرب کے ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان سے ملاقات ایسے وقت میں ہوئی جب مشرق وسطیٰ غیر معمولی کشیدگی سے گزر رہا ہے۔ ایران کی جنگ نے خلیج کے سٹریٹجک ماحول کو بدل دیا ہے اور خطہ کئی دہائیوں میں اپنے خطرناک ترین بحرانوں میں سے ایک کا سامنا کر رہا ہے۔ سعودی عرب اور اس کے خلیج تعاون کونسل (جی سی سی) کے شراکت داروں کے خلاف ایران کے میزائل اور ڈرون حملوں، توانائی کی منڈیوں میں خلل، اور کشیدگی کے مزید پھیلنے کے خدشات نے خلیج اور وسیع تر مسلم دنیا کے استحکام کے بارے میں سنجیدہ تشویش پیدا کر دی ہے۔ اس غیر یقینی ماحول میں سعودی اور پاکستانی قیادت کے درمیان باقاعدہ مشاورت ریاض اور اسلام آباد کے درمیان ہم آہنگی کی گہرائی کو ظاہر کرتی ہے۔ اس تازہ ترین اعلیٰ سطح کی ملاقات میں بات چیت کا مرکز علاقائی سلامتی، مزید کشیدگی کو روکنے کے لیے سفارتی کوششیں، اور دونوں ملکوں کے درمیان دیرینہ شراکت داری رہی۔ اس طرح کے کڑے وقت میں دونوں ملکوں نے ایک بار پھر اس اصول کی توثیق کی ہے جس نے طویل عرصے سے ان کے تعلقات کی پہچان بنائی ہے: 'خطے میں استحکام اور سکیورٹی کے تحفظ کے لیے ایک ساتھ کھڑا ہونا'۔ بحران کے بارے میں سعودی عرب کا رویہ علاقائی استحکام، ذمہ دار قیادت اور سفارت کاری کے لیے مملکت کے مستقل عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کی متحرک اور دوراندیش قیادت میں مملکت نے ایسی پالیسیاں اختیار کی ہیں جن میں اپنی خودمختاری کا مضبوط دفاع بھی شامل ہے اور بات چیت اور علاقائی امن کے لیے واضح عزم بھی۔ اس متوازن رویے نے ایک ہنگامہ خیز خطے میں سعودی عرب کے کردار کو استحکام کے ایک مضبوط ستون کے طور پر مزید مضبوط کیا ہے۔

موجودہ بحران دونوں ملکوں کے لیے غیر معمولی چیلنج لے کر آیا ہے۔ ایران کی جنگ نے توانائی کی منڈیوں کو متاثر کیا ہے، سمندری تجارتی راستوں کو خطرے میں ڈالا ہے، اور پوری خلیج میں نہایت اہم تنصیبات کی سکیورٹی کے بارے میں خدشات بڑھا دیے ہیں۔ سعودی عرب کے لیے اس معاملے میں اپنے علاقے، توانائی کی تنصیبات، اور عالمی توانائی کے استحکام کو یقینی بنانے میں اپنے اہم کردار کا تحفظ شامل ہے۔ پاکستان کے لیے اس بحران کے سنجیدہ معاشی اور سٹریٹجک اثرات ہیں، جن میں توانائی کی بڑھتی لاگت سے لے کر خلیج بھر میں رہنے اور کام کرنے والے لاکھوں پاکستانیوں کی سلامتی تک سب کچھ شامل ہے۔ یہی وہ پس منظر ہے، جس میں گذشتہ ستمبر سعودی عرب اور پاکستان کے درمیان ہونے والے سٹریٹجک باہمی دفاعی معاہدے کی اہمیت ایک بار پھر بڑھ گئی ہے۔ اگرچہ یہ معاہدہ موجودہ تنازع سے پہلے طے پایا تھا، لیکن اب یہ غیر معمولی طور پر بروقت دکھائی دیتا ہے۔ اس کا بنیادی اصول 'ایک شراکت دار کے خلاف جارحیت دونوں کے خلاف جارحیت سمجھی جائے گی' دونوں ملکوں کی قیادت کی تزویراتی دور اندیشی کو ظاہر کرتا ہے۔ ایسے وقت میں جب علاقائی سکیورٹی انتظامات کے بارے میں غیر یقینی پائی جاتی ہے، یہ معاہدہ نہ صرف روک تھام کی صلاحیت کو مضبوط کرتا ہے بلکہ دو دیرینہ شراکت داروں کے درمیان اعتماد کو بھی بڑھاتا ہے۔ اس فریم ورک کی عملی اہمیت حال ہی میں اس وقت مزید نمایاں ہوئی جب پاکستان کے فیلڈ مارشل اور آرمی چیف جنرل عاصم منیر اور سعودی وزیر دفاع شہزادہ خالد بن سلمان نے مشاورت کی اور سٹریٹجک باہمی دفاعی معاہدے کی عملی روح کی عوامی سطح پر توثیق کی۔ پاکستان نے مملکت کے دفاع کے لیے اپنے دیرینہ عزم کا اعادہ کیا، اور یہ عزم دونوں ملکوں کی مسلح افواج کے درمیان کئی دہائیوں پر محیط قریبی فوجی تعاون اور باہمی اعتماد میں جڑا ہوا ہے۔ بڑھتی ہوئی علاقائی کشیدگی کے وقت میں یہ واضح تزویراتی اشارہ ایک اہم روک تھام کا مقصد پورا کرتا ہے، جس سے سعودی سکیورٹی کو یقین دہانی ملتی ہے اور دوطرفہ دفاعی شراکت داری کی ساکھ بھی مضبوط ہوتی ہے۔ لیکن آج جو یکجہتی دکھائی دے رہی ہے وہ کسی ایک بحران کا نتیجہ نہیں۔ یہ ایسے تعلق کی عکاسی کرتی ہے جو کئی دہائیوں میں صبر کے ساتھ تعمیر ہوا ہے، اور جس کی بنیاد مشترک تاریخ، باہمی احترام اور دونوں معاشروں کے درمیان گہرے انسانی رشتوں پر ہے۔ اس شراکت داری کی بنیادیں کئی دہائیاں پہلے پڑی تھیں۔ پاکستان کے قیام سے بھی پہلے جزیرہ نمائے عرب اور برصغیر کے عوام کے تعلقات تجارت، ایمان اور علمی تبادلے سے جڑے ہوئے تھے۔ 1947 میں پاکستان کے ایک خودمختار ریاست کے طور پر سامنے آنے کے بعد سعودی عرب جلد ہی مسلم دنیا میں اس کا قریبی ترین شراکت دار بن گیا۔

وقت کے ساتھ یہ تعلق ایک وسیع تزویراتی شراکت داری میں ڈھل گیا، جس میں سفارت کاری، دفاعی تعاون اور معاشی اشتراک شامل تھا۔ دفاعی تعلقات اس کے مضبوط ترین ستونوں میں سے ایک بن گئے۔ 1960 کی دہائی کے آخر سے پاکستان اور سعودی عرب نے فوجی تعاون کو ادارہ جاتی شکل دی، جس کے تحت پاکستانی افسران اور ماہرین نے مملکت کے دفاعی اداروں میں تربیت اور جدید کاری میں کردار ادا کیا۔ ان انتظامات نے اعتماد کی ایسی روایت پیدا کی جو مشترکہ مشقوں، پیشہ ورانہ تبادلوں اور سکیورٹی تعاون کی کئی دہائیوں کے دوران مزید گہری ہوتی گئی۔ اس لیے سٹریٹجک باہمی دفاعی معاہدہ اس تعلق کا آغاز نہیں بلکہ دہائیوں پر محیط قریبی تعاون کا فطری ادارہ جاتی ارتقا ہے۔ دونوں ملکوں کے درمیان انسانی روابط نے بھی اس شراکت داری کو مضبوط کیا ہے۔ لاکھوں پاکستانی سعودی عرب میں رہتے اور کام کرتے ہیں، مملکت کی ترقی میں حصہ ڈالتے ہیں اور ساتھ ہی اپنے وطن سے مضبوط تعلق بھی برقرار رکھتے ہیں۔ پاکستان میں سعودی عرب کے سفیر کے طور پر اپنے برسوں کے دوران میں نے خود پاکستانی عوام کی مملکت کے لیے گرمجوشی، وفاداری اور اخلاص کو قریب سے دیکھا۔ حکومتی قیادت سے لے کر عام شہریوں تک، سعودی عرب کے لیے ہمیشہ گہرا احترام اور محبت پائی جاتی تھی، اور ہماری دونوں قوموں کے درمیان پائیدار تعلق کے لیے سچا عزم بھی۔ اسی لیے میں گواہی دے سکتا ہوں کہ سعودی پاکستان تعلقات کی مضبوطی صرف سفارت کاری یا حکمت عملی میں نہیں بلکہ ہمارے عوام کے درمیان موجود حقیقی دوستی میں بھی ہے۔ "وزیر اعظم محمد شہباز شریف سعودی عرب کے ولی عہد و وزیر اعظم عزت مآب شہزادہ محمد بن سلمان آل سعود کی دعوت پر سعودی عرب کے سرکاری دورے پر پہنچ گئے"۔ آج اس تعلق کی اہمیت ایک بار پھر واضح ہو گئی ہے۔ ایران کی جنگ نے خلیج کے خطے کے لیے نئے خطرات پیدا کیے ہیں، جن میں توانائی کے ڈھانچے پر حملے اور عالمی منڈیوں کو متاثر کرنے کی کوششیں شامل ہیں۔

عام آدمی کا مہنگائی کی چکی میں پسنا: جنگ کے اثرات یا حکومتی نااہلی؟

پاکستان میں پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں حالیہ اضافہ صرف ایک معاشی خبر نہیں، بلکہ کروڑوں لوگوں کی زندگی کا دردناک باب بن چکا ہے۔ مہنگائی کی بے رحم چکی میں عام آدمی پستا چلا جا رہا ہے۔ سوال یہ ہے کہ کیا یہ سارا بوجھ صرف عالمی جنگی حالات کی وجہ سے آیا ہے یا اس میں پاکستانی حکومتوں کی پالیسیوں اور کمزور معاشی منصوبہ بندی کا بھی حصہ ہے؟ مسئلہ صرف عالمی جنگ نہیں۔ اصل سوال یہ ہے کہ کیا پاکستان نے ایسے بحرانوں سے نمٹنے کے لیے پہلے سے تیاری کی تھی؟ حقیقت یہ ہے کہ پاکستان کے پاس تیل کے ذخائر صرف 28 دنوں کے لیے ہوتے ہیں اور سٹریٹجک ریزورز بھی نہیں ہیں جبکہ انڈیا جیسے ملک کے پاس 74 دن کا تیل سٹاک موجود ہے اور سٹریٹجک ریزورز بھی

دسترس

میاں عمران احمد

ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ انڈیا نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں نہیں بڑھائیں۔ پاکستان میں پچھلے چالیس سالوں میں تقریباً 6 مرتبہ سٹریٹجک آئل ریزرو بنانے کے منصوبے تیار ہوئے لیکن ایک بھی منصوبہ مکمل نہیں ہونے دیا گیا۔ پہلی مرتبہ 1985 اور دوسری مرتبہ 1990 میں پی ایس او کے ساتھ مل کر سٹریٹجک آئل ریزرو کے منصوبے شروع کیے گئے، تقریباً 438 ملین روپے بھی خرچ ہوئے لیکن نامعلوم وجوہات کی بنا پر منصوبے ختم کر دیے گئے۔ تیسری مرتبہ 2002 میں عراق جنگ کے بعد آئل ریزرو بنانے کا فیصلہ ہوا لیکن وہ فیصلہ صرف کاغذوں میں ہی رہا۔ چوتھی مرتبہ 2006 میں ورلڈ بینک کے تعاون سے 60 دن کے آئل ریزرو رکھنے کا منصوبہ پیش کیا گیا لیکن ملک کے انتظامی ڈھانچے پر عدم اعتماد کی وجہ سے ورلڈ بینک نے معذرت کر لی۔ پانچویں کوشش 2015 میں کی گئی، پی ایس او کے ساتھ دوبارہ مذاکرات شروع ہوئے اور 25 پیسے لیوی لگانے کا فیصلہ ہوا لیکن وہ منصوبہ بھی نامکمل رہا۔ چھٹی مرتبہ کوشش سال 2022 میں کی گئی۔ سرکار نے 30 دن کے سٹریٹجک آئل ریزورز بنانے کے لیے 354 ارب روپے بجٹ کا تخمینہ لگایا۔ فی لیٹر ایک روپیہ پیٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی لگا کر 22 ارب روپے اکٹھے کیے گئے لیکن وزارت خزانہ نے وہ رقم سرکاری عیاشیوں میں خرچ کر دی۔ سپریم کورٹ نے نوٹس لیا تو سرکار نے رقم واپس کرنے کی بجائے پیٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی کا نام بدل کر پیٹرولیم لیوی رکھ دیا اور اسے اپنے اخراجات میں ظاہر کر دیا۔ سپریم کورٹ بھی بے بس ہو گئی۔ یہ ہمارے حکمرانوں کی بدنیتی اور نااہلیت کے منہ بولتے ثبوت ہیں۔ سرکار سٹریٹجک آئل ریزرو نہ بنانے کی وجہ وسائل کی کمی، انفراسٹرکچر کی عدم موجودگی، سیاسی عدم استحکام، پالیسی میں عدم تسلسل اور درآمدی بل بڑھنے کو قرار دیتی ہے۔ جبکہ اگر یہی منصوبہ اسمبلی ممبران کی تنخواہیں اور مراعات بڑھانے کا ہوتا تو شاید التوا کا شکار نہ ہوتا۔ مسئلہ صرف ترجیحات کا ہے۔ بدقسمتی سے عوام کبھی بھی ہمارے حکمرانوں کی پہلی ترجیح نہیں رہی ہے۔ غیر سنجیدگی کا عالم یہ ہے کہ اس وقت سرکار کے کاغذوں میں سٹریٹجک آئل ریزرو قائم کرنے کا ایک بھی منصوبہ زیر غور نہیں ہے۔ اگر پاکستان آج فیصلہ کرلے کہ اس نے سٹریٹجک آئل ریزرو بنانے ہیں تو اس منصوبے کی تکمیل کے لیے کم از کم پانچ سے سات سال لگ سکتے ہیں۔ یہ منصوبہ مرحلہ وار مکمل کیا جاتا ہے۔ پہلے مرحلے میں منصوبہ بندی اور فیزیبلٹی سٹڈی ہوتی ہے جس میں تقریباً چھ سے 12 ماہ لگ سکتے ہیں۔ دوسرے مرحلے میں سٹوریج ٹرمینلز اور انفراسٹرکچر کی تعمیر ہوتی ہے، جس میں تقریباً تین سے پانچ سال کا وقت لگ سکتا ہے اور تیسرے مرحلے میں ذخائر کو بتدریج بھرنے کا عمل ہوتا ہے جس میں تقریباً ایک سے دو سال لگ سکتے ہیں۔ قوموں کی زندگی میں پانچ سات سال زیادہ وقت نہیں ہوتا۔ اصل مسئلہ فیصلہ کرنا اور اس پر بغیر کسی رکاوٹ کے عمل درآمد کرنا ہوتا ہے، لیکن سرکار کی توجہ سٹریٹجک آئل ریزرو بنانے پر نہیں بلکہ مہنگائی بڑھانے اور اپنی ناکامی کا سارا بوجھ عوام پر ڈالنے پر ہے۔ پاکستان دنیا کا واحد ملک بن گیا ہے جس نے سب سے پہلے تیل کی قیمتیں بڑھائی ہیں۔ ابھی نہ نیا تیل خریدا، نہ ملک میں پہنچا اور نہ ہی عوام کو بیچا لیکن رمضان میں قیمتیں بڑھا کر عوام کی جیبوں سے سرکار نے اپنی عیدی وصول کر لی ہے۔ جس تیل کی قیمت عوام سے وصول کی جا رہی ہے وہ تو ابھی سمندروں میں ہے۔ سرکار جواز پیش کر رہی ہے کہ پاکستان میں پیٹرول کی قیمت ریپلیسمنٹ کاسٹ پرائسنگ کی بنیاد پر لگائی جاتی ہے۔ قیمت اس بنیاد پر نہیں لگائی جاتی کہ حکومت نے تیل پہلے کتنی قیمت پر خریدا تھا، بلکہ اس بنیاد پر لگتی ہے کہ اگر آج نیا تیل خریدا جائے تو اس کی قیمت کیا ہوگی۔ ماہرین کے مطابق ریپلیسمنٹ کاسٹ پرائسنگ کی بنیاد پر بھی قیمت 55 روپے نہیں بڑھائی جا سکتی۔ دراصل سرکار نے موقعے پر چوکا مارا ہے۔ ایف بی آر اس مرتبہ بھی ٹیکس اہداف حاصل نہیں کر سکی۔ آئی ایم ایف کا وفد پاکستان کے دورے پر تھا۔ وہ 20 روپے فی لیٹر لیوی بڑھانے کا مطالبہ کر رہے تھے۔ جنگی حالات کا فائدہ اٹھاتے ہوئے سرکار نے 20 روپے فی لیٹر لیوی کے شامل کر کے 55 روپے فی لیٹر قیمت بڑھا دی۔ سانپ بھی مرگیا اور لاٹھی بھی نہیں ٹوٹی۔

علاقائی کشیدگی کے پس پردہ عالمی کھیل

عالمی سیاست کے پیچیدہ منظرنامے میں اتحاد ہمیشہ مشترکہ اقدار کی بنیاد پر قائم نہیں ہوتے بلکہ اکثر مشترکہ خدشات اور اندیشوں سے جنم لیتے ہیں۔ مشرق وسطیٰ سے جنوبی ایشیا تک پھیلی ہوئی موجودہ کشیدگی بظاہر ایک ایسے غیر رسمی اتحاد کی جھلک پیش کرتی ہے جسے بہت سے مبصرین ایک غیر اعلانیہ "ٹرویکا" قرار دیتے ہیں۔ اس میں اسرائیل، بھارت اور امریکہ شامل ہیں۔ اگرچہ ان میں سے ہر ریاست اپنے قومی مفادات کے تحت فیصلے کرتی ہے، لیکن ایران کی فوجی صلاحیتوں اور پاکستان کی جوہری دفاعی قوت کے حوالے سے ان کے خدشات بتدریج ایک دوسرے سے جڑتے چلے گئے ہیں۔ یوں ایک ایسا ماحول پیدا ہو رہا ہے جس میں دباؤ اور سفارتی چالیں دو حساس خطوں کی جغرافیائی سیاست کو متاثر کر رہی ہیں۔

ایران کے بارے میں اسرائیل کی اسٹریٹجک تشویش کوئی نئی بات نہیں۔ کئی برسوں سے اسرائیلی قیادت ایران کو اپنی سلامتی کے لیے سب سے بڑا چیلنج قرار دیتی آئی ہے۔ اسرائیلی وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو بارہا یہ موقف اختیار کر چکے ہیں کہ ایران کے میزائل اور جوہری عزائم مشرق وسطیٰ کے مستقبل کے لیے ایک سنگین خطرہ ہیں۔ اقوام متحدہ میں ان کا یہ بیان خاص طور پر توجہ کا مرکز بنا تھا کہ ایران خطے کے مستقبل کے لیے "سب سے بڑا خطرہ" ہے۔ 2018 میں ان کا یہ اعلان کہ اسرائیل ایران کو کبھی بھی جوہری ہتھیار بنانے کی اجازت نہیں دے گا، دراصل صرف ایک دفاعی موقف نہیں بلکہ ایک وسیع تر علاقائی حکمت عملی کا اظہار تھا جس کا مقصد تہران کے اثرورسوخ کو محدود کرنا ہے۔ اسی کے ساتھ ساتھ بھارت نے وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں اپنی سلامتی کی پالیسی کو پاکستان کے گرد مرکوز کر دیا ہے۔ 2014 میں اقتدار سنبھالنے کے بعد مودی نے پاکستان کو بھارت کی علاقائی بالادستی کے راستے میں سب سے بڑی رکاوٹ کے طور پر پیش کرنا شروع کیا۔ 2019 کے بالاکوٹ واقعے کے بعد ان کا یہ بیان کہ "بھارت سرحد پار سے دہشت گردی کو ہرگز برداشت نہیں کرے گا" دراصل ایک وسیع سفارتی مہم کا حصہ تھا جس کے ذریعے پاکستان کو عالمی سطح پر تنہا کرنے کی کوشش کی گئی۔ مبصرین طویل عرصے سے یہ نشاندہی کرتے رہے ہیں کہ نئی دہلی کی اسٹریٹجک حکمت عملی اسرائیل کے ساتھ ٹیکنالوجی اور انٹیلی جنس

سوچ وفکر



محمد محسن اقبال

کے تعاون سے بھی جڑی ہوئی ہے، جبکہ اسے واشنگٹن کی سیاسی سرپرستی بھی حاصل رہتی ہے۔ امریکہ نے خصوصاً ڈونلڈ ٹرمپ کے دور صدارت میں اس سہ رخی صف بندی میں ایک پیچیدہ مگر اہم کردار ادا کیا۔ ٹرمپ کی خارجہ پالیسی واضح طور پر اسرائیل اور بھارت کی طرف جھکاؤ رکھتی تھی۔ ان کی انتظامیہ نے 2018 میں ایران کے ساتھ ہونے والے جوہری معاہدے سے علیحدگی اختیار کرتے ہوئے اسے "انتہائی خراب اور یک طرفہ معاہدہ" قرار دیا۔ اسی دوران امریکہ نے بھارت کے ساتھ اپنے دفاعی تعلقات کو بھی نمایاں طور پر فروغ دیا اور اسے "اہم دفاعی شراکت دار" قرار دیتے ہوئے اپنی انڈو پیسیفک حکمت عملی کا مرکزی ستون بنایا۔ یوں واشنگٹن کی پالیسیوں نے نئی دہلی اور تل ابیب دونوں کے اعتماد میں اضافہ کیا۔ مئی 2025 میں بھارت اور پاکستان کے درمیان پیدا ہونے والا بحران اس حقیقت کی ایک واضح مثال تھا کہ خطے میں استحکام کس قدر نازک ہو چکا ہے۔ بھارت کی فوجی کارروائی، جو فوری اسٹریٹجک برتری حاصل کرنے کی توقع کے ساتھ کی گئی تھی، غیر متوقع مزاحمت سے دوچار ہوئی۔ پاکستان کی مسلح افواج نے اپنی پیشہ ورانہ تیاری اور دفاعی صلاحیت کا بھرپور مظاہرہ کیا جس کے نتیجے میں خطے کی طاقت کا توازن اچانک تبدیل ہوتا دکھائی دیا۔ اس صورت حال کے بعد سفارتی سرگرمیاں فوری طور پر شروع ہو گئیں۔ اسرائیل نے کھل کر بھارت کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا جبکہ امریکہ نے زیادہ محتاط طرز عمل اختیار کرتے ہوئے حالات کا بغور جائزہ لیا اور بعد ازاں ثالثی کے لیے آگے بڑھا۔ واشنگٹن کی یہ ثالثی دراصل ایک گہری اسٹریٹجک تشویش کی عکاس تھی۔ امریکہ کو یہ خدشہ لاحق تھا کہ اگر کشیدگی طویل ہو گئی تو پاکستان ممکنہ طور پر متبادل جغرافیائی اتحادوں کی طرف مائل ہو سکتا ہے۔ پاکستان کا جغرافیائی محل وقوع، اس کی جوہری صلاحیت اور ابھرتی ہوئی طاقتوں کے ساتھ بڑھتے ہوئے روابط اسے ایک ایسا ملک بناتے ہیں جسے نظرانداز کرنا کسی بڑی طاقت کے لیے آسان نہیں۔ اسی لیے امریکی سفارت کاری نے حالات کو سنبھالنے کی کوشش کی اور خود کو ایک متوازن قوت کے طور پر پیش کیا۔ تاہم یہ کہانی یہیں ختم نہیں ہوتی۔ فوجی محاذ پر درپیش مشکلات کے بعد بھارت نے بظاہر دباؤ ڈالنے کے بالواسطہ طریقوں پر زیادہ توجہ دینا شروع کر دی۔ افغانستان میں پراکسی سرگرمیوں کا امکان ایک بار پھر علاقائی مبصرین کے لیے تشویش کا باعث بننے لگا۔ اسی دوران اسرائیل کے دورے کے موقع پر وزیر اعظم مودی کی ملاقات میں نیتن یاہو نے افغانستان کے حوالے سے تعاون کی بات کرتے ہوئے جو بیان دیا، اسے کئی تجزیہ کاروں نے وسیع تر اسٹریٹجک ہم آہنگی کا اشارہ قرار دیا۔ ادھر مشرق وسطیٰ میں بھی کشیدگی کی ایک نئی لہر ابھرنے لگی۔ اسرائیل ایران کو اپنے لیے مستقل اسٹریٹجک چیلنج سمجھتے ہوئے ممکنہ تصادم کی تیاریوں میں مصروف نظر آیا۔ تہران کے میزائل پروگرام میں پیش رفت اور خطے میں اس کے اتحادیوں کی موجودگی کو تل ابیب میں طاقت کے توازن میں تبدیلی کے طور پر دیکھا جا رہا تھا۔ اگرچہ واشنگٹن نے ابتدا میں کسی حد تک اسٹریٹجک ابہام برقرار رکھا، مگر واقعات کے تسلسل نے آہستہ آہستہ امریکہ کو اسرائیل کے موقف کے قریب کر دیا۔ لیکن جنگیں اور تنازعات ہمیشہ منصوبہ بندی کے مطابق نہیں چلتے۔ ایران نے بڑھتے ہوئے دباؤ کے مقابلے میں جس استقامت اور ردعمل کی صلاحیت کا مظاہرہ کیا، اس نے بہت سے مبصرین کو حیران کر دیا۔ جس حکمت عملی کو ابتدا میں فیصلہ کن اقدام سمجھا جا رہا تھا، وہ ایک طویل اور غیر یقینی تصادم کی صورت اختیار کرتی دکھائی دینے لگی۔ خلیجی ریاستوں کے لیے یہ تمام پیش رفتیں غیر معمولی اہمیت رکھتی ہیں۔ ان میں سے اکثر طویل عرصے سے اپنی سلامتی کے لیے امریکہ پر انحصار کرتی آئی ہیں، مگر حالیہ بحرانوں نے انہیں اس تحفظ کی پائیداری پر نئے سرے سے غور کرنے پر مجبور کر دیا ہے۔ عرب کہاوت ہے کہ "جو شخص شیر کی سواری کرے، اس کے لیے اترنا آسان نہیں ہوتا"۔

تاریخ بار بار یہ سبق دیتی ہے کہ بڑی طاقتوں کی حکمت عملیاں اکثر غیر متوقع نتائج پیدا کرتی ہیں۔ سرد جنگ کے پراکسی تنازعات سے لے کر اکیسویں صدی کی جنگوں تک، کئی مداخلتیں ایسی رہی ہیں جن کا مقصد علاقائی نظم کو از سر نو ترتیب دینا تھا مگر نتیجہ عدم استحکام کی صورت میں نکلا۔ ایران اور پاکستان کے گرد موجودہ حالات بھی کسی حد تک اسی طرز کی کہانی سناتے نظر آتے ہیں۔ بالآخر یہ صورتحال اس حقیقت کی یاد دہانی کراتی ہے کہ طاقتور ریاستوں کے سلامتی کے خدشات اکثر وسیع تر علاقائی ہنگامہ خیزی کو جنم دیتے ہیں۔ چاہے اسے ٹرویکا کہا جائے یا صرف مشترکہ مفادات کا ملاپ، اسرائیل، بھارت اور امریکہ کے مشترکہ دباؤ نے خطے میں تصادم کے ماحول کو یقینی طور پر متاثر کیا ہے۔ تاہم ایران اور پاکستان جیسے ممالک کی جانب سے دکھائی جانے والی مزاحمت یہ بھی ظاہر کرتی ہے کہ عالمی سیاست کی بساط کہیں زیادہ پیچیدہ ہے اور کسی ایک اتحاد کے منصوبے ہمیشہ اپنی مرضی کے مطابق نتائج پیدا نہیں کر سکتے۔

بین الاقوامی سیاست کا آخری سبق شاید یہی ہے کہ طاقت تنازعات کو جنم تو دے سکتی ہے، مگر ان کے نتائج کو مکمل طور پر قابو میں رکھنا اس کے بس میں نہیں ہوتا۔ مشرق وسطیٰ اور جنوبی ایشیا میں ابھرتے ہوئے حالات اسی حقیقت کی ایک تازہ مثال ہیں کہ تاریخ کا بہاؤ اکثر ان قوتوں کو بھی حیران کر دیتا ہے جو اسے اپنی مرضی کے مطابق موڑنے کی کوشش کرتی ہیں۔

پنجابی کلچر کا زوال اور ممکنہ حل

پاکستان کی سرزمین مختلف تہذیبوں اور ثقافتوں کا گہوارہ رہی ہے، مگر ان میں پنجابی ثقافت کو ایک نمایاں اور تاریخی مقام حاصل ہے۔ پنجاب کی مٹی صدیوں سے محبت، رواداری، مہمان نوازی اور صوفیانہ فکر کی امین رہی ہے۔ اسی دھرتی نے ایسے عظیم صوفی شعرا اور مفکرین کو جنم دیا جنہوں نے انسانیت، بھائی چارے اور روحانیت کا پیغام عام کیا۔ تاہم افسوس کی بات یہ ہے کہ آج یہی پنجابی

قلم ضرار



ڈاکٹر ضرار یوسف

ثقافت بتدریج زوال اور فراموشی کے خطرے سے دوچار دکھائی دیتی ہے۔

پنجابی ثقافت کی بنیاد اس کی زبان، لوک ادب، موسیقی، میلوں ٹھیلوں اور روایتی سماجی اقدار پر قائم ہے۔ پنجابی زبان صدیوں سے عوام کے جذبات، دکھ سکھ اور اجتماعی شعور کی ترجمان رہی ہے، مگر بدقسمتی سے پاکستان میں اسے وہ سرکاری اور تعلیمی مقام نہیں مل سکا جس کی وہ مستحق تھی۔ تعلیمی اداروں میں اردو اور انگریزی کو ترجیح دی گئی جبکہ پنجابی زبان اکثر نظرانداز ہوتی رہی۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ نئی نسل اپنی مادری زبان سے دور ہوتی گئی اور گھروں میں بھی پنجابی بولنے کا رجحان کم ہونے لگا۔ پنجابی ثقافت کے اس زوال کی ایک وجہ جدید شہری طرز زندگی اور مغربی ثقافتی اثرات بھی ہیں۔ شہری معاشرے میں بعض حلقوں نے اپنی روایتی شناخت کو کمتر سمجھنا شروع کر دیا اور پنجابی بولنے کو دیہی یا غیر مہذب طرز اظہار قرار دیا جانے لگا۔ اس ذہنی رویے نے ثقافتی احساس کمتری کو جنم دیا، جس کے باعث نوجوان نسل اپنی ہی تہذیبی شناخت سے فاصلے اختیار کرتی جا رہی ہے۔

اس ضمن میں میڈیا کا کردار بھی قابل توجہ ہے۔ متعدد ٹیلی وژن پروگراموں اور ڈراموں میں پنجابی ثقافت کو سنجیدہ تہذیبی اور فکری تناظر میں پیش کرنے کے بجائے اکثر مزاح یا طنز کے قالب میں محدود کر دیا جاتا ہے۔ اس طرز پیشکش نے ثقافت کی اصل روح اور وقار کو نقصان پہنچایا ہے۔ حالانکہ پنجاب کی روح اس کے صوفی شعرا کے کلام میں جھلکتی ہے۔ وارث شاہ، بلھے شاہ، سلطان باہو اور میاں محمد بخش جیسے عظیم شعرا نے پنجابی زبان کو عالمی ادبی مقام عطا کیا۔ ان کی شاعری محبت، انسان دوستی اور روحانیت کا ایسا آفاقی پیغام دیتی ہے جو آج بھی معاشرے کے لیے رہنمائی کا سرچشمہ بن سکتا ہے۔ پنجاب کے ان بزرگوں کی تعلیمات رواداری، برداشت اور انسان دوستی پر مبنی تھیں، جو اس خطے کی تہذیبی شناخت کا بنیادی حصہ تھیں۔

تاہم گزشتہ چند دہائیوں میں مذہبی انتہاپسندی نے بھی پنجاب کے روایتی، صوفیانہ اور برداشت پر مبنی کلچر کو متاثر کیا ہے۔ درگاہی روایت، عرس اور صوفی میلوں کو بعض حلقوں نے غیر اسلامی قرار دیا جس کے نتیجے میں صوفیانہ ثقافت کمزور پڑنے لگی۔ پنجابی ثقافت میں قوالی، دھمال، لوک گیت اور صوفی موسیقی کو ہمیشہ خاص اہمیت حاصل رہی ہے، مگر انتہاپسندانہ نظریات کے زیر اثر موسیقی اور بعض ثقافتی سرگرمیوں کو ناپسندیدہ قرار دینے کا رجحان بڑھا۔ اسی طرح بسنت، عرس اور دیگر لوک میلے جو معاشرتی زندگی کی رنگا رنگی کا مظہر تھے، بتدریج محدود یا ختم ہوتے گئے، جس کے باعث فنکاروں اور ثقافتی کارکنوں کے لیے ماحول بھی مشکل ہوتا چلا گیا۔ پنجاب کی روایت ہمیشہ مذہبی اور سماجی ہم آہنگی کی رہی ہے جہاں مختلف مذاہب اور مسالک کے لوگ باہمی احترام کے ساتھ زندگی گزارتے تھے۔ مگر انتہاپسندی کے بڑھتے رجحان نے بعض اوقات فرقہ وارانہ تقسیم اور عدم برداشت کو بھی فروغ دیا، جس سے اس خطے کی روایتی ثقافتی ہم آہنگی متاثر ہوئی۔ یہ بات بھی پیش نظر رہنی چاہیے کہ مذہب اپنی اصل تعلیمات میں کسی بھی جغرافیائی یا علاقائی ثقافت کی مخالفت نہیں کرتا بلکہ وہ صرف ان رسوم ورواج کی اصلاح کرتا ہے جو اخلاقی یا انسانی اصولوں سے متصادم ہوں۔ دنیا کے تقریباً تمام مذاہب میں یہ اصول تسلیم کیا جاتا ہے کہ مقامی زبان، لباس اور سماجی روایات کو برقرار رکھا جا سکتا ہے، بشرطیکہ وہ بنیادی اخلاقی اقدار کے خلاف نہ ہوں۔ تاریخ شاہد ہے کہ اسلام کے ابتدائی دور میں عرب معاشرے کی بہت سی ثقافتی روایات برقرار رہیں جبکہ صرف وہ رسوم ختم کی گئیں جو ظلم یا ناانصافی پر مبنی تھیں۔ پنجابی ثقافت کے تحفظ کے لیے ضروری ہے کہ پنجابی زبان کو تعلیمی نظام میں مناسب مقام دیا جائے۔ ابتدائی تعلیم مادری زبان میں دینے سے نہ صرف بچوں کی ذہنی نشوونما بہتر ہوتی ہے بلکہ وہ اپنی ثقافت اور شناخت سے بھی جڑے رہتے ہیں۔ اسی طرح جامعات میں پنجابی ادب، تاریخ اور ثقافت پر تحقیق کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ مزید برآں میڈیا، فلم اور موسیقی کی صنعت کو پنجابی ثقافت کی مثبت اور باوقار نمائندگی کرنی چاہیے۔ ثقافتی میلوں، لوک موسیقی کے پروگراموں اور ادبی تقریبات کے انعقاد سے بھی اس ورثے کو زندہ رکھا جا سکتا ہے۔ آخر میں یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ ثقافت کسی قوم کی روح اور شناخت ہوتی ہے۔ جب کوئی قوم اپنی زبان اور ثقافت سے دور ہو جاتی ہے تو اس کی تہذیبی بنیادیں کمزور پڑنے لگتی ہیں۔ لہٰذا پنجابی ثقافت کا تحفظ صرف پنجابیوں ہی کی نہیں بلکہ پورے پاکستان کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

پاکستانی حکمت عملی

میں مدت سے لکھ رہا ہوں کہ پاکستان میں ہونے والی ہر سیاسی تبدیلی کچھ خاص عالمی وجوہات کی بناء پر وقوع پذیر ہوتی ہے۔ پاکستانی خفیہ ایجنسیوں کے دنیا کی بہترین خفیہ ایجنسیوں یعنی چین، امریکہ، برطانیہ وغیرہ کے ساتھ بہترین ورکنگ ریلیشنز موجود ہیں۔ ایران پر پھر پر حملہ ہونے جا رہا ہے، اس کا اندازہ پاکستان کو بہت پہلے ہو چکا تھا۔ عمران خان نے یوکرین پر حملے کے وقت روس کا دورہ پسند کیا تھا۔ یہ تو ماننے والی بات نہیں ہے، کہ جب سی آئی اے ایک مہینے پیشتر کہہ رہی تھی کہ روس یوکرین پر حملہ کرنے جا رہا ہے، تو ہماری ایجنسیاں حالات سے بے خبر تھیں۔ پھر ایران جا کر عمران خان نے کچھ ناخوشگوار اعترافات کروائے تھے، جس کی بنا پر اس کے اپنے وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے، عمران خان کی ایران میں موجودگی کے دوران، ایران کے خلاف بیان دیا تھا۔ ساتھ عمران خان نے ایران امریکی مسئلہ میں پارٹی بننے کی بجائے عالمی ثالث بننے کی خواہش کا اظہار کیا تھا۔ (مالیات سے لے کر حربیات تک ہر بات کے لئے دست نگر رہنے والے ممالک اتنی اچانک اپنے عالمی کردار سے دستبردار نہیں ہو سکتے)۔ پھر امریکی اڈے مانگنے پر ابسولوٹلی ناٹ کہہ کر عمران خان نے پاکستان کی ہمیشہ سے جاری اور کامیاب نیم دل پالیسی کو ایک رخ پر موڑنے کی کوشش کی، اور افغانستان پر عالمی طاقتوں کی مرضی کے خلاف کھڑے ہو گئے۔ دنیا ابھی تک ٹرانزیشنل دور سے گزر رہی ہے، ابھی کوئی فیصلہ کن ڈکٹیٹر مالک نہیں ہے، اس لیے ملکی مفادات کی خاطر، آزمودہ دیرینہ خارجہ پالیسی تبدیل کرنے کی بجائے، عمران خان کو تبدیل کر دیا گیا۔ جن کا کل عالمی سیاسی اثاثہ ان کی تین سالہ نیم خودمختار حکومت تھی۔ پاکستان نے شکاری اور خرگوش کے ساتھ بیک وقت دوڑنے کی اپنی اس کامیاب خارجہ پالیسی کو آج تک، جس شاندار طریقے سے استعمال کر کے، اپنے مفادات اور ملک کو جارح امریکہ، اس کے جنگی

زاویہ نظر



شازار جیلانی

مشیر اسرائیل، اور دیرینہ دشمن انڈیا کے ڈائریکٹ حملوں اور دشمنی سے بچایا ہوا ہے، اس کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے۔ جتنی جنگیں عالمی قوتوں نے پاکستان میں لڑی تھیں، وہ ساری جنگیں پاکستان نے اپنے ہاتھ میں لے کر، اپنی سرحدوں سے باہر کھینچ کر لڑیں۔ تعلیم، صحت، اور توانائی کو پس پشت ڈال کر فوج اور ایٹمی ہتھیار بنا لیے، جو آج پاکستان کی سلامتی اور جنگ سے بچاؤ کی واحد ضمانت ہیں۔ جس کا توڑ انڈیا کے پاس موجود ہے، اور نہ اسرائیل بہت خواہش رکھنے کے باوجود پا سکا ہے۔ عراق گرا، لیبیا اور شام گرا، جو اسرائیل کے خلاف کسی نہ کسی لیول پر متحرک تھے۔ ایران پر ماضی میں خلیجی جنگ مسلط کرنے اور اب کی تھوپی ہوئی جنگ کی وجہ بھی یہی ہے، کہ اس کی پالیسیاں عالمی خواہشات اور مفادات کے ساتھ لیول نہیں ہیں۔ پاکستان نے ہر حالت میں اپنی بساط کے مطابق بین الاقوامی فورم پر فلسطینی حقوق کی بات کی ہے۔ آج جب ابراہام اکارڈ میں سارے عرب بندھنے کے لئے تیار بیٹھے ہیں، پاکستان پرانے موقف پر کھڑا ہے۔ 'اس پاسپورٹ پر اسرائیل کے علاوہ تمام ممالک کا سفر کیا جا سکتا ہے'، کسی دوسرے ملک کے پاسپورٹ پر لکھا ہوا نہیں ہے۔ (میرا ذاتی خیال ہے کہ پاکستان کو اسرائیل سمیت تمام ممالک کے ساتھ بہتر تعلقات قائم کرنے چاہئیں)۔

ٹرمپ واپس آیا، تو تمام ممالک میں صرف پاکستان کی تعریفیں کرنا شروع کیں۔ "گریٹ گریٹ فیلڈ مارشل اور عظیم وزیر اعظم"، آٹھ سے لے کر گیارہ انڈین جہاز گرانے کی تواتر، عالمی فورمز پر کسی امریکی صدر کی ایسی باتیں کوئی معمولی واقعہ نہیں ہے۔ ہمیں ٹرمپ کو کیا گیا شہباز شریف کا سیلوٹ تو یاد ہے، لیکن کسی کو پاکستان کے بارے میں ٹرمپ کے کیے گئے چاپلوسانہ تبصرے اور بیانات یاد نہیں ہیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ پاکستان کو امریکہ کی ضرورت ہے۔ وہ تو ہے۔ لیکن امریکہ کو پاکستان کی ضرورت ہے، یہ کسی کو احساس نہیں۔ لگتا ہے ایران پر ہونے والے حملے سے پہلے صرف پاکستان دیوار بنا ہوا تھا۔ گریٹ اور فیورٹ فیلڈ مارشل اور عظیم وزیر اعظم جیسی تعریفیں صدر ٹرمپ کی وہ چاپلوسیاں تھیں، جس کے ذریعے وہ پاکستان کو ایران پر ہونے والے حملے میں، ایران کے حق میں کسی بھی مثبت مداخلت سے روکنا چاہتے تھے۔ میں نے مجہول قسم کے ججز کے ان پروپیگنڈا بیانات کو اس وقت قابل قبول نہیں سمجھا تھا، جب پچھلی ایران امریکی جنگ میں، وہ پاکستان کی ایرانی مدد کے بارے میں پروپیگنڈا کر رہے تھے، لیکن لگتا ہے پچھلی جنگ میں واقعی پاکستان، ایران کو کسی نہ کسی طرح کی کوئی مثبت ان پٹ دے رہا تھا، جس سے ایران کو مدد مل رہی تھی۔ اس لئے ٹرمپ کی خواہش پر پاکستان بورڈ آف پیس کا ممبر بنایا گیا، جس کی فوری قیمت اس نے اپنے دوست سعودی عرب کے ساتھ دفاعی معاہدے کی شکل میں اور دوسری طرف افغانستان میں مداخلت کی اجازت ملنے کی صورت میں وصول کی۔ لانگ ٹرم مفادات کی صورت گیری وقت کے ساتھ ساتھ سامنے آتی جائے گی۔

پاکستان، ایک طرف چنگھاڑتے ہوئے آگ اگلنے والے ڈریگن کی ضرورت بنا ہوا ہے، تو دوسری طرف اس کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے کیا جا سکتا ہے، کہ اس نے اپنی عالمی پی آر اور لابنگ کے لئے ٹرمپ جیسے اونچے سروں میں سوچنے والے طاقتور شخص کو ہائر کیا ہوا ہے۔ یاد رکھیں، ایٹمی اسلحہ کے علاوہ ایران اور پاکستان کے درمیان فرق، پاکستان کی یہی حقیقت پسندانہ اور عملی خارجہ پالیسی ہے۔ جس کے تحت وہ شکاری اور خرگوش دونوں کے ساتھ بیک وقت دوڑنے کا ہنر سیکھ چکا ہے۔ امریکہ بدمست ہاتھی ہے، اسرائیل اس ہاتھی کا مہاوت ہے، اور پاکستان اس ہاتھی کا ہمہ وقت دوست۔ دنیا بھر کے جرنیل، جنگ کیسے لڑیں سیکھتے ہیں، جبکہ ہمارے جرنیل جنگ سے کیسے بچیں، میں ماہر ہیں۔ (جب مجبوری بنی تو اصحاب الرافیل کا تماشا بھی بنایا)۔ ہر تعصب، رفاقت اور تعلق سے بالاتر ہو کر، کوئی بھی ہماری ملٹری اسٹیبلشمنٹ کے اس وسیع کامیاب کردار کا تجزیہ کرے گا، جس کی وجہ سے ہمارے گھر، بچے، اور زندگی آج بچی ہوئی ہے، تو میری طرح سوچے گا، اور مشکور رہے گا۔ دنیا تبدیل ہو رہی ہے، اس میں بچے گا وہی جو ٹھنڈا کھائے گا اور ہوش سے کام لے گا۔ صدام، قذافی اور بشار جیسا رویہ نہیں رکھے گا۔ بہتر ہے ہم بھی ٹھنڈا کھائیں اور دیکھیں کہ ہماری بچت کس کردار میں ہے۔

ایرانی حملے اور عرب ممالک

امریکی صدر کے جارحانہ طرز عمل اور جنگ میں کامیابی کے بلند بانگ دعوؤں کے علاوہ ایرانی لیڈروں کے بارے میں معلومات فراہم کرنے والوں کو امریکی وزارت خارجہ کی طرف سے کثیر انعامی رقوم کے اعلان سے یہی اندازہ ہوتا ہے کہ جنگ میں امریکہ کو حسب توقع پیش رفت حاصل نہیں ہو رہی۔ امریکی دباؤ اور اسرائیلی خواہش کے باوجود ابھی تک عرب ممالک نے ایرانی ڈرون و میزائل حملوں کا جواب دینے کا فیصلہ نہیں کیا۔ اس دوران ترکیہ کی طرف ایران سے جانے والے ایک تیسرے میزائل کو بحیرہ روم میں نیٹو کے اثاثوں نے ناکارہ بنا دیا۔ اس کے باوجود صدر رجب اردوان نے کہا ہے کہ ترکیہ اس جنگ میں ملوث نہیں ہوگا۔ امریکہ کے لیے اگرچہ یہ آئیڈیل صورت حال ہو سکتی تھی کہ عرب ممالک کے علاوہ ترکیہ ایرانی حملوں کے جواب میں 'ڈٹ' جاتے اور صرف دفاع تک محدود رہنے کی بجائے باقاعدہ حملوں کا آغاز کیا جاتا۔ اس طرح جنگ شروع کرنے کا الزام امریکہ کی بجائے ایران کی طرف منتقل ہو سکتا تھا اور عرب ممالک کو ایران کے خلاف جنگ میں جھونک کر امریکہ بلاشبہ کی حد تک جنگ کا حصہ رہتا۔ نہ امریکی فوجیوں کی ہلاکت کا اندیشہ ہوتا اور نہ ہی جنگی مصارف کا بوجھ برداشت کرنا پڑتا۔ دوسری طرف داخلی طور سے بھی اس 'مختصر' جنگ کا سیاسی فائدہ حاصل کرنے کی کوشش کی جاتی۔ البتہ جیسے جنگ میں تیزی سے کامیابی کی خواہش پوری نہیں ہو سکی اسی طرح فی الوقت یہ امریکی خواہش بھی پوری ہوتی دکھائی نہیں دیتی۔ اسی لیے صدر ٹرمپ اور ان کے ساتھیوں کا لب ولہجہ سخت اور ترش ہوتا جا رہا ہے۔ وزیر دفاع پیٹ ہیگستھ بھی پنٹاگون میں پریس کانفرنس کے دوران اسی دباؤ کا شکار تھے۔ وہ امریکی میڈیا سے قوم پرستی کا مطالبہ کرتے رہے۔ عام طور سے ایسی خواہش کا اظہار کمزور اور بے بس حکومتوں کی طرف سے دیکھنے میں آتا ہے کیوں کہ جب ان کی حکمت عملی ناکامی کا شکار ہو اور وہ عوام کی

تاثرات



سید مجاہد علی

خواہشات پر پورا نہ اتر سکیں تو میڈیا کو مورد الزام ٹھہرا کر 'حب الوطنی اور قوم پرستی' کا مطالبہ کیا جاتا ہے۔ یہ طریقہ درحقیقت پریشانی و بدحواسی کا اظہار ہوتا ہے۔ اس لیے امریکہ جیسی طاقت ور حکومت کے نمائندے کی طرف سے ایسی باتیں حیران کرتی ہیں۔ اس پریس کانفرنس میں شریک بی بی سی کے نامہ نگار ٹام بیٹ مین نے اپنے تبصرے میں لکھا ہے کہ 'ان کی جھنجھلاہٹ، اس بات کی علامت محسوس ہوئی کہ امریکی انتظامیہ دباؤ میں ہے'۔ یہ دباؤ جنگ کی طوالت، غیر ضروری و غیر متوقع اخراجات اور امریکی عوام کی معیشت پر اس کے منفی اثرات کی وجہ سے بڑھ رہا ہے۔ تاہم امریکی حکومت اس وقت ایران کو تباہ کرنے اور اس کی قیادت کا صفایا کرنے کے دعوے کرنے کے علاوہ جنگ سے نکلنے کا کوئی مناسب، محفوظ اور باعزت راستہ تلاش کرنے میں ناکام دکھائی دیتی ہے۔ جنگ کو دو ہفتے بیت چکے ہیں۔ ایران نے پہلے دن سے ہی خلیجی ریاستوں اور عرب ممالک کو نشانہ بنایا ہے۔ یوں تو یہ حملے وہاں موجود امریکی اڈوں پر کیے جا رہے ہیں لیکن ان حملوں میں عام تنصیبات اور ہوائی اڈے بھی متاثر ہوئے ہیں۔ ان تمام ممالک کی معیشت بری طرح متاثر ہے اور اس پرائی جنگ میں اپنی حفاظت کے لیے اٹھنے والے مصارف اس کے علاوہ ہیں۔

ایران نے ہمسایہ ممالک پر حملوں کے باوجود مسلسل یہ اقرار بھی کیا ہے کہ وہ کسی ہمسایہ ملک کے ساتھ تعلقات خراب کرنا نہیں چاہتا بلکہ اس کے حملے دفاعی نوعیت کے ہیں۔ عرب ممالک متعدد بار واضح کر چکے ہیں کہ وہ نہ تو امریکی جنگ کا حصہ ہیں اور نہ ہی امریکہ کو ان کی ائیر سپیس استعمال کرنے کی اجازت دی گئی ہے۔ تاہم دوسری طرف یہ بھی حقیقت ہے کہ ان تمام ممالک میں امریکہ کے فوجی اڈے موجود ہیں۔ قیاس ہے کہ وہاں سے امریکی حملے مربوط کرنے کے لیے الیکٹرانک و انٹیلی جنس رہنمائی فراہم ہوتی ہے۔ اس طرح کسی حد تک ایران کی یہ شکایت بجا ہے کہ ان اڈوں کو غیر فعال ہونا چاہیے۔ عرب ممالک ایرانی حملوں کو جارحیت قرار دینے کے باوجود ابھی تک جوابی کارروائی پر آمادہ نہیں ہیں۔ اس کی بنیادی وجہ یہ دکھائی دیتی ہے کہ ایسا کرنے کی صورت میں یہ پیغام عام ہوگا کہ عرب ممالک اسرائیل و امریکہ کی جنگ میں ایران کے خلاف برسرپیکار ہو گئے۔ اسے مسلمان ممالک میں عام طور سے اور ان ممالک کے عوام میں خاص طور سے پسند نہیں کیا جائے گا۔ دوسری طرف ان سب عرب ممالک کو علم ہے کہ ان کی مجموعی عسکری صلاحیت وساز وسامان امریکہ کا فراہم کردہ ہے۔ وہ اگر جنگ میں براہ راست شریک ہو بھی جائیں تو امریکی فضائی طاقت سے زیادہ بھرپور طریقے سے جواب دینے کی صلاحیت نہیں رکھتے۔ اس لیے اس صورت حال کو سفارتی طور سے ایران پر دباؤ کے لیے استعمال کرنا ہی سودمند پالیسی ہے۔ بطور خاص سعودی عرب پر ایرانی حملے اس وقت توجہ کا مرکز ہیں۔ اس کی ایک وجہ تو حرمین شریفین کی وجہ سے سعودی عرب کی خصوصی اہمیت و حیثیت ہے لیکن یہ پہلو بھی توجہ طلب ہے کہ سعودی عرب اور پاکستان نے گزشتہ سال ایک دفاعی معاہدے پر دستخط کیے تھے۔ اس کے تحت ایک ملک پر حملہ دوسرے پر حملہ تصور ہوگا۔ اس طرح سعودی عرب پر ایرانی حملے براہ راست پاکستان کے لیے بھی چیلنج کی حیثیت رکھتے ہیں۔ حالات کی نزاکت و حساسیت کی وجہ سے پاکستان اس معاملہ سے سفارتی چابکدستی سے نمٹنے کی کوشش کر رہا ہے۔ پاکستان میں عام تاثر کے برعکس یہ کہنا مشکل ہے کہ اس معاہدے کا حوالہ دیتے ہوئے سعودی عرب نے پاکستان سے جنگ میں اس کا ساتھ دینے کا مطالبہ کیا ہے۔ ابھی تک خود سعودی عرب نے ایران کے خلاف کسی جنگی کارروائی کا آغاز کرنے سے گریز کیا ہے تو وہ پاکستان سے اس جنگ میں کودنے کے لیے کیسے کہہ سکتا ہے؟ اس کے علاوہ سعودی حکام سے زیادہ کوئی اس بات کو نہیں جانتا کہ پاکستانی امداد ایران پر امریکی حملوں سے موثر اور مہلک نہیں ہو سکتی لیکن ایسا کوئی قدم اس آخری پل کو بھی جلا دینے کے مترادف ہوگا جو ایران اور عرب ممالک کے درمیان رابطہ کاری کے کام آ رہا ہے۔ اس پس منظر میں اگر امریکی حملے جاری رہتے ہیں اور ٹرمپ جنگ بند کرنے کا فیصلہ نہیں کرتے تو حالات تیزی سے تبدیل ہو سکتے ہیں۔ ایران کو دیکھنا ہوگا کہ عرب ممالک پر اس کے مسلسل حملے زیادہ سودمند نہیں ہوں گے۔ کیوں کہ ان حملوں سے امریکی حملوں کی شدت میں کمی نہیں لائی جا سکتی۔ البتہ تمام ہمسایہ عرب ممالک کو نشانہ بنا کر ایران نے یہ نکتہ واضح کر دیا ہے کہ وہ کسی بھی وقت کسی بھی ایسے ملک کو نشانہ بنانے کی صلاحیت اور عزم رکھتا ہے جو امریکہ کا 'حلیف' ہو۔ البتہ اب اسے یہ حملے روک کر ہمسایہ ممالک کو یہ پیغام دینا چاہیے کہ وہ ان تمام ممالک کے ساتھ تعلقات کو احترام کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور اچھے ہمسایوں کی طرح پرامن طریقے سے رہنے کا خواہاں ہے۔

خدا کے واسطے آپ تنخواہ لینی شروع کر دیں

ایران پر امریکی اور اسرائیلی حملے کے بعد پیدا ہونے والی مجموعی صورتحال اور خاص طور پر تیل کی عالمی منڈی میں پیدا ہونے والی صورتحال سے فائدہ اٹھاتے ہوئے جہاں سرکار نے تیل کی تمام مصنوعات کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کر کے عوام کا تیل نکال کر اپنے اقتدار کی لگژری گاڑی میں ڈالنے کا بندوبست کیا ہے وہیں قوم کیلئے بچت والا پرانا گھسا پٹا چورن دوبارہ فروخت کرنے کا انتظام بھی کر لیا ہے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں حالیہ اضافہ بلاجواز اور سرعام جیب کاٹ لینے جیسی حرکت کے علاوہ اور کچھ بھی نہیں کیونکہ تیل کی قیمتوں میں اضافے کا عملی طور پر ابھی ہم پر کوئی اثر نہیں پڑا تھا اور ہم نے خام تیل کی قیمتوں میں ہوئے اضافے کی بنیاد پر پرانی قیمتوں پر خرید کردہ تیل کے ان ذخائر کی قیمتوں میں اضافہ کر دیا جو آئل کمپنیوں کے بلک سٹورز یا پٹرول کمپنیوں میں پڑے ہوئے تھے۔

فروری کے آخر میں ہمارے ہاں پٹرول کی قیمت 258 روپے فی لیٹر جبکہ خام تیل کی قیمت 68 ڈالر فی بیرل کے لگ بھگ تھی۔ مارچ کے دوسرے ہفتے میں خام تیل 119 ڈالر فی بیرل ہوا تو ہمارے ہاں قیمت 321 روپے فی لیٹر ہو گئی۔ ہم نے یہ اضافہ ایک انگریزی لفظ کے مطابق سراسر Hypothetical یعنی مفروضے کی بنیاد پر کیا کہ تیل کی نئی قیمت ہمیں متاثر کرے گی۔ نئی قیمت پر تیل کی خرید ابھی ہم سے کوسوں دور تھی اور ہمارے ذخائر پر بھی سارا تیل پرانی قیمت پر خرید کردہ تھا۔ ابھی ہم نے 119 ڈالر فی بیرل والی قیمتوں پر کوئی سودا بھی نہیں کیا تھا کہ عالمی منڈی میں یہ قیمتیں کم ہو کر دوبارہ 100 ڈالر فی بیرل پر آ گئیں۔ 119 ڈالر فی بیرل والی قیمت کو بہانہ بنا کر ہم نے قیمتوں میں بائیس فیصد اضافہ تو کر دیا تاہم قیمتیں کم ہونے کے باوجود ان میں فوری طور پر کوئی کمی نہیں کی۔ یعنی ہم نے اضافہ کرتے وقت عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں کو جواز بنایا جبکہ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں کمی کی خبر ابھی تک حکومت کے کانوں

اظہار خیال

خالد مسعود خان

تک نہیں پہنچی۔ ہمارے ساتھ ہمیشہ یہی کچھ ہوتا آیا ہے۔ اس عالمی بحران کی چھتری تلے حکومت کو ایک بار پھر Austerity یعنی سادگی' بچت اور کفایت شعاری کا دورہ پڑ گیا ہے۔ یہ جو میں نے دورہ کا لفظ استعمال کیا ہے تو اس کے پیچھے ماضی کے تلخ تجربات کا ہاتھ ہے۔ حکومتوں کو جب عوام میں اپنے نمبر بنانے کا دورہ پڑتا ہے تو وہ سستی شہرت کے حصول کیلئے اس قسم کے ڈرامے کرتی ہیں۔ صدر ضیا الحق نے سائیکل سواری کا ڈرامہ کرنے پر سرکار کے کروڑوں روپے اڑا دیے۔ انہی کے وزیر اعظم محمد خان جونیجو نے سرکاری 'افسروں' وزیروں اور مشیروں وغیرہ کیلئے بڑی گاڑیوں کے بجائے چھوٹی گاڑیاں استعمال کرنے کا اعلان کیا۔ پرانی بڑی گاڑیاں اونے پونے بیچ کر ان میں مزید پیسے ڈال کر نئی چھوٹی گاڑیاں خرید لی گئیں۔ ایک پنجابی محاورے کے مطابق بھینس بیچ کر گدھی خرید لی گئی۔ اس اعلان کا اطلاق بھی صرف سول ملازمین پر ہوا' زورآوروں نے اس حکم کو بقول فیض احمد فیض 'جو کہا تو سن کے اڑا دیا جو لکھا تو پڑھ کے مٹا دیا'۔ تین سال بعد جونیجو صاحب رخصت ہوئے تو یہ حکم نامہ جو پہلے بھی جزوی طور پر لاگو ہوا تھا' اپنے انجام کو پہنچا۔ نئی سرکار نے دوبارہ چھوٹی گاڑیوں سے خلاصی حاصل کی اور نئے سرے سے بڑی گاڑیاں خرید لیں۔ اس ساری بچت سکیم میں عوام کے ٹیکس کے ساتھ جو سلوک ہوا وہ ایک علیحدہ دردناک داستان ہے۔ چند سال پرانی بات ہے میں اپنے ایک دوست سرکاری افسر کے پاس اسلام آباد میں پاک سیکرٹریٹ کی تیسری منزل پر واقع اس کے دفتر میں بیٹھا ہوا تھا کہ اس دور میں کیے جانے والے Austerity اقدامات کا ذکر چل پڑا۔ میں نے اپنے دوست سے پوچھا کہ اس مہم کا حقیقی بچت سے کیا تعلق ہے؟ وہ ہنسا اور کہنے لگا: ہم سرکاری بابو اس سلسلے میں بڑے ہوشیار اور کائیاں ہیں۔ ہم اس بچت مہم کی طے کردہ حدود وقیود اور پابندیوں میں سے اپنی مرضی کا راستہ نکالنے کے فن میں بڑے ماہر فنکار ہیں۔ بچت کے اس حکمنامے کو جاری ہوئے ڈیڑھ سال ہو چکا ہے۔ تم میری کھڑکی سے نیچے کھڑی ہوئی سبز نمبر پلیٹ والی گاڑیوں پر نظر دوڑاؤ۔ نیچے اس سال مارکیٹ میں آنے والی نئی ماڈل کی گاڑیوں کی اتنی تعداد دکھائی دے گی کہ تمہاری عقل ٹھکانے آ جائے گی۔ بچت مہم ڈیڑھ سال سے لاگو ہے اور دس ماہ پہلے مارکیٹ میں آنے والی گاڑیوں کی ایک پوری کھیپ سرکاری نمبر پلیٹ لگا کر نیچے کھڑی Austerity کا منہ چڑا رہی ہے۔

چند سال قبل عمران خان کو بھی اسی قسم کا خبط اٹھا۔ وزیر اعظم ہاؤس کی ساری لگژری اور بلٹ پروف گاڑیاں سکریپ کے بھاؤ بیچ کر ان سے جان چھڑوا لی گئی۔ خود وزیر اعظم ہاؤس میں رہنے کی 'عیاشی' سے انکار کرتے ہوئے اپنی ذاتی رہائش گاہ بمقام بنی گالا کو وزیر اعظم ہاؤس کا درجہ عطا کر دیا۔ سرکاری وزیر اعظم ہاؤس میں موجود سارا سٹاف اور ملازمین بیکار میں سرکاری روٹیاں توڑتے رہے۔ خود خان صاحب روزانہ ہیلی کاپٹر پر دفتر آتے رہے۔ جب ریاستی مہمان آنا شروع ہوئے تو حفاظتی نقطہ نظر سے بلٹ پروف گاڑیوں اور لگژری گاڑیوں کی ضرورت پڑی تو دوبارہ سے نئی گاڑیاں خریدی گئیں۔ ہمارے ہاں بچت' کفایت شعاری اور سادگی والی تمام ترمہمات بالآخر ایک نئے خرچے پر جا کر ختم ہوتی ہیں۔ اس ملک میں سب سے بڑا ڈرامہ یہ ہے کہ سرکاری خزانے کو حلوائی کی دکان پر نانا جی کا فاتحہ سمجھ کر اڑانے والے حکمران تنخواہ نہ لینے کا اعلان کر کے خود کو سادگی اور کفایت شعاری کے ساتھ ساتھ ملک کیلئے قربانی دینے والے عظیم رہنما کے طور پر پیش کرتے ہیں۔ سرکار کو حالیہ ایران امریکہ جنگ پر ایک بار پھر سادگی' کفایت شعاری اور بچت یاد آ گئی ہے اور میرا دل ڈر رہا ہے کہ دیکھیں اب اس سادگی اور بچت مہم پر نئے اخراجات کا نزلہ کس پر گرتا ہے' تاہم اس مہم پر مجھے پنجاب حکومت کا حالیہ خرید کردہ گلف سٹریم G500 جہاز پر اب تک ہونے والے خرچوں کے بعد آئندہ ہونے والے خرچوں سے یاد آیا کہ اس بچت مہم کا ان اخراجات پر کیا اثر پڑے گا؟ اس لگژری جہاز کو چلانے کے لیے مہینہ طور پر دو عدد غیر ملکی پائلٹس بھرتی کیے گئے ہیں جن کی تنخواہ مہینہ طور پر 32 ہزار اور 28 ہزار ڈالر ماہانہ ہے۔ یعنی کل ساٹھ ہزار ڈالر ماہانہ صرف تنخواہ کی مد میں دیے جا رہے ہیں۔ یہ رقم پاکستانی روپوں میں 283 روپے فی ڈالر کے حساب سے ایک کروڑ ستر لاکھ ماہانہ بنتی ہے۔ ان پائلٹس کی سالانہ بیس کروڑ چالیس لاکھ روپے تنخواہ کے اور دیگر آپریشنل اخراجات کیلئے حکومت پنجاب نے کل 86 کروڑ 15 لاکھ روپے مختص کیے ہیں۔ ساڑھے چھ کروڑ روپے پائلٹس اور انجینئرز کی امریکہ میں لازمی ریفریشر ٹریننگ پروگرام پر خرچ ہوں گے۔

خواتین کے حقوق، تعلیم نسواں اور ہماری ذمہ داری

تحریر: شہناز حسن مندوخیل

گزشتہ دنوں یعنی آٹھ مارچ کو بلوچستان سمیت ملک بھر میں خواتین کا عالمی دن منایا گیا۔ یہ دن ہر سال پوری دنیا میں اس مقصد کے تحت منایا جاتا ہے کہ خواتین کے حقوق سے متعلق عوام میں شعور اور آگہی پیدا کی جائے اور حکومتوں و معاشروں کو اس بات کی یاد دہانی کرائی جائے کہ وہ خواتین کے حقوق کے تحفظ اور ان کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے سنجیدہ اقدامات کریں۔ اس دن کے منانے کا مقصد صرف تقریبات یا بیانات تک محدود نہیں بلکہ یہ ایک اجتماعی پیغام بھی ہے کہ معاشرے کی ترقی میں خواتین کے کردار کو تسلیم کیا جائے اور انہیں زندگی کے ہر شعبے میں آگے بڑھنے کے مساوی مواقع فراہم کئے جائیں۔ بلاشبہ ترقی یافتہ معاشروں میں خواتین کو کافی حد تک حقوق حاصل ہیں، مگر قبائلی اور نیم قبائلی معاشروں میں آج بھی خواتین کے حقوق کی صورتحال ایک سنگین اور الم صورت اختیار کئے ہوئے ہے۔ ہمارے ہاں معاشرتی روایات، تنگ نظری اور بعض فرسودہ رسم و رواج کی وجہ سے خواتین کو وہ مقام حاصل نہیں ہو سکا جس کی انہیں ضرورت ہے اور جس کا حق انہیں دین اسلام نے دیا ہے۔ حالانکہ دین مبین اسلام نے مردوں کے ساتھ ساتھ خواتین کے بھی حقوق و فرائض اور ذمہ داریاں واضح طور پر متعین کر دی ہیں۔ اسلام نے خواتین کو عزت و وقار عطا کیا اور انہیں معاشرے کا ایک باوقار اور بااختیار فرد تسلیم کیا۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ خواتین کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آؤ، جو اس بات کی واضح دلیل ہے کہ اسلام میں عورت کے احترام اور اس کے حقوق کو بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ ہمارے معاشرے میں مردوں کے ساتھ ساتھ خواتین کو معاشرے کی بنیاد اسلام پر ہے، مگر افسوس کی بات یہ ہے کہ عملی طور پر ہم خواتین کو ان کے بہت سے بنیادی حقوق فراہم نہیں کر سکے۔ آج بھی کئی علاقوں میں خواتین کو جائیداد میں وراثت کے جائز اور شرعی حق سے محروم رکھا جاتا ہے۔ یہ ایک تلخ حقیقت ہے کہ بیٹے کی پیدائش پر خوشی کا اظہار کیا جاتا ہے، مٹھائیاں تقسیم کی جاتی ہیں، جبکہ بیٹی کی پیدائش پر خاموشی اختیار کی جاتی ہے یا بعض اوقات افسوس کا اظہار کیا جاتا ہے۔ یہ رویہ کسی بھی مہذب معاشرے کے لئے مناسب نہیں بلکہ زمانہ جاہلیت کی یاد دلاتا ہے۔ اسی طرح ایک اور بڑا مسئلہ خواتین کی تعلیم سے محرومی بھی ہے۔ آج بھی ہمارے معاشرے میں بہت سی لڑکیاں تعلیم کے مواقع سے محروم ہیں۔ اس کی کئی وجوہات ہیں جن میں غربت، سماجی دباؤ، تعلیمی سہولیات کی کمی اور بعض والدین کی عدم توجہ شامل ہیں۔ کئی علاقوں میں لڑکیوں کے اسکول موجود نہیں یا تعلیم کے مناسب مواقع فراہم نہیں کئے جاتے، جس کے نتیجے میں لڑکیاں تعلیم حاصل نہیں کر پاتیں۔ تعلیم اور شعور در اصل زندگی کی بنیاد ہیں۔ انسان تعلیم کے ذریعے نہ صرف علم حاصل کرتا ہے بلکہ اس کے اندر سوچنے، سمجھنے اور صحیح فیصلے کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ تعلیم یافتہ خواتین اپنے بچوں کی بہتر تربیت کر سکتی ہیں اور معاشرے میں مثبت تبدیلی لانے کا ذریعہ بن سکتی ہیں۔ اس لئے ہمیں چاہئے کہ ہم لڑکیوں کی تعلیم پر خصوصی توجہ دیں۔ حکومت اور معاشرے دونوں کی یہ مشترکہ ذمہ داری ہے کہ تعلیم کے مواقع فراہم کئے جائیں اور ہر بچے کو تعلیم حاصل کرنے کا حق دیا جائے۔ اس مقصد کے حصول کے لئے ضروری ہے کہ تعلیمی اداروں کی تعداد میں اضافہ کیا جائے، اساتذہ کی تربیت کو بہتر بنایا جائے اور تعلیمی سہولیات کو عام کیا جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ ... ادا کرتی ہیں۔ وہ گھر کے کام کاج سے لے کر بچوں کی تعلیم و تربیت تک اپنی ذمہ داریاں نہایت احسن طریقے سے نبھاتی ہیں۔ ایک ماں کی حیثیت سے وہ نئی نسل کی پرورش کرتی ہیں اور بچوں کے کردار، اخلاق اور مستقبل کی بنیاد رکھتی ہیں۔ ہمارے ... طور پر شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا۔ لہٰذا وقت کا تقاضا ہے کہ ہم تعلیم نسواں کو اپنی ترجیحات میں شامل کریں اور اس میدان میں عملی اقدامات کریں تاکہ آنے والی نسلوں کے لئے ایک بہتر اور روشن معاشرہ تشکیل دیا جا سکے۔

بھاگ ناڑی، رمضان سستا بازار عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں ناکام

بھاگ ناڑی (اے این این) رمضان سستا بازار عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں ناکام چند دن کی ویرانی کے بعد ختم کر دیا گیا عوام بدستور مہنگائی کے رحم و کرم پر حکومتی دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے تفصیلات کے مطابق بھاگ شہر کی بازار کے عین وسط میں رمضان المبارک کے دوران قائم کیا گیا رمضان بچت بازار عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں ناکام حکومتی دعوے دھرے رہ گئے بازار کے افسوسناک مناظر دیکھنے کو ملے گئے چند متعدد اسٹال خالی اور ویران نظر آئے جبکہ خریداروں کی تعداد نہ ہونے کے برابر تھی وہ بھی چند دن فوٹو سیشن کے بعد بند کر دیا گیا شہریوں نے شکایت کی ہے کہ انتظامیہ کی جانب سے سستی اشیاء خورد و نوش فراہمی کے بلند و بانگ دعوے عملی طور پر پورے نہ ہو سکے ان کا کہنا تھا کہ سستا بازار میں نہ تو معیاری اشیاء دستیاب تھیں اور نہ ہی قیمتوں میں نمایاں فرق موجود تھا جیسا کہ اعلان کیا گیا تھا شہریوں کے مطابق چند اسٹالز پر بنیادی اشیاء کی عدم موجودگی نے عوام کو مایوس کر دیا رمضان المبارک کے دوران مہنگائی کے پیش نظر حکومت کی جانب سے بچت بازاروں کا قیام عوام کو ریلیف دینے کیلئے کیا جاتا ہے

بشیر احمد میمن سے میر عبدالواحد زہری کی کراچی میں ملاقات

خضدار (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ ن صوبائی سندھ کے صدر بشیر احمد میمن سے مسلم لیگ ن ضلع خضدار کے صدر میر عبدالواحد زہری ان کے رہائش گاہ ڈیفنس کراچی میں ملاقات کی۔ ملاقات میں مختلف سیاسی و دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

جھالاوان بوائز ہاسٹل خضدار کینٹ ایف جی اسکول میں داخلوں کا آغاز

خضدار (بیورو رپورٹ) جھالاوان بوائز ہاسٹل ... کا جماعت ٹیسٹ ششم کیلئے ہوگا اور جماعت ششم کا ٹیسٹ جماعت ہفتم کیلئے الگ ٹیسٹ ہوگا آخری ٹیسٹ 25 مارچ 2026 صبح 9:00 سے شروع ہوگا داخلہ کیلئے خواہشمند طلباء اور والدین اس فون نمبر 03366758067 رابطہ کریں

قومی شاہراہ پر گٹ لانڈھی کے مقام پر حادثے کا شکار گاڑی معمہ بن گئی

حادثے میں دو افراد ہلاک، چھ زخمی ہوئے، ڈی سی نے تحقیقات شروع کر دی

حادثے کا شکار گاڑی میں مرنے اور زخمیوں کا تعلق افغانستان سے بتایا جاتا ہے

چاغی (پ ر) آر سی ڈی شاہراہ پر گٹ لانڈھی کے مقام پر حادثے کا شکار گاڑی ایک معمہ بن گئی حادثے میں دو افراد ہلاک جبکہ چھ افراد شدید زخمی ہوئے تھے ڈپٹی کمشنر چاغی جہانزیب نور شاہوانی نے واقع کی تحقیقات شروع کر دی تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز آر سی ڈی شاہراہ پر گٹ کے قریب گٹ لانڈھی کے مقام پر گاڑی حادثے کا شکار ہوا جس کے نتیجے میں دو افراد عبدالستار ولد عبدالواحد اور جمعہ خان ولد محمد علی جاں بحق جبکہ نور اللہ ولد حاجی میر اللہ عبدالولی ولد محمد گل عبدالغفار و دیگر شدید زخمی ہوئے تھے زخمیوں کو پرنس فہد ہسپتال دالبندین میں ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد کوئٹہ ریفر کر دیا گیا حادثے کے شکار گاڑی میں مرنے والے اور زخمیوں کا تعلق افغانستان سے بتایا جاتا ہے جو کہ غیر قانونی طور بارڈر کے راستے سے یورپ جانا چاہتے تھے عینی شاہدین کے مطابق نان کسٹم پیڈ گاڑی کو پولیس نے رکنے کا اشارہ کیا نہ رکنے پر اس پر فائر کھول دی جسکے نتیجے میں گاڑی کا ٹائر برسٹ ہوا اور گاڑی الٹ گئی تاہم پولیس اس ایریا میں پولیس کی چوکی اور فائرنگ سے مکمل لاعلمی کا اظہار کر رہی ہے

سوراب، تحصیل گدر میں شجرکاری مہم تاحال شروع نہ ہو سکی

حکومت کے سرسبز بلوچستان کے دعوے کاغذی کارروائی تک محدود

سوراب (آن لائن) تحصیل گدر میں شجرکاری مہم تاحال شروع نہ ہو سکی جس کے باعث حکومت بلوچستان کے سرسبز بلوچستان کے دعوے محض کاغذی کارروائی تک محدود دکھائی دے رہے ہیں، گدر سمیت مضافاتی علاقوں میں اب تک ایک بھی درخت نہیں لگایا جا سکا، جس پر عوامی حلقوں میں شدید تشویش پائی جا رہی ہے تفصیلات کے مطابق محکمہ جنگلات اس حوالے سے مکمل طور پر غفلت کا مظاہرہ کر رہا ہے اور شجرکاری مہم کو عملی طور پر شروع کرنے کے بجائے اسے صرف سوشل میڈیا پر تصاویر اور فوٹو سیشن تک محدود رکھا گیا ہے، جبکہ زمینی سطح پر اس مہم کے اثرات کہیں نظر نہیں آ رہے ہے جبکہ شجرکاری مہم کے لیے لائے گئے سینکڑوں پودے مناسب دیکھ بھال نہ ہونے کے باعث ناکارہ اور خراب ہو چکے ہیں، جو متعلقہ اداروں کی غفلت اور ناقص منصوبہ بندی کو ظاہر کرتے ہیں اگر ان پودوں کو بروقت لگایا جاتا اور ان کی دیکھ بھال کی جاتی تو علاقے میں شجرکاری مہم کا باقاعدہ آغاز ہو چکا ہوتا

افطاری کے وقت میڈیکل اسٹور میں ڈکیتی، لاکھوں روپے لوٹ کر فرار

تاجر برادری میں خوف، پولیس کی کارکردگی، امن و امان کی صورتحال پر سوالیہ نشان

حب (یو این اے) شہر کے مصروف ترین وقت، یعنی افطاری کے دوران، زاہد میڈیکل اسٹور پر ... ہی شہر بھر میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں غیر معمولی اضافہ ہوا ہے، جس سے کاروباری ...

تونکنڈی واقعہ تشویشناک اور قابل مذمت ہے، نیشنل پارٹی

تونکنڈی (پ ر) تونکنڈی واقعہ تشویشناک اور قابل مذمت ہے، ذمہ داروں کے خلاف کارروائی ہونی چاہیے ان خیالات کا اظہار نیشنل پارٹی کے ورکنگ کمیٹی کے ممبر و رخشان ڈویژن کے جنرل سیکرٹری سردار رفیق شیر بلوچ نے اپنے ایک بیان میں کہا انہوں نے کہا کہ تونکنڈی میں پیش آنے والا افسوسناک واقعہ، جہاں پولیس کی فائرنگ کے بعد گاڑی الٹنے سے ایک بے گناہ شہری جاں بحق جبکہ دوسرا شدید زخمی ہو گیا

کچھی، چیف انجینئر بشیر ناصر زیر تعمیر منصوبے کا جائزہ لے رہے ہیں

ضلع نصیر آباد، یوم القدس ریلی، فلسطینی مظلوم عوام سے یکجہتی کا اظہار

اسلام کا دشمن آج سب کے سامنے ہے جو مسلمانوں کے ساتھ لڑ رہے ہے جو امریکہ اور اسرائیل ہیں

شہید اسلام آیت اللہ العظمیٰ سید علی خامنہ ای نے اپنی جان دی مگر ظالم کے سامنے جھکے نہیں، علامہ مشتاق

نصیر آباد (نامہ نگار) نمائندہ ولی فقیہ و قائد ملت جعفریہ پاکستان حضرت آیت اللہ سید ساجد علی نقوی کے حکم پر پورے پاکستان کی طرح ضلع نصیر آباد بلوچستان کے شہر ڈیرہ مراد جمالی میں بھی عظیم الشان یوم القدس ریلی نکالی گئی۔ ریلی میں شرکاء نے پلے کارڈز اٹھائے ہوئے تھے جس پر امریکہ و اسرائیل کے خلاف نعرے درج تھے شیعہ علماء کونسل بلوچستان کے زیر اہتمام نکالی جانے والی اس ریلی کی قیادت صوبائی صدر شیعہ علماء کونسل علامہ مشتاق حسین عراقی علامہ محمد رضا مظفر علامہ امتیاز علی جھنڈیل علامہ نصراللہ بھٹو اور صوبائی سیکرٹری تبلیغات مولانا برکت علی ساقی نے کی اس موقع پر ضلعی صدر سید مختیار حسین نقوی، نائب صدر مومن علی علوی سید علی رضا شاہ مہر خان عمرانی عباس علی عراقی عاشق حسین امداد علی غلام مصطفیٰ رفیق خان ... مسلمانوں کے ساتھ لڑ رہا ہے جو امریکہ اور اسرائیل ہیں شہید اسلام مقام معظم رہبری شہید آیت اللہ العظمیٰ سید علی خامنہ ای نے اپنی جان دی مگر ظالم کے سامنے جھکے نہیں ان مظلوم فلسطینی عوام کی خاطر اس اسلام کی خاطر اپنی جان دی مگر دشمن کے سامنے جھکے نہیں، ہماری بھی ذمہ داری بنتی ہے بیت المقدس کی آزادی اور ظلم کے خاتمے تک ہم اس جنگ کو جاری رکھے رہیں گے۔ شرکاء نے فلسطینی عوام کے حق میں فلک شگاف نعرے بلند کیے شرکاء کا کہنا تھا کہ قبلہ اول کی آزادی تک مسلمان خاموش نہیں بیٹھیں گے فلسطین کی حمایت اور مظلوموں کی آواز بلند کرنا ہم سب کی دینی و انسانی ذمہ داری ہے۔

شربت بھٹو کے الزامات بے بنیاد اور حقائق کے منافی ہیں، عبدالغفار

جس مقام پر فروٹ کی ریڑھی لگائی گئی ہے وہ جگہ ان کی ملکیتی اراضی ہے

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) جویو رابطہ کمیٹی کے چیئرمین میر عبدالغفار جویو نے اپنی رہائش گاہ پر پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ روز شربت خان بھٹو و دیگر کی جانب سے کئے گئے پریس کانفرنس میں لگائے گئے تمام الزامات کو مسترد کرتے ہیں اس موقع پر جویو قومی اتحاد کے صوبائی ... جس مقام پر فروٹ کی ریڑھی لگائی گئی ہے وہ جگہ ان کی ملکیتی اراضی ہے اور انہوں نے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر شربت خان بھٹو کو عارضی طور پر وہاں ریڑھی لگانے کی اجازت دی تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ اس کے باوجود شربت خان بھٹو کی جانب سے الزامات لگانا اور ہوٹل کے ساتھ اپنی ریڑھی لگانے ... الزامات کو سختی سے مسترد کر دیا۔ میر عبدالغفار جویو نے کہا کہ گزشتہ روز شربت خان بھٹو نے میڈیا کے سامنے یہ الزام عائد کیا کہ انہیں ولی داد جویو اور ان کے ساتھیوں نے تشدد کا نشانہ بنایا گیا اور ان کی فروٹ کی ریڑھی کو ہٹانے کے دوران حملہ کیا گیا، تاہم یہ تمام الزامات بے بنیاد اور حقائق کے منافی ہیں۔ انہوں نے وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ ... جانبدارانہ تحقیقات کی جائیں تاکہ حقیقت عوام کے سامنے آ سکے اور بے بنیاد الزامات کا خاتمہ ہو۔ پریس کانفرنس کے دوران جویو قومی اتحاد کے دیگر رہنما بھی موجود تھے جنہوں نے میر عبدالغفار جویو کے موقف کی تائید کرتے ہوئے کہا کہ کسی کو بھی ذاتی مفادات کے لیے جھوٹے الزامات لگا کر ماحول خراب نہیں کرنا چاہیے۔

جھل مگسی، غلام سرور کشیار کا گورنمنٹ پرائمری سکول سہراب خان کھوسہ آمد کے موقع پر نوجوان کشیار اتحاد پاکستان کے قائدین کے ہمراہ گروپ فوٹو

ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر سمجھوتہ نہ کیا جائے، چیف انجینئر نصیر آباد

صوبہ بھر میں ترقیاتی عمل کو تیز رفتار اور معیاری بنانے کے لیے بھرپور اقدامات کیے جا رہے ہیں

کوشش ہے تمام ترقیاتی منصوبوں کو پی سی ون کے مطابق بروقت پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے، بشیر ناصر

نصیر آباد + ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگاران) چیف انجینئر نصیر آباد زون بشیر ناصر نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد خان کھوسہ اور صوبائی سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو بابر خان کاکڑ کے احکامات کی روشنی میں ضلع کچھی کا دورہ کیا اور محکمہ بی اینڈ آر کی مختلف جاری ترقیاتی اسکیموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران انہوں نے مختلف منصوبوں پر جاری تعمیراتی کام کا معائنہ کیا اور کام کے معیار، رفتار اور مقررہ شیڈول کے مطابق پیش رفت کے بارے میں تفصیلی آگاہی حاصل کی۔ اس موقع پر ایگزیکٹو انجینئر ارشاد احمد سیلاچی نے چیف انجینئر کو ضلع میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ مختلف سڑکوں اور دیگر ترقیاتی اسکیموں پر کام جاری ہے اور منصوبوں کو حکومتی ہدایات کے مطابق مکمل کرنے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ چیف انجینئر نصیر آباد زون بشیر ناصر نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کے وژن کے مطابق صوبہ بھر میں ترقیاتی عمل کو تیز رفتار اور معیاری بنانے کے لیے بھرپور اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری بھرپور کوشش ہے کہ تمام ترقیاتی منصوبوں کو پی سی ون کے مطابق بروقت پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے تاکہ حکومت کی جانب سے شروع کی گئی اسکیمیں مقررہ معیار کے مطابق مکمل ہو سکیں اور عوام کو بہتر سفری اور بنیادی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے اور کام کو تیز رفتار انداز میں مکمل کیا جائے تاکہ عوام جلد از جلد ان منصوبوں کے ثمرات سے مستفید ہو سکیں۔

اوستہ محمد، چیئرمین مارکیٹ کمیٹی سے کونسلران کے وفد کی ملاقات

نصیر آباد، اے سی بہادر خان کھوسہ پی ایچ ای کے تالاب کا جائزہ لے رہے ہیں

کوہلو، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے رمضان راشن پیکج کی شفاف تقسیم

ڈپٹی کمشنر عظیم جان دومڑ کی نگرانی میں مستحقین تک فراہمی، شہریوں کا اظہار تشکر

کوہلو (نمائندہ مشرق) ضلع کوہلو میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے فراہم کیے گئے رمضان راشن پیکج کی تقسیم ڈپٹی کمشنر کوہلو عظیم جان دومڑ کی نگرانی میں منظم اور شفاف طریقے سے جاری ہے۔ ضلعی انتظامیہ نے راشن کی منصفانہ اور موثر تقسیم کو یقینی بنانے کے لیے ضلع بھر میں 7 مختلف مقامات قائم کیے جہاں سینکڑوں مستحق خاندانوں کو راشن فراہم کیا جا رہا ہے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق راشن کی تقسیم سے قبل مستحق خاندانوں کی باقاعدہ اور تفصیلی فہرستیں تیار کی گئیں جنہیں شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے عوامی مقامات پر آویزاں کیا گیا۔ انہی فہرستوں کی بنیاد پر مستحق افراد کو مقررہ پوائنٹس پر راشن فراہم کیا گیا تاکہ زیادہ سے زیادہ ضرورت مند خاندان اس حکومتی ریلیف سے مستفید ہو سکیں۔ ڈپٹی کمشنر کوہلو عظیم جان دومڑ کی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ، متعلقہ محکموں اور عملے نے تقسیم کے تمام مراحل کی نگرانی کی اور اس بات کو یقینی بنایا کہ راشن حقیقی مستحقین تک پہنچے۔ انتظامیہ کی جانب سے ہر پوائنٹ پر مناسب انتظامات کیے گئے تاکہ مستحقین کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انتظامیہ کے مطابق بعض مقامات پر سکیورٹی کی کمی کے باعث وقتی طور پر معمولی بدنظمی دیکھنے میں آئی، تاہم ضلعی عملے نے فوری طور پر صورتحال کو قابو میں کرتے ہوئے راشن کی تقسیم کا عمل بلاتعطل جاری رکھا۔ مقامی شہریوں نے حکومت بلوچستان کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں ضرورت مند خاندانوں کے لیے راشن پیکج ایک قابل تحسین قدم ہے جس سے غریب اور مستحق گھرانوں کو حقیقی ریلیف ملا ہے۔ شہریوں نے ضلعی انتظامیہ کوہلو کے انتظامات کو بھی سراہتے ہوئے کہا کہ راشن کی تقسیم منظم اور شفاف انداز میں کی گئی۔ شہریوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور ڈپٹی کمشنر کوہلو عظیم جان دومڑ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ مستقبل میں بھی ایسے فلاحی اقدامات جاری رکھے جائیں گے

بی آر اے کا الیکٹرانک انوائس مانیٹرنگ سسٹم رولز متعارف کرانے کا فیصلہ

رجسٹرڈ سروس فراہم کنندگان کے انوائسنگ سسٹم کو بی آر اے کے ڈیجیٹل پلیٹ فارم سے منسلک کیا جائے گا

مقصد ٹیکس قوانین پر عملدرآمد کو بہتر بنانا، کم رپورٹنگ کی حوصلہ شکنی اور ٹیکس انتظامیہ کو جدید خطوط پر استوار کرنا ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایات پر بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے صوبائی ٹیکس نظام میں شفافیت اور ڈیجیٹلائزیشن کو فروغ دینے کیلئے الیکٹرانک انوائس مانیٹرنگ سسٹم (IMS-e) رولز 2026 متعارف کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ قواعد بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز ایکٹ 2015 کے تحت نافذ کیے جائیں گے۔ اتھارٹی کے مطابق نئے نظام کے تحت رجسٹرڈ سروس فراہم کنندگان کے انوائسنگ سسٹم کو بی آر اے کے ڈیجیٹل پلیٹ فارم کے ساتھ منسلک کیا جائے گا جس کے ذریعے قابل ٹیکس خدمات کی فروخت کی ریئل ٹائم نگرانی ممکن ہو سکے گی۔ اس اقدام کا مقصد ٹیکس قوانین پر عملدرآمد کو بہتر بنانا، کم رپورٹنگ کی حوصلہ شکنی کرنا اور ٹیکس انتظامیہ کو جدید خطوط پر استوار کرنا ہے۔ ان قواعد کے تحت اچانک معائنہ (سرپرائز انسپیکشن)، خفیہ ویڈیو نگرانی اور صارفین کو باقاعدہ رسید لینے کی ترغیب دینے کیلئے کسٹمر پرائز اسکیم جیسے اقدامات بھی شامل ہوں گے۔ بی آر اے کے مطابق کاروباری اداروں کو اس نظام کے نفاذ میں آسانی فراہم کرنے کیلئے تکنیکی معاونت بھی فراہم کی جائے گی۔ اتھارٹی کا کہنا ہے کہ اس اصلاحاتی اقدام سے نہ صرف محصولات میں اضافہ ہوگا بلکہ بلوچستان میں سروسز سیکٹر کی دستاویز بندی اور شفافیت میں بھی نمایاں بہتری آئے گی۔

بارکھان، ڈی سی عبداللہ کھوسہ کی ہدایت پر وزیر اعلیٰ بلوچستان رمضان ریلیف پیکج معذوروں میں تقسیم کیا جا رہا ہے

صحبت پور کی عوام کا احسان مند ہوں، نو منتخب ڈسٹرکٹ کونسل چیئرمین

صحبت پور (نامہ نگار) نو منتخب ڈسٹرکٹ کونسل چیئرمین صحبت پور ایڈووکیٹ مسعود خان کھوسہ کی جناح پریس کلب صحبت پور آمد ہوئی اس موقع پر جناح پریس کلب کے تمام صحافیوں سے تعارف ہوا۔ صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ صحبت پور کی عوام کا احسان مند ہوں کہ اپنے مسائل کے حل کیلئے مجھے بطور ڈسٹرکٹ کونسل چیئرمین منتخب کیا ہے سیاست میں آنے کا مقصد عوام کی بے لوث خدمت کرنا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہمارے خاندان نے اپنے وسائل کے مطابق ہمیشہ بلاتفریق رنگ و نسل عوام کے مسائل حل کیے ہیں میں بھی اپنے آباؤ اجداد کے نقش قدم پر چلتے ہوئے عوام کے اعتماد پر پورا اترنے کی بھرپور کوشش کروں گا اور ان کے مسائل کے حل کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے جدوجہد کروں گا۔ ضلع بھر کی عوام کو تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی میری اولین ترجیحات ہیں۔

رمضان ریلیف پیکج کے تحت سینکڑوں خاندانوں میں راشن تقسیم

ضلعی انتظامیہ کے مطابق راشن کی تقسیم کا سلسلہ مزید جاری رہے گا

کوہلو (خ ن) کوہلو میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی وژن کے مطابق ضلعی انتظامیہ نے رمضان ریلیف پیکج کے تحت سینکڑوں مستحق خاندانوں میں راشن تقسیم کیا ہے کوہلو ٹاؤن سمیت، لاسیٹری، تمبو، گرنی میوند میں غریب اور مستحق خاندانوں میں راشن تقسیم کا مرحلہ وار عمل تیزی سے جاری ہے ضلعی انتظامیہ کے مطابق راشن کی تقسیم کا سلسلہ مزید جاری رہے گا اور اس عمل کو مکمل شفاف اور منظم طریقے سے جلد پورا کیا جائے گا جس میں ضلع کے شہری اور دیہی علاقوں کے مستحق خاندانوں کو رمضان ریلیف پیکج کے تحت راشن فراہم کیا جائے گا۔

عوامی فلاح کے منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومت کی ترجیح ہے، اسماعیل مینگل

منصوبوں کی تکمیل سے علاقے میں تعلیمی، سماجی اور کھیلوں کی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا

لورالائی (خ ن) سرکاری باغ میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ، معیار اور بروقت تکمیل کی ہدایت لورالائی ڈپٹی کمشنر لورالائی میران بلوچ کی خصوصی ہدایات پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد اسماعیل مینگل نے اسسٹنٹ کمشنر بوری ندیم اکرم کے ہمراہ سرکاری باغ میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے ڈبل اسٹوری ڈیجیٹل لائبریری، ویمن جمنازیم اور میل فٹسال گراؤنڈ کے زیر تعمیر منصوبوں کا معائنہ کیا اور کام کی رفتار، معیار اور پیش رفت کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر متعلقہ حکام نے منصوبوں کے بارے میں بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ تعمیراتی کام مقررہ منصوبہ بندی کے مطابق جاری ہے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد اسماعیل مینگل نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی منصوبے مقررہ مدت کے اندر اور اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کیے جائیں تاکہ عوام کو جلد از جلد جدید سہولیات میسر آ سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ان منصوبوں کی تکمیل سے علاقے میں تعلیمی، سماجی اور کھیلوں کی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا جبکہ خواتین کے لیے صحت مند سرگرمیوں کے مزید بہتر مواقع فراہم ہوں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔

اوتھل، عیدالفطر کی خریداری عروج پر، خریداروں کا غیر معمولی رش

دکانداروں کی من مانی، شہریوں کا سرکاری نرخناموں پر عملدرآمد کا مطالبہ

اوتھل (یو این اے) عیدالفطر کی آمد میں چند روز باقی رہ جانے کے باعث ضلع لسبیلہ کے ضلعی ہیڈ کوارٹر اوتھل کی مارکیٹوں اور بازاروں میں خریداری کا غیر معمولی رش دیکھنے میں آ رہا ہے اور شہر کے بازاروں میں عید کی تیاریوں کا جوش و خروش عروج پر پہنچ گیا ہے۔ مرکزی بازاروں، مارکیٹوں اور شاپنگ مراکز میں مردوں، خواتین، بچوں اور بزرگوں کی بڑی تعداد عید کی خریداری میں مصروف دکھائی دے رہی ہے جبکہ ہر طرف گہما گہمی اور رونق کا سماں ہے۔ شہری اپنے اہل خانہ کے ہمراہ عید کے لیے کپڑے، جوتے، چوڑیاں، ... بازاروں کے علاوہ مختلف شاہراہوں اور گلیوں میں عارضی اسٹالز بھی سج گئے ہیں جہاں چوڑیاں، مہندی، کھلونے، بچوں کے ملبوسات اور دیگر عید سے متعلق سامان فروخت کیا جا رہا ہے، جس سے بازاروں کی رونق میں مزید اضافہ ہو گیا ہے۔ شہریوں نے شکایت کی ہے کہ عید قریب آتے ہی بعض دکانداروں نے اشیائے ضروریہ اور ملبوسات کی قیمتوں میں از خود اضافہ کر دیا ہے۔ خریداروں کے مطابق کئی اشیا کی قیمتیں تقریباً دوگنا کر دی گئی ہیں جس سے عام خریداروں کو مشکلات کا سامنا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ مہنگائی کے اس دور میں پہلے ہی عوام شدید معاشی دباؤ کا شکار ہیں، ایسے میں دکانداروں کی جانب سے من مانی قیمتیں وصول کرنا تشویشناک امر ہے۔ علاقہ مکینوں اور خریداروں نے ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ بازاروں میں اشیا کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے اور سرکاری نرخناموں پر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں تاکہ عوام کو ریلیف مل سکے۔ ادھر عید کی خریداری کے سلسلے میں گرد و نواح اور دور دراز علاقوں سے بھی لوگوں کی بڑی تعداد اوتھل کا رخ کر رہی ہے جس کے باعث بازاروں میں رش معمول سے ...

پسنی، کروڑوں روپے لاگت کے ڈبل روڈ منصوبے میں تاخیر

گوادر (این این آئی) پسنی، کروڑوں روپے لاگت کے ڈبل روڈ منصوبے میں تاخیر پر بی اینڈ آر ... پرزور اپیل، گوادر کی طرز پر پسنی کیلئے بھی شہری ترقیاتی ادارہ قائم کرنے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق کروڑوں روپے کی لاگت سے تعمیر کیے جانے والے پسنی ڈبل روڈ منصوبے میں تاخیر کے حوالے سے جب محکمہ بی اینڈ آر کے ضلعی ذمہ داران سے استفسار کیا گیا تو انہوں نے وضاحت کرتے ہوئے بتایا کہ مذکورہ منصوبہ دراصل سال 2021-22 کا ترقیاتی منصوبہ تھا جسے مختلف انتظامی اور تکنیکی مراحل سے گزارنے کے بعد 2023-24 میں مکمل طور پر ختم کر دیا گیا۔

پیپلز پارٹی کی جانب سے کارکنوں کے لیے ہوم سولر پینلز کی تقسیم جاری

اقدام کو جیالوں نے سراہا، عیدالفطر کے بعد مزید پینلز فراہم کیے جائیں گے

بیلا (یو این اے) بلاول بھٹو زرداری و صوبائی حکومت کی جانب سے فراہم کردہ ہوم سولر پینلز کی تقسیم و تنصیب پیپلز پارٹی لسبیلا کے ضلعی صدر کی سربراہی میں سولر پینلز تقسیم کیے گئے تفصیل کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی و پارٹی کی صوبائی قیادت کی طرف سے پارٹی عہدیداران و کارکنوں کے لیے فراہم کردہ ہوم سولر پینلز پیپلز پارٹی لسبیلا کے ضلعی صدر حاجی انور رونجھو لاسی نے گزشتہ روز اوتھل وایارو اور بیلا کے ضلعی عہدیداران ضلعی جنرل سیکریٹری عبدالرشید رونجھو ضلعی سیکریٹری اطلاعات یوسف راہی ضلعی سینئر ... لاسی کے حوالے کے جن کی باقاعدہ تنصیب کا عمل بھی مکمل کرا لیا گیا پیپلز پارٹی لسبیلا کے صدر حاجی انور رونجھو لاسی و جملہ عہدیداران و کارکنان نے ہوم سولر پینلز کی فراہمی پر چیئرمین بلاول بھٹو زرداری وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی صدر سردار حاجی عمر گورگیج جنرل سیکرٹری ربانی کاکڑ صوبائی سیکرٹری اطلاعات میر ظہور بلیدی وزیر اعلیٰ کے فوکل پرسن سید اقبال شاہ کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا ہے واضح رہے کہ لسبیلا میں مزید ہوم سولر پینلز کی تقسیم و تنصیب کا عمل عیدالفطر کے بعد مکمل کر لیا جائے گا ہوم سولر پینلز کی فراہمی پر لسبیلا کے پارٹی جیالوں نے پارٹی قیادت کے اس اقدام کو خوش آئند ...

ن لیگ کی دلیر قیادت ہی ملکی مسائل کا حل ہے، فرید افغان

... کا اظہار انہوں نے کارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر مسلم لیگ ن لیبر ونگ کے صوبائی صدر منیر احمد بگٹی و سابق صوبائی سیکرٹری اطلاعات ایڈووکیٹ فرید احمد افغان نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی صدر میاں محمد نواز شریف اور وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف کی قیادت میں ترقی اور خوشحالی کا سفر خوش آئند ہے کامیاب سفر پر خراج تحسین پیش کرتے ہیں

ڈیرہ مراد جمالی، جویو قومی اتحاد کے چیئرمین عبدالغفار جویو سفر خان و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ایف سی نوشکی ملیشاء کے زیر اہتمام قبائلی عمائدین کے اعزاز میں افطار ڈنر

نوشکی (نامہ نگار) ایف سی نوشکی ملیشاء کے زیر اہتمام نوشکی کے قبائلی عمائدین کے اعزاز میں افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا اس موقع پر کمانڈنٹ نوشکی ملیشاء کرنل جاوید الیاس ڈی سی نوشکی محمد حسین ہزارہ خطیب جامع مسجد نوشکی مولوی فرید احمد مینگل اے ڈی سی عمر ستان جمالی چیف آف ذگر سردار محمد آصف مینگل چیف آف نوزی سردار عبدالمجید مینگل چیئرمین میونسپل کمیٹی میر یاسر حیات جمالدینی قبائلی و سیاسی رہنما حاجی میر محمد آصف بادینی، ڈسٹرکٹ وائس چیئرمین حاجی بشیر احمد گورگیج جمعیت علماء اسلام کے حاجی منظور احمد مینگل۔ جماعت اسلامی کے رہنما حافظ مطیع الرحمٰن مینگل

پٹ فیڈر کینال کی سالانہ بندش سے قبل ضلعی انتظامیہ نصیر آباد متحرک

پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے تمام تالابوں اور ذخیرہ گاہوں میں زیادہ سے زیادہ پانی محفوظ کیا جائے

ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، شہریوں کو صاف آب نوشی کی فراہمی یقینی بنائی جائے، بہادر کھوسہ

ڈیرہ مراد جمالی + نصیر آباد (نامہ نگاران) پٹ فیڈر کینال کی سالانہ بندش سے قبل شہری علاقوں میں آب نوشی کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ضلعی انتظامیہ نصیر آباد متحرک ہو گئی ہے۔ ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کیپٹن (ر) ذوالفقار علی کرار کی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ اور محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ مشترکہ طور پر اقدامات کر رہے ہیں تاکہ کینال کی بندش کے دوران شہریوں کو پانی کی فراہمی میں کسی قسم کی مشکلات پیش نہ آئیں۔ اس سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی بہادر خان کھوسہ نے مختلف ...

بھرتی برائے سول ملازمین

کنٹرول فلور نمبر 6 آرمی سروس کور کوئٹہ میں مندرجہ ذیل اسامی کے لئے درخواستیں مطلوب ہیں خواہشمند حضرات اپنی درخواستیں بمعہ رابطہ نمبر تصدیق شدہ قومی شناختی کارڈ، ڈومیسائل، تعلیمی اسناد اور دو عدد تصاویر اس اشتہار کے شائع ہونے کے بعد 15 دن کے اندر بذریعہ ڈاک درج ذیل پتہ پر ارسال کریں، کاغذات کی جانچ پڑتال کے بعد امیدواروں کو ٹیسٹ اور انٹرویو کے لئے بلایا جائے گا۔

نمبر شمار	نام اسامی	تعلیمی قابلیت	تعداد اسامی	ڈومیسائل	عمر حد
1-	چوکیدار (BPS-1)	مڈل	1	لوکل	18 سے 30 سال

نوٹ:-

1- ٹیسٹ انٹرویو کے لئے آنے والوں کو TA/DA نہیں دیا جائے گا۔
2- ریٹائرڈ آرمی ملازم کے لئے عمر کی حد 45 سال ہے۔
3- مجاز اتھارٹی بلا اظہار وجہ کسی بھی درخواست کو منظور یا مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔

پتہ: کمانڈر
کنٹرول فلور نمبر 6 آرمی سروس کور کیئر آف اسٹیشن سپلائی ڈپو کوئٹہ کینٹ

آسامیاں خالی ہیں

47 سپلائی اینڈ ٹرانسپورٹ بٹالین آرمی سروس کور کلی کیمپ کوئٹہ کینٹ کو مندرجہ ذیل آسامیاں پر کرنے کے لئے موزوں امیدواروں سے درخواستیں مطلوب ہیں۔

نمبر شمار	نام آسامی	پے سکیل	تعداد آسامی	عمری حد	تعلیم و تجربہ	علاقائی کوٹہ
1-	سول میس ویٹر	1	2	30-18 سال	مڈل پاس اور متعلقہ کام کا تجربہ رکھتا ہو	مقامی

1- مکمل درخواستیں جوابی لفافے کے ہمراہ اور کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کاپی، ڈومیسائل اور تعلیمی اسناد کی کاپیاں، دو عدد پاسپورٹ سائز تصاویر اشتہار کے 15 دن کے اندر 47 سپلائی اینڈ ٹرانسپورٹ بٹالین آرمی سروس کور کلی کیمپ کوئٹہ کینٹ پہنچ جانی چاہئیں۔
2- درخواست پر متعلقہ آسامی کا نام اور اپنا موبائل نمبر ضرور لکھیں، صرف شارٹ لسٹڈ (Short Listed) امیدواروں کو ٹیسٹ اور انٹرویو کے لئے ہی بلایا جائے گا۔ متعلقہ فیلڈ میں عملی تجربہ رکھنے والوں کو ترجیح دی جائے گی۔
3- محکمہ تمام درخواستیں کوئی وجہ بتائے بغیر رد کرنے کا حق رکھتا ہے۔
4- اصل تعلیمی اسناد، کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ اور ڈومیسائل سرٹیفکیٹ انٹرویو والے دن اپنے ہمراہ لازمی لائیں۔
5- تمام آسامیوں کیلئے عمر کی حد 18 سے 30 سال ہے۔ عمر کی بالائی حد میں حکومت پاکستان کی طرف سے دی گئی پانچ سال کی رعایت بھی شامل کر دی گئی ہے۔

کمانڈنگ آفیسر 47 سپلائی اینڈ ٹرانسپورٹ بٹالین آرمی سروس کور کلی کیمپ کوئٹہ کینٹ
فون نمبر: 03109905221

بعدالت جوڈیشل مجسٹریٹ اختیارات ڈسٹرکٹ جج نصیر آباد بمقام ڈیرہ مراد جمالی

درخواست جانشینی نمبر 7/26

1- گہران نازبو (فقیر محمد مرحوم) قوم مغیری 2- ظہران بی بی دختر (فقیر محمد مرحوم) 3- سلطان محمد ولد (فقیر محمد مرحوم) 4- لیاقت علی ولد (فقیر محمد مرحوم) 5- ذوالفقار علی ولد (فقیر محمد مرحوم) 6- عبدالغفور ولد (فقیر محمد مرحوم) 7- جمعہ خان ولد (فقیر محمد مرحوم) قوم مغیری سکنہ ڈیرہ مراد جمالی بنام عوام الناس

درخواست جانشینی زیر دفعہ 372، جانشینی ایکٹ 1925

ہرگاہ درخواست جانشینی عدالت ہذا میں متوفی فقیر محمد ولد اللہ ورایا قوم مغیری داخل ہوئی ہے جسکی سماعت مورخہ 27/3/2026 مقرر کی جاتی ہے لہٰذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست ہذا کی نسبت اگر کسی قسم کا عذر اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ پیشی 27/3/2026 پر حاضر عدالت آکر درخواست کی پیروی کریں بصورت دیگر کیوں نہ یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے آج بتاریخ 11/3/2026 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

لائسنس DM

TENDER NOTICE

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRAGOB. The Executive Engineer-Building CWPP&H Department District Gwadar invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates Tender fee 1500 PKR, Time limit 12 Months and Bid Security 2% for each work

S.No	Name of Works	E/Cost
	BALOCHISTAN SPECIAL DEVELOPMENT INITIATIVE	
1	ESTABLISHMENT OF IT HUB AT PCTVI GWADAR **TSE-252603998183**	60,290,000
2	ESTABLISHMENT OF IT HUB AT GBHS GHAZI LINE ORMARA **TSE-252603998173**	46,213,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules–2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 4 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 42,203,000 PKR Amount in 1 subsequent previous years showing financial capacity of the firm For S.No.1 & 32,349,100 PKR Amount in1 subsequent previous years showing financial capacity of the firm for S.No.2 **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Guarantee, Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **06th April, 2026** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **06th April, 2026** till **11:00 AM**. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under- signed at **12:00 AM Address:** Office of executive Engineer Building Fish Harbour Road Near Civil Hospital Gwadar
Phoneno:0864210534**Faxno:**0864210534
Email:xen2provincialgwadar@gmail.com

PRQ No.4174/14-03-2026

Executive Engineer (Building) CWPP&H Deptt: District Gwadar

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

ون ڈے سیریز پاکستان بنگلہ دیش فیصلہ کن معرکہ آج ہوگا

پاکستان اور بنگلا دیش کی ٹیمیں آج پاکستانی وقت کے مطابق دوپہر سوا ایک بجے ڈھاکہ میں ان ایکشن ہوں گی

پہلے ون ڈے میچ بنگلہ دیش نے 8 وکٹوں سے کامیابی حاصل کی جبکہ پاکستان نے بنگلہ دیش کو 128 سے شکست دی

ڈھاکہ: (دنیا نیوز) پاک بنگلا دیش ون ڈے سیریز ہوگی کس کے نام؟ سیریز کا تیسرا اور فیصلہ کن ون ڈے میچ آج کھیلا جائے گا۔ پاکستان اور بنگلا دیش کی ٹیمیں آج پاکستانی وقت کے مطابق دوپہر سوا ایک بجے ڈھاکہ میں ان ایکشن ہوں گی۔ یاد رہے کہ دوسرے ون ڈے میں پاکستان نے بنگلا دیش کو ڈی ایل ایس میتھڈ کے تحت 128 رنز سے شکست دے کر سیریز ایک، ایک سے برابر کر دی۔ اس سے قبل کھیلے گئے پہلے ون ڈے میں بنگلا دیش نے پاکستان کو 8 وکٹوں سے شکست دی تھی۔

سلمان آغا کو مہدی حسن میراز کے آؤٹ کرنے پر محمد کیف برس پڑے

وکٹ کیلئے ایسی بے صبری کا مظاہرہ ایک کپتان کی جانب سے کیا گیا، جو ہوا ٹھیک نہیں ہوا

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کے سابق کرکٹر محمد کیف پاکستان کے سلمان علی آغا کے حق اور بنگلا دیش کے کپتان مہدی حسن میراز کے خلاف بول پڑے۔ محمد کیف نے سوشل میڈیا پر مہدی حسن میراز کو ان کی پاکستان کے خلاف دوسرے ون ڈے میچ میں کی گئی حرکت پر تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ محمد کیف نے کہا ہے کہ وکٹ حاصل کرنے کی بے صبری اس طرز کے رن آؤٹ کو درست قرار نہیں دے سکتی، ایسی بے صبری کا مظاہرہ ایک کپتان کی جانب سے کیا گیا، جو ہوا ٹھیک نہیں ہوا۔ انہوں نے کہا ہے کہ تو جو انو یہ یاد رکھنا کہ چاہے ورلڈ کپ فائنل داؤ پر لگا ہو لیکن وہ نہ کرنا جو بنگلا دیش کے کپتان نے کیا، فیئر پلے کے بغیر کھیل کھیل نہیں رہتا۔ یاد رہے کہ مہدی حسن میراز نے دوسرے ون ڈے میچ میں سلمان علی آغا کو متنازع طریقے سے رن آؤٹ کیا تھا جس پر سلمان علی آغا نے شدید غصے کا اظہار بھی کیا تھا۔

زمبابوین کھلاڑی پی ایس ایل چھوڑ کر آئی پی ایل سے منسلک

لاہور (این این آئی) زمبابوے کے فاسٹ بولر بلیسنگ مزربانی کا پاکستان سپر لیگ 2026 سے نام واپس لینے پر پی سی بی نے قانونی ایکشن لینے کا فیصلہ کیا ہے۔ زمبابوے کے فاسٹ بولر بلیسنگ مزربانی نے انڈین پریمئر لیگ (آئی پی ایل) میں کولکتہ نائٹ رائیڈرز (کے کے آر) کی جانب سے ڈیل ملنے پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) 2026 سے نام واپس لے لیا ہے۔ مزربانی نے کے کے آر سے اپنا معاہدہ طے پانے کے بعد فیصلے سے متعلق اسلام آباد یونائیٹڈ کو آگاہ کر دیا ہے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے ...

ٹی 20 ورلڈ کپ کے ہیرو شیوم دوبے کو اہلیہ نے ہجوم سے بچا لیا

حارث رؤف نے وقار یونس کا 33 سالہ ملکی ریکارڈ توڑ دیا

حارث رؤف اب تک 55 ون ڈے میچز میں 25.92 کی اوسط سے 100 وکٹیں حاصل کر چکے ہیں

لاہور (یو این پی) قومی ٹیم کے فاسٹ باؤلر حارث رؤف نے کم ترین ون ڈے میچز میں 100 وکٹیں مکمل کرنے کا وقار یونس کا 33 سالہ ملکی ریکارڈ توڑ دیا، تیز ترین 100 ون ڈے شکار کرنے والے تیسرے پاکستانی باؤلر بن گئے۔ 32 سالہ حارث رؤف نے گزشتہ روز بنگلہ دیش کیخلاف دوسرے ون ڈے میں عمدہ باؤلنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 26 رنز کے عوض 3 شکار کر کے ون ڈے کرکٹ میں اپنی 100 وکٹیں مکمل کر لیں۔ حارث رؤف اب تک 55 ون ڈے میچز میں 25.92 کی اوسط سے 100 وکٹیں حاصل کر چکے ہیں۔ پاکستان کے لیے کم ترین ون ڈے میچز میں 100 وکٹیں لینے کا ریکارڈ شاہین آفریدی کے پاس ہے جنہوں نے صرف 51 میچز میں 100 شکار مکمل کیے تھے، ثقلین مشتاق 53 میچز میں یہ اعزاز اپنے نام کر کے اس فہرست میں دوسرے، وقار یونس 59 میچز میں 100 وکٹیں لیکر چوتھے جب کہ شعیب اختر 60 مقابلوں میں 100 شکار کر کے اس فہرست میں پانچویں نمبر پر ہیں۔ حارث رؤف کم ترین گیندوں میں 100 وکٹیں مکمل کرنے والے دوسرے پاکستانی باؤلر بھی بن گئے ہیں۔ شاہین آفریدی 2526 گیندوں میں اپنی 100 وکٹیں مکمل کر کے اس لسٹ میں پہلے، حارث رؤف 2657 گیندوں میں 100 شکار کر کے دوسرے، شعیب اختر 2755 گیندوں میں 100 وکٹیں لیکر تیسرے، ثقلین مشتاق 2797 گیندوں میں 100 کھلاڑی پویلین واپس بھیج کر اس فہرست میں چوتھے جب کہ وقار یونس 2858 گیندوں میں 100 وکٹیں لیکر پانچویں نمبر پر ہیں۔

دی ہنڈرڈ میں ابرار احمد کے معاہدے پر بھارتی میڈیا کا نیا شوشہ

بھارتی میڈیا ابرار احمد کی دی ہنڈرڈ لیگ میں شرکت پر ویسٹ انڈیز کی سیریز آڑے لے آیا

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) انگلینڈ کی کرکٹ لیگ دی ہنڈرڈ میں بھارتی ملکیتی فرنچائز سے ابرار احمد کے معاہدے سے متعلق این او سی پر بھارتی میڈیا نے نیا شوشہ چھوڑ دیا۔ بھارتی میڈیا ابرار احمد کی دی ہنڈرڈ لیگ میں شرکت پر ویسٹ انڈیز ... دی ہنڈرڈ لیگ کی ونڈو کے دوران ٹیسٹ میچز کی سیریز کیلئے 15 جولائی سے 7 اگست تک ویسٹ انڈیز کا دورہ کرنا ہے جہاں دو ٹیسٹ اور ایک چار روزہ وارم اپ میچ کی سیریز کھیلنا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق دی ہنڈرڈ لیگ 21 جولائی ...

بابر اعظم اور فخر زمان کی انجری کا عاقب جاوید کی تحقیقات کا اعلان

... ان کا کہنا تھا کہ نیشنل ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ اور ورلڈکپ سے پہلے ہونا چاہیے تھا، سلیکٹرز نیشنل ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ میں کھلاڑیوں کی پرفارمنس دیکھ رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان ڈومیسٹک کرکٹ 3 طرح کی ...

چیئرمین پی سی بی نے سلیکشن کمیٹی کو ٹیم کے انتخاب میں مکمل فری ہینڈ دیدیا

کمیٹی بغیر کسی دباؤ کے دیانتداری کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں ادا کرے، چیئرمین پی سی بی محسن نقوی سے قومی سلیکشن کمیٹی کے ارکان کی ملاقات

ملاقات میں قومی سلیکشن کمیٹی کے ارکان مصباح الحق، سرفراز احمد، عاقب جاوید اور اسد شفیق نے بھرپور اعتماد کے اظہار پر چیئرمین پی سی بی کا شکریہ ادا کیا

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین محسن نقوی سے قومی کرکٹ ٹیم کی سلیکشن کمیٹی کے ارکان نے ملاقات کی جس میں قومی ٹیم کے انتخاب اور دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر محسن نقوی نے سلیکشن کمیٹی کو اپنے اختیارات مکمل طور پر استعمال کرنے اور آزادانہ فیصلے کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ کمیٹی بغیر کسی دباؤ کے دیانتداری کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں ادا کرے۔ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ تنقید برائے تنقید کی پرواہ نہ کی جائے اور قومی ٹیم کے بہترین مفاد میں فیصلے کیے جائیں۔ میری پوری سپورٹ آپ کے ساتھ ہے۔ ملاقات میں قومی سلیکشن کمیٹی کے ارکان مصباح الحق، سرفراز احمد، عاقب جاوید اور اسد شفیق نے بھرپور اعتماد کے اظہار پر چیئرمین پی سی بی کا شکریہ ادا کیا۔

دو غیر ملکی کھلاڑی پی ایس ایل سے دستبردار، آئی پی ایل جوائن کر لی، پی سی بی کا پلان بی تیار

لاہور (آئی این پی) بھارتی ٹی ٹوئنٹی لیگ نے پاکستان سپر لیگ کیخلاف منفی ہتھکنڈے اپنا شروع کر دیے اور پی ایس ایل سے وابستہ کھلاڑیوں کو لالچ دیا جا رہا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق زمبابوے کے مزربانی نے اسلام آباد یونائیٹڈ کو چھوڑ کر آئی پی ایل جوائن کر لی ہے تاہم پی ایس ایل مینجمنٹ نے غیر ملکی کھلاڑیوں سے متعلق پلان بی تیار کر لیا ہے۔ ویسٹ انڈیز کے چیئر گڈاکیش موتی بھی ...

زمان خان انجری کا شکار، پی ایس ایل میں شرکت غیر یقینی

زمان خان پشاور اور فیصل آباد کے میچ میں انجرڈ ہوئے، اُن کے کاندھے کا جوڑ اترا ہے، پی سی بی

لاہور (آن لائن) فاسٹ بولر زمان خان نیشنل ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ میں کندھے کی انجری کا شکار، پی ایس ایل گیارہ میں شرکت غیر یقینی ہوگئی ہے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کے مطابق زمان خان پشاور اور فیصل آباد کے میچ میں انجرڈ ہوئے، اُن کے کاندھے کا جوڑ اترا ہے تاہم پی سی بی نے زمان خان کو لاہور میں نیشنل کرکٹ اکیڈمی میں رپورٹ کرنے کی ہدایت کی ہے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کا میڈیکل پینل زمان خان کی ریکوری اور ری ہیب پلان ترتیب دے گا جبکہ کرکٹ بورڈ کا کہنا ہے کہ زمان خان کی فٹنس کی بحالی میں چار سے چھ ہفتے لگ سکتے ہیں۔ یاد رہے کہ فاسٹ بولر زمان خان پی ایس ایل میں راولپنڈی کے سکواڈ میں شامل تھے۔

آنے والا سیزن بہت بھرپور، متعدد ایونٹس میں حصہ لینا ہے، ارشد ندیم

بنگلہ دیش کے خلاف فیلڈنگ کے دوران حسین طلعت زخمی، بائیں کندھے کا جوڑ اکھڑ گیا

... حسین طلعت نیشنل کرکٹ اکیڈمی میں ری ہیبلیٹیشن شروع کریں گے۔ ڈاکٹرز کا کہنا ہے کہ حسین طلعت کی میدان میں واپسی پر 12 سے 14 ہفتوں لگ سکتے ہیں۔

کوئٹہ: محکمہ کھیل بلوچستان کے زیر اہتمام یوم پاکستان اور رمضان سپورٹس فیسٹول کے دوران آرچری کے مقابلوں میں کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں

کوئٹہ: ڈسٹرکٹ آرچری ایسوسی ایشن کے صدر شہزاد ترین کا محکمہ بلوچستان کے زیر اہتمام یوم پاکستان اور رمضان سپورٹس فیسٹول کے دوران مقابلوں کے اختتام پر کھلاڑیوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

... گیری کرسٹن اور جیسن گلیسپی کچھ کچھ کرنا چاہتے تھے لیکن وہ جلدی چلے گئے۔ نعمان نیاز نے کہا کہ دنیا کی کرکٹ بہت آگے چلی گئی ہے، بنگلا دیش کا 140 کی رفتار سے بولنگ کرنے والا بولر آیا تو آپ کے تین سے کھلاڑیوں کو لگ پتا گیا، آپ 82 پر آؤٹ ہو گئے تھے۔

افغان طالبان کی کرکٹر راشد خان پر افغانستان آنے کی پابندی عائد

کپتانی سے بھی طالبان حکومت کے کہنے پر ہٹایا گیا، وارننگ بھی دی گئی ہے کہ اگر اب کشائی کرتے ہیں تو مزید پابندیاں لگائی جائیں گی

راشد خان نے اپنی دوسری بیوی کو میڈیا میں دکھایا تھا، راشد خان نے افغانستان میں خواتین تعلیم کے بارے میں پوسٹ کیے تھے، رپورٹ

لاہور (این این آئی) افغان کرکٹر راشد خان مزید مشکل میں پھنس گئے، موجودہ افغان حکومت نے راشد خان کے افغانستان آنے پر پابندی لگا دی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق راشد خان کو کپتانی سے بھی طالبان حکومت کے کہنے پر ہٹایا گیا، راشد خان کو وارننگ بھی دی گئی ہے کہ اگر راشد خان اس معاملے پر لب کشائی کرتے ہیں تو مزید پابندیاں لگائی جائیں گی۔ رپورٹس کے مطابق راشد خان نے اپنی دوسری بیوی کو میڈیا میں دکھایا تھا، راشد خان نے افغانستان میں خواتین تعلیم کے بارے میں پوسٹ کیے تھے۔ افغان حکومت کا موقف ہے کہ راشد خان نے سپورٹس مین ہو کر طالبان حکومت کے خلاف کام کیے ہیں۔

ٹرمپ نے یقین دلایا ہے ایرانی ٹیم کا امریکا میں خیر مقدم کیا جائے گا، صدر فیفا

اگر ایران ٹورنامنٹ میں شرکت نہیں کرتا تو اس صورت میں فیصلہ فیفا کو کرنا ہوگا، سوشل میڈیا پر بیان

واشنگٹن (این این آئی) فیفا کے صدر انفینٹینو نے سوشل میڈیا پر لکھا کہ ٹرمپ نے یقین دہانی کرائی ہے کہ ایرانی ٹیم کا امریکا میں خیر مقدم کیا جائے گا، ہمیں پہلے سے زیادہ ایسے ایونٹ کی ضرورت ہے جو لوگوں کو ایک ساتھ لائے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق انہوں نے کہا کہ میں امریکی صدر کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے اس کی حمایت کی کیونکہ فٹبال دنیا کو متحد کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ایران ٹورنامنٹ میں شرکت نہیں کرتا تو اس صورت میں فیصلہ فیفا کو کرنا ہوگا کہ اس کی جگہ کسی اور ٹیم کو شامل کیا جائے یا گروپ کو تین ٹیموں تک محدود رکھا جائے۔ ٹورنامنٹ کے قواعد کے مطابق اگر کوئی شریک ٹیم دستبردار ہو جائے یا اسے خارج کر دیا جائے تو فیفا کو اختیار حاصل ہے کہ وہ اپنی صوابدید پر متبادل ٹیم منتخب کرے یا مقابلوں کے فارمیٹ میں تبدیلی کرے۔ تاحال یہ واضح نہیں کہ ایران کی ممکنہ غیر حاضری کی صورت میں اس کی جگہ کس ٹیم کو شامل کیا جائے گا۔

سلمان علی آغا ضابطہ اخلاق کے مرتکب قرار، آئی سی سی نے جرمانہ عائد کر دیا

آئی سی سی کی جانب سے ایک ڈی میرٹ پوائنٹ دیا گیا، سلمان علی آغا نے غلطی تسلیم کر لی تھی جس پر، باقاعدہ سماعت کی ضرورت نہ پڑی

سلمان علی آغا آئی سی سی کوڈ آف کنڈکٹ کے آرٹیکل 2.2 کی خلاف ورزی کے مرتکب ہوئے تھے۔ امپائرز کی رپورٹ پر میچ ریفری نے آغا سلمان کو سزا سنائی

اسلام آباد (آن لائن) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے سلمان علی آغا کو ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کا مرتکب قرار دیتے ہوئے جرمانہ عائد کر دیا۔ بنگلہ دیش کے خلاف دوسرے ایک روزہ میچ میں رن آؤٹ ہونے کے بعد سلمان علی آغا نے رن آؤٹ ہونے کے بعد ہیلمٹ اور گلوز زمین پر پھینکا تھا جس پر آئی سی سی کی جانب سے ایک ڈی میرٹ پوائنٹ دیا گیا۔ سلمان علی آغا نے غلطی تسلیم کر لی تھی جس پر، باقاعدہ سماعت کی ضرورت نہ پڑی۔ سلمان علی آغا آئی سی سی کوڈ آف کنڈکٹ کے آرٹیکل 2.2 کی خلاف ورزی کے مرتکب ہوئے تھے۔ امپائرز کی رپورٹ پر میچ ریفری نے آغا سلمان کو سزا سنائی۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر اسماعیل مینگل کا ٹیچنگ ہسپتال لورالائی کا دورہ

مختلف شعبوں کا معائنہ، مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ

لورالائی (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لورالائی محمد اسماعیل مینگل نے ٹیچنگ ہسپتال لورالائی کا اچانک دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر بوری ندیم اکرم بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف اور ہسپتال انتظامیہ سے ملاقات کی اور ہدایت کی کہ مریضوں کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے ہسپتال میں صفائی ستھرائی، ادویات کی دستیابی اور مریضوں کی دیکھ بھال کے حوالے سے صورتحال کا تفصیلی جائزہ بھی لیا۔ محمد اسماعیل مینگل نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت دی کہ عوام کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں اور کسی بھی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کو صحت کی بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے مؤثر اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے اور اس سلسلے میں باقاعدہ مانیٹرنگ بھی کی جا رہی ہے۔

کوئٹہ: یوم علیؓ کے حوالے سے جلوس عزا ہر سال کی طرح امسال بھی اپنے روایتی راستوں سے گزر رہا ہے

ڈیرہ اللہ یار، اوستہ محمد کو ملانے والی شاہراہ پر پلوں کی تعمیراتی کے کام کا آغاز

جعفر آباد (آن لائن) صوبائی وزیر برائے سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن بلوچستان عبدالمجید بادینی کی خصوصی دلچسپی اور مسلسل کاوشوں کے نتیجے میں گزشتہ دو دہائیوں سے مسائل کا شکار ڈیرہ اللہ یار اور واستہ محمد کو ملانے والی اہم شاہراہ پر پلوں کی تعمیراتی کام کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے یہ شاہراہ دونوں اضلاع کے عوام کے لیے نہایت اہمیت کی حامل ہے، کیونکہ یہ تجارتی، سماجی اور روزمرہ آمد و رفت کا مرکزی ذریعہ ہے۔ ماضی میں 2010، 2012 اور 2022 کے شدید ...

بارکھان، وزیراعلیٰ رمضان ریلیف راشن پیکیج کی شفاف تقسیم کا جاری

ضلعی انتظامیہ کی نگرانی میں مستحق، معذور اور نادار خاندانوں تک راشن کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے

موجودہ مہنگائی کے دور میں رمضان ریلیف پیکج غریب اور مستحق خاندانوں کے لیے سہولت سے کم نہیں

بارکھان (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور ڈپٹی کمشنر بارکھان عبداللہ کھوسو کی خصوصی ہدایت پر ضلع بھر میں وزیراعلیٰ رمضان ریلیف راشن پیکج کی منصفانہ اور شفاف تقسیم کا سلسلہ جاری ہے۔ ضلعی انتظامیہ کی نگرانی میں مستحق، معذور اور نادار خاندانوں تک راشن کی فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے تاکہ رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں غریب طبقے کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے راشن کی تقسیم کے عمل کو شفاف بنانے کے لیے یونین کونسل کی سطح پر منتخب نمائندوں اور متعلقہ عملے کو متحرک کیا گیا ہے، جبکہ مستحق افراد کی فہرستوں کی باقاعدہ جانچ پڑتال بھی کی جا رہی ہے تاکہ امداد حقیقی حقداروں تک پہنچ سکے۔ عوامی اور سماجی حلقوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور ڈپٹی کمشنر عبداللہ کھوسو کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ مہنگائی کے دور میں رمضان ریلیف پیکج غریب اور مستحق خاندانوں کے لیے کسی بڑی سہولت سے کم نہیں۔ شہریوں نے اس بات پر اطمینان کا اظہار کیا کہ ضلعی انتظامیہ کی مؤثر حکمت عملی کے باعث راشن کی تقسیم کا عمل منظم اور شفاف انداز میں جاری ہے، جس سے حقیقی مستحقین کو فائدہ پہنچ رہا ہے۔ مستحق افراد کی فہرستوں کی باقاعدہ جانچ پڑتال بھی کی جا رہی ہے تاکہ امداد حقیقی حقداروں تک پہنچ سکے۔

ہرنائی، ماہ رمضان کے دوران مستحق خاندانوں میں راشن پیکج کی تقسیم

غریب خاندانوں کو ریلیف، ماہ رمضان میں بنیادی ضروریات میسر کرنا ہے

ڈی سی دکی کا سائلین کی شکایات پر بی آئی ایس پی سنٹر کا دورہ

عوام کی سہولت اور ان کے مسائل کے حل کو ترجیح دی جائے گی، محمد نعیم

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی محمد نعیم خان نے سائلین کی جانب سے موصول ہونے والی شکایات کی روشنی میں بی آئی ایس پی سنٹر کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے سنٹر کے انتظامات کا جائزہ لیا اور خدمات کی فراہمی کے عمل کو بہتر بنانے کے حوالے سے متعلقہ اہلکاروں کو ہدایات دیں۔ ڈپٹی کمشنر نے وہاں موجود خواتین سے ملاقات بھی کی اور ان سے براہ راست ان کے مسائل اور مشکلات کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ ڈپٹی کمشنر نے ان کے مسائل کے فوری حل کے لیے متعلقہ حکام کو اقدامات کرنے کی ہدایت دی اور کہا کہ عوام کی سہولت اور ان کے مسائل کے حل کو ترجیح دی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے یقین دلایا کہ بی آئی ایس پی سنٹر میں فراہم کی جانے والی خدمات میں بہتری کے لیے مسلسل نگرانی اور بہتری کے اقدامات کیے جائیں گے۔

مانجھی پور: ڈسٹرکٹ کونسل چیئرمین ایڈووکیٹ مسعود خان کھوسہ جناح پریس کلب میں صحافیوں سے بات چیت کر رہے ہیں

بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لئے کوشاں ہیں، ڈاکٹر شعیب

ادویات و دیگر سہولیات کی فراہمی کے لئے تمام تر اقدامات کرینگے

ہرنائی (آئی این پی) بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لئے کوشاں ہیں۔ عوام مریضوں کو مراکز صحت میں ادویات و دیگر سہولیات کی فراہمی سمیت اسٹاف کو درپیش مسائل کے حل کے لئے تمام تر اقدامات کرینگے۔ ان خیالات کا اظہار ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ہرنائی ڈاکٹر شعیب اکرم مینگل نے اچانک تحصیل ہیڈکوارٹر شاہرگ کا دورہ کرنے کے دوران کیا۔ انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات بالخصوص نیوٹریشن کا معائنہ کیا۔ جبکہ اسٹاف کی نشاندہی پر عرصہ دراز سے درپیش پانی کے مسئلہ کو حل کیا گیا۔ انہوں نے کہا صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ کی خصوصی دلچسپی کے باعث مراکز صحت میں عوام کے مسائل کے حل کے لئے اقدامات کر رہے ہیں۔

حلقہ زہری کے عوام اپنے فیصلے خود کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، میر عبدالرحمٰن

ڈیرہ مراد جمالی: بشیر لاشاری ساتھیوں کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

MÉDECINS SANS FRONTIÈRES طبیبان بے سرحد

TENDER NOTICE

Ref: CHM/ 2026/002

Médecins Sans Frontières (MSF) is an independent, emergency, medical organization that provides assistance to vulnerable populations worldwide, regardless of ethnicity, religion, or political convictions.

Médecins Sans Frontières (MSF-OCA, Chaman) opens tender for Service of **Fuel** at old DHQ Hospital, Chaman Balochistan.(**Active Filers Only**)

Fuel Requirements

Interested distributors must be able to supply bothDiesel& Petrolin the following estimated quantities:

- Monthly diesel consumption fluctuates between 3000 and 9000 liters per month depending on the season and operational need.
- Monthly petrol consumption fluctuates between 300 and 1000 liters per month depending on operational need.
- MSF-OCA reserves the right to quality test fuel at any time
- Estimates are not binding.

Selection Criteria

- Total Quantity& Availability
- Total Cost
- Delivery Time
- Experience with other INGOs

Bidding Guidelines

- The distributor must inofrm MSF-OCA of fuel price fluctuations in writing, as set by the Governemnt of Pakistan.
- Bid must clearly state the estimated lead time of delivery after request is sent.
- Payment will be made at the end of each month through bank transfer.
- All quotations must be valid for 1 month.
- Bids must be inclusive of all delivery charges
- MSF-OCA reserves the right to accept or reject any or all bids • MSF-OCA reserves the right to test fuel at any time before or after the service agreement is signed. • All bids must be submitted on company letter head with the official stamp, signature, and FBR registration number of the distributor

Email or **Hard Copy** (Sealed Quotations Only) on or before **Wednesday March 18 2026**.
to **pakistan-tenders@oca.msf.org**

MÉDECINSSANSFRONTIÈRES (MSF) PAKISTAN,
Chaman Office, Old DHQ Hospital, Taj Road, ChamanBalochistan.

MÉDECINS SANS FRONTIÈRES طبیبان بے سرحد

TENDER NOTICE

Ref: CHM/ 2026/001

Médecins Sans Frontières (MSF) is an independent, emergency, medical organization that provides assistance to vulnerable populations worldwide, regardless of ethnicity, religion, or political convictions.

Médecins Sans Frontières (MSF-OCA, Chaman) opens tender for Service of **LPG Gas Refiling** at old DHQHospital, ChamanBalochistan.(**Active Filers Only**)

Interested distributors must be able to supply refills of **LPG Cylinders (30kg and 12kg)** in the following quantities:

Season	Items Description	Monthly Average
Winter: November to March	Refilling, LPG cylinder, 30kg	95
Winter: November to March	Refilling, LPG cylinder, 12kg	160
Summer April to October	Refilling, LPG cylinder, 30kg	10
Summer April to October	Refilling, LPG cylinder, 12kg	7

Selection Criteria

- Total Quantity& Availability
- Total Cost
- Delivery Time
- Experience with other INGOs

Bidding Guidelines

- Unit price must be included on quotation, inclusive of all Taxes.
- Bid must clearly state the estimated lead time of delivery after request is sent.
- Payment after Delivery only.
- All quotations must be valid for 1 month.
- Bids must be inclusive of all delivery charges
- MSF-OCA reserves the right to accept or reject any or all bids
- All bids must be submitted on company letter head with the official stamp, signature, and FBR registration number of the distributor

Email or **Hard Copy** (Sealed Quotations Only) on or before **Wednesday March 18 2026**.
to **pakistan-tenders@oca.msf.org**

MÉDECINSSANSFRONTIÈRES (MSF) PAKISTAN,
Chaman Office, Old DHQ Hospital, Taj Road, ChamanBalochistan.

بقیہ 1 پاک فوج

جنگ کوہاٹ اور راولپنڈی میں بھی ایک، ایک شہری زخمی ہوا۔ یہ حملے عوام میں خوف پھیلانے کی افغان طالبان کی ناپاک کوشش ہے، افغان طالبان کی اشتعال انگیزیوں کے سامنے پاکستان نہیں جھکے گا، افغان سرزمین سے ہونے والی دہشت گردی ناقابل برداشت اور ناقابل قبول ہے۔ آئی ایس پی آر کا مزید کہنا تھا کہ افواج پاکستان دہشت گردی اور اس کی تمام شکلوں کے خلاف ثابت قدمی سے لڑتی رہیں گی، پاکستانی عوام کے تحفظ کیلئے ہر ممکن اقدام جاری رہے گا، آپریشن غضب للحق دہشتگردی کے خاتمے تک جاری رہے گا۔

بقیہ 2 امریکا ایران

کا کہنا ہے کہ ایرانی ٹینکوں پر حملوں کے جواب میں خلیجی ممالک میں امریکی ٹینکوں کو نشانہ بنایا گیا ہے۔ اس سے قبل ایران کی فوجی قیادت نے متحدہ عرب امارات میں موجود امریکی اہداف کو نشانہ بنانے کا عندیہ دیا گیا تھا۔ ایران کے مرکزی فوجی کمانڈ کے ترجمان کے مطابق ایران متحدہ عرب امارات کے کئی شہروں میں موجود دشمن کے میزائل لانچنگ مقامات کو نشانہ بنانے کا منصوبہ رکھتا ہے۔ ان کے مطابق امریکہ نے خطے میں اپنے فوجی اڈوں کے تباہ ہونے کے بعد امارات کی بندرگاہوں، ڈاک یارڈز اور شہری علاقوں میں پناہ لے رکھی ہے۔ ایرانی ترجمان نے اماراتی قیادت کو پیغام دیتے ہوئے کہا کہ ایران اپنی قومی خودمختاری اور سرزمین کے دفاع کو اپنا 'جائز حق' سمجھتا ہے۔ دوسری جانب ایرانی وزارت دفاع کا کہنا ہے کہ اپ گریڈ ہتھیاروں کا استعمال بڑھ جائیں گے، بیلسٹک میزائل اور درست نشانوں اور تباہ کن میزائل استعمال کریں گے۔ امریکی صدر کا کہنا تھا کہ ایران کبھی بھی جوہری ہتھیار نہ رکھ سکے گا اور نہ وہ امریکا، مشرق وسطیٰ یا دنیا کو دھمکی دے سکے گا۔ انہوں نے خبردار کیا کہ ایرانی فوج اور اس حکومت میں شامل لوگوں کے لیے بہتر ہوگا کہ وہ ہتھیار ڈال دیں اور اپنے ملک کو بچائیں علاوہ ازیں ٹرمپ نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز میں امریکی نیوی کے ذریعے جلد بحری جہازوں کو سیکیورٹی فراہم کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ایران میں امریکا اور اسرائیل کے مقاصد مختلف ہوسکتے ہیں۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے آبنائے ہرمز پر آگ برسانے کی دھمکی دیتے ہوئے کہا کہ ہے کہ آبنائے ہرمز کو کھلا رکھنے کے لیے امریکا کے ساتھ مل کر کئی ممالک جنگی جہاز بھیجیں گے۔ سوشل میڈیا پر جاری اپنے بیان میں ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ امید ہے کہ چین، فرانس، جاپان، جنوبی کوریا، برطانیہ اور دیگر ممالک جنگی جہاز بھیجیں گے۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ہم پہلے ہی ایران کی فوجی صلاحیت کا 100 فیصد تباہ کر چکے ہیں تاہم شکست کے باوجود ایران ایک دو ڈرون حملے یا ؟بنائے ہرمز میں یا نزدیکی علاقے میں میزائل حملہ کر سکتا ہے یا بارودی سرنگیں بچھا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکا ساحلی علاقوں پر شدید بمباری جاری رکھے گا اور ایرانی کشتیوں اور جہازوں کو مسلسل تباہ کرتا رہے گا، کسی نہ کسی طرح ہم جلد ہی آبنائے ہرمز کو کھلا، محفوظ اور آزاد بنا دیں گے۔ پاسداران انقلاب اسلامی سے وابستہ تسنیم نیوز ایجنسی کے مطابق ایران کے وزیر خارجہ کا کہنا ہے کہ ان کا ملک توانائی کی تنصیبات پر کسی بھی حملے کا جواب خطے میں امریکی کمپنیوں کو نشانہ بنا کر دے گا۔ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ 'اگر ایرانی تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا تو ہماری افواج خطے میں امریکی کمپنیوں یا ان کمپنیوں کو نشانہ بنائیں گی جن میں امریکہ کے حصص ہیں۔' 'ہم یقینی طور پر ان حملوں کا جواب دیں گے لیکن احتیاط سے کام لیں گے تاکہ گنجان آباد علاقوں کو نشانہ نہ بنایا جائے۔' ایرانی وزیر خارجہ کا یہ بیان امریکی فوج کی جانب سے خارگ جزیرے کو نشانہ بنانے کے چند گھنٹے بعد سامنے آیا ہے۔ ایران کے تیل کی برآمدات کا 90 فیصد اس جزیرے سے گزرتا ہے۔

بقیہ 3 جلد متوقع

نتیجے میں لبنان کے حزب اللہ اور اسرائیل کے درمیان لڑائی میں شدت آئی ہے۔ اسرائیلی اخبار کے مطابق مذاکرات پیرس یا قبرص میں ہوں گے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے داماد جیرڈ کشنر بھی مذاکرات کا حصہ ہوں گے۔ اسرائیلی وزیراعظم بن یامین نیتن یاہو کے قابل اعتماد ساتھی، رون ڈرمر، ان مذاکرات میں اسرائیلی وفد کی قیادت کریں گے۔ لبنانی وزارت صحت کے مطابق جاں بحق افراد میں 106 بچے اور 65 خواتین شامل ہیں، اسرائیلی حملوں میں طبی عملے کے 31 افراد بھی مارے گئے۔ 2 مارچ سے جاری حملوں میں 2 ہزار سے زائد افراد زخمی ہوئے ہیں، حملوں کے پیش نظر 5 اسپتال بند کر دیے گئے ہیں۔

بقیہ 4 وزیراعظم

اجلاس ہوا، جس میں طے پایا کہ کفایت شعاری سے حاصل شدہ رقم عوامی ریلیف پر خرچ ہوگی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ سرکاری اور خودمختار اداروں کے ملازمین کی تنخواہوں میں 5 سے 30 فیصد کٹوتی ہوگی۔ کارپوریشنز کے بورڈز میں شامل حکومتی نمائندے اب شرکت فیس نہیں لیں گے، جبکہ تمام سفارتخانوں کو 23 مارچ کی تقریبات سادگی سے منانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ وزیراعظم نے ہدایات جاری کیں کہ ایف بی آر اور قانون نافذ کرنے والے ادارے معمول کے مطابق کام جاری رکھیں گے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ آئندہ 2 ماہ سرکاری گاڑیوں کے ایندھن میں 50 فیصد کمی اور 60 فیصد گاڑیاں گراؤنڈ کرنے کے فیصلے کا تھرڈ پارٹی آڈٹ کرایا جائے گا اور نئی خریداری پر پابندی رہے گی۔ اسی طرح کابینہ ارکان، وزراء، مشیران اور معاونین خصوصی کی تنخواہیں عوامی فلاح کے لیے مختص کی گئی ہیں۔ ان کے غیر ملکی دوروں پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے اور اب آن لائن میٹنگز کو ترجیح دی جائے گی تاکہ اخراجات میں کمی لائی جا سکے۔ وزیراعظم نے متعلقہ سیکریٹریز کو ان کفایت شعاری کے احکامات کی نگرانی اور روزانہ کی بنیاد پر رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں وفاقی وزراء عطاء اللہ تارڑ، محمد اورنگزیب، علی پرویز ملک، بلال اظہر کیانی اور ایف بی آر چیئرمین شریک ہوئے۔

بقیہ 5 شدید جھڑپیں

افغان طالبان اور فتنہ الخوارج کے دہشت گرد ٹھکانوں سمیت فوجی تنصیبات کو کامیابی سے نشانہ بنایا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق ان حملوں میں پاک افواج نے قندھار میں ٹیکنیکل سپورٹ انفرااسٹرکچر اور ایکویپمنٹ اسٹوریج کو موثر انداز میں تباہ کیا۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ یہ انفرااسٹرکچر اور ایکویپمنٹ اسٹوریج افغان طالبان اور دہشت گرد استعمال کرتے تھے۔ آپریشن غضب للحق کے تحت کارروائیاں اہداف کے حصول تک جاری رہیں گی۔

بقیہ 6 ایران جنگ

نے بتایا کہ ملک بھر میں پیٹرول کی اوسط قیمت بڑھ کر 3.68 ڈالر فی گیلن ہوگئی جو جنگ شروع ہونے سے قبل سے اب تک تقریباً 23 فیصد زیادہ ہے۔ آج کے روز عالمی مارکیٹ میں برینٹ کروڈ کی قیمت 2.67 فیصد اضافے کے بعد 103.14 ڈالر فی بیرل پر بند ہوئی جبکہ امریکی ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ (WTI) خام تیل 3.11 فیصد اضافے کے ساتھ 98.71 ڈالر فی بیرل تک پہنچ گیا۔ امریکی انرجی انفارمیشن ایڈمنسٹریشن کے مطابق اس ہفتے ڈیزل کی اوسط قیمت 4.85 ڈالر فی گیلن تک پہنچ گئی ہے جبکہ ایران پر ابتدائی حملوں سے پہلے یہ قیمت تقریباً 3.71 ڈالر فی گیلن تھی۔ ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے سے شپنگ اور لاجسٹکس کے اخراجات بڑھنے کا خدشہ ہے۔

بقیہ 7 حماس

کو جارحیت کے خلاف دفاع کا حق حاصل ہے، ایران بین الاقوامی قوانین کے مطابق ہر ممکن طریقے سے جارحیت کا جواب دے سکتا ہے۔ حماس کا کہنا ہے کہ ایرانی بھائی پڑوسی ممالک کو نشانہ بنانے سے گریز کریں، خطے کے تمام ممالک سے اپیل ہے کہ اس جارحیت کو روکنے میں تعاون کریں۔ حماس نے کہا کہ خطے کے ممالک کے باہمی بھائی چارے کے رشتوں کو برقرار رکھنے کے لیے تعاون کریں۔

بقیہ 8 پروازیں منسوخ

ایشن ذرائع کے مطابق لاہور سے دبئی، ابوظبی، شارجہ، بحرین، کویت اور قطر جانے اور آنے والی 14 پروازیں منسوخ کردی گئیں۔ سیالکوٹ ایئر پورٹ سے چار پروازیں منسوخ ہوئیں جبکہ ملتان اور فیصل آباد سے سات پروازیں منسوخ کی گئیں۔ امریکا و اسرائیل کے ایران پر حملے کے باعث مشرق وسطیٰ کے اکثر ممالک کی فضائی حدود چودھویں روز بھی بند ہے۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز جمعہ کو بھی ملک بھر سے مشرق وسطیٰ کی 72 پروازیں منسوخ ہوئی تھیں۔

بقیہ 9 امریکی سفارت

ہوئی ہیں، انہیں نئی تاریخ مقرر کرنے کے طریقہ کار سے متعلق ہدایات ای میل کے ذریعے فراہم کی جائیں گی۔

بقیہ 10 ایران کشیدگی

تمام ائرلائنز کو ہدایت کی ہے کہ وہ پروازوں کے لیے کم سے کم جیٹ فیول کے ساتھ آپریشن کریں۔ مقامی ائرلائنز کو بیرون ملک سے زیادہ سے زیادہ جیٹ فیول لینے کی بھی ہدایت کی ہے، جیٹ فیول سپلائی سے متعلق نوٹم 31 مارچ تک نافذ العمل ہوگا۔

بقیہ 11 وزیرخزانہ

کے زیرصدارت پٹرولیم قیمتوں مانیٹرنگ کمیٹی کا اجلاس ہوا، اجلاس میں ملک میں پٹرولیم مصنوعات کے ذخائر تسلی بخش قرار دیے گئے۔ اجلاس کو بریفنگ دی گئی کہ پٹرول اور ڈیزل کی فراہمی میں کسی تعطل کا خدشہ نہیں، کمیٹی اجلاس میں عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ کا جائزہ لیا گیا۔ وفاقی وزیرخزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ حکومت توانائی مارکیٹ کی صورتحال پر مسلسل نظر رکھے ہوئے ہے، ملک میں پٹرولیم مصنوعات کی فراہمی یقینی بنانا اولین ترجیح ہے۔ کمیٹی کی جانب سے ریفائنریز اور آئل کمپنیوں سے قریبی رابطے کی ہدایت کی گئی، ڈیزل، پٹرول، ایل پی جی اور جیٹ فیول سپلائی کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں تیل کے استعمال میں بچت کیلئے اقدامات پر غور کیا گیا، پٹرولیم سپلائی مانیٹرنگ کیلئے ڈیجیٹل ڈیش بورڈ کی تیاری کی جائے گی۔ وفاقی وزیرخزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ توانائی صورتحال پر کمیٹی کا روزانہ اجلاس جاری رہے گا۔

بقیہ 12 ایرانی صدر

کہ مسلط کی گئی ظالمانہ جنگ کے 15 دن ہو چکے ہیں۔ امریکا اسرائیل جنگ کے باوجود ایران میں حالات معمول پر ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ مشکلات کے باوجود عوامی خدمات کی فراہمی میں کوئی بڑا تعطل نہیں، ایرانی عوام کے تعاون سے اس صورتحال کو بھی گزار لیں گے۔ دوسری جانب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا ہے کہ ؟بنائے ہرمز کو کھلا رکھنے کے لیے امریکا کے ساتھ مل کر کئی ممالک جنگی جہاز بھیجیں گے۔ سوشل میڈیا پر جاری اپنے بیان میں ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ امید ہے کہ چین، فرانس، جاپان، جنوبی کوریا، برطانیہ اور دیگر ممالک جنگی جہاز بھیجیں گے۔

بقیہ 13 تسلی بخش قرار

میں اتار چڑھاؤ کا جائزہ لیا گیا۔ کمیٹی نے ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کے ذخائر کو تسلی بخش قرار دیا۔ اجلاس میں خام تیل اور ریفائنری آپریشنز کے علاوہ پیٹرول، ڈیزل، ایوی ایشن فیول اور ایل پی جی کی سپلائی کا بھی جائزہ۔ ایندھن کی بچت اور ذمہ دارانہ استعمال کے اقدامات پر غور کیا گیا۔ وزارت خزانہ کی جانب سے اجلاس کو بتایا گیا کہ ملک میں پیٹرول اور ڈیزل کی سپلائی چین معمول کے مطابق چل رہی ہے۔ ایندھن کی سپلائی برقرار رکھنے کیلئے حکومتی انتظامات مکمل ہیں۔ حکومت عالمی توانائی مارکیٹ کی صورتحال پر مسلسل نظر رکھے ہوئے ہے۔ آئندہ ہفتوں میں پیٹرولیم مصنوعات کی فراہمی برقرار رہنے کی توقع ہے۔

بقیہ 14 وزیراعلیٰ

دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ درختوں کی غیر قانونی کٹائی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی وزیراعلیٰ بلوچستان کی واضح ہدایات کی روشنی میں متعلقہ زرعی کالج کے پرنسپل کو فوری طور پر معطل کردیا گیا ہے تاکہ واقعے کی شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کو یقینی بنایا جا سکے اور تمام حقائق سامنے لائے جاسکیں وزیراعلیٰ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی ہے کہ اس واقعے کی مکمل اور جامع انکوائری کی جائے، ذمہ داران کا تعین کیا جائے اور اگر کسی بھی سطح پر غفلت، بدانتظامی یا قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی ثابت ہوئی تو ملوث افراد کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان ماحولیاتی تحفظ، شجرکاری اور سرکاری املاک کے تحفظ کو انتہائی اہمیت دیتی ہے اور اس سلسلے میں کسی بھی قسم کی کوتاہی یا خلاف ورزی کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ نے اس امر کا اعادہ کیا کہ صوبے میں ماحول دوست پالیسیوں پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا۔ دریں اثناء کوئٹہ کے زرعی کالج میں غیر قانونی طور پر کوئٹہ پائن، شہتوت اور دیگر اقسام کے 35 درخت کاٹے گئے۔ محکمہ جنگلات حکام کے مطابق سوشل میڈیا پر زرعی کالج کوئٹہ میں بڑے پیمانے پر درختوں کی کٹائی کی تصاویر اور ویڈیوز سامنے آنے کے بعد محکمہ جنگلات، جنگلی حیات حکومت بلوچستان نے فوری نوٹس لیتے ہوئے معاملے کی تحقیقات شروع کردی ہیں اسی سلسلے میں ہفتہ کو ڈپٹی سیکرٹری زراعت اور ڈی سی ایف کوئٹہ نے زرعی کالج کوئٹہ کا دورہ کیا۔

بقیہ 15 قوی امکان

عید کا چاند نظر آنا ناممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ 19 تاریخ کو چاند کی پیدائش پاکستانی وقت کے مطابق صبح کے 6 بج کر 23 منٹ پر ہوگی، غروب آفتاب کے وقت چاند کی عمر 12 گھنٹے اور چند منٹ ہوگی جبکہ ٹیلی اسکوپ سے بھی چاند 14 گھنٹے سے زیادہ کی عمر کا ہو تو نظر آتا ہے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر محکمہ موسمیات کے مطابق 12 گھنٹے کی عمر والا چاند نظر آنا سائنسی لحاظ سے تو ممکن ہے، اسے ٹیلی اسکوپ سے دیکھنا بھی مشکل ہے اور عام آنکھ تو دیکھ ہی نہیں سکتی۔ انجم نذیر نے مزید بتایا کہ اس سال امکان نظر آرہا ہے کہ رمضان کے 30 روزے ہوں گے اور پہلی شوال یعنی عید 21 مارچ ہفتے کو ہو سکتی ہے لیکن اس کا باقاعدہ اعلان رویت ہلال کمیٹی ہی کرے گی۔

بقیہ 16 دہشت گرد ہلاک

جاری رہنے والی کارروائی میں دہشتگردوں کے مزید ساتھی فرار ہوگئے۔ سی ٹی ڈی کے مطابق ہلاک دہشت گردوں کی شناخت کا عمل جاری ہے جبکہ دہشتگردوں کے قبضے سے 4 کلاشنکوف، 2 پستول، 8 دستی بم اور آئی ای ڈی برآمد ہوئے ہیں۔ دوسری جانب کی مروت دھماکے میں شہید 7 اہلکاروں کی نماز جنازہ پولیس لائن میں ادا کردی گئی۔ وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ سی ٹی ڈی خیبر پختونخوا نے فتنہ الخوارج کے 6 دہشتگردوں کو جہنم واصل کر کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا۔ محسن نقوی نے مزید کہا کہ فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشن پر سی ٹی ڈی کے بہادر سپوتوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔

بقیہ 17 یو اے ای

9 بیلسٹک میزائل اور 33 ڈرونز مار گرائے گئے۔ حکام نے کہا کہ میزائل اور ڈرونز ایران سے داغے گئے تھے، یو اے ای نے جنگ کے آغاز سے اب تک 294 بیلسٹک میزائل روکنے کا دعویٰ کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ یو اے ای فضائی دفاع نے 15 کروز میزائل بھی تباہ کیے، جنگ کے آغاز سے اب تک 1600 ڈرونز بھی مار گرائے گئے۔ اماراتی وزارت دفاع کا مزید کہنا تھا کہ جاری جنگ کے دوران یو اے ای میں 6 افراد ہلاک، 141 زخمی ہوئے جب کہ ایران جنگ کے باعث خلیجی خطے میں سیکورٹی خدشات مزید بڑھ گئے ہیں۔

بقیہ 18 عطا تارڑ

ہے۔ ایک بیان میں وزارت اطلاعات نے کہا ہے کہ سیکیورٹی فورسز نے فتنہ الخوارج کے 2 ڈرون کو کامیابی سے روکا اور مار گرایا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس دہشت گرد تنظیم کو افغان طالبان حکومت کی سرپرستی حاصل ہے اور سیکیورٹی فورسز نے الیکٹرانک کاؤنٹرمیژرز کے ذریعے ڈرون مار گرائے ہیں۔ وزارت اطلاعات نے یہ بھی کہا کہ کسی فوجی یا دیگر بنیادی ڈھانچے کو نشانہ نہیں بنایا گیا، ڈرون کو مار گرانے سے گرنے والے ملبے کی وجہ سے معمولی نقصان ہوا۔ وزارت اطلاعات نے بتایا کہ طالبان حکومت کے دعووں کے ساتھ ہمیشہ کی طرح کوئی قابل تصدیق ثبوت موجود نہیں، افغان طالبان رجیم متعدد دہشت گرد تنظیموں کو پناہ اور معاونت فراہم کر رہی ہے اور ان دہشت گرد تنظیموں میں بھارتی حمایت یافتہ فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان بھی شامل ہیں۔ وزارت اطلاعات کا کہنا ہے کہ افغان وزارت دفاع اور رجیم کے دیگر اکاؤنٹس جھوٹی خبریں اور پروپیگنڈا پھیلانے کیلئے بدنام ہیں، حال ہی میں ان اکاؤنٹس نے پاکستان کا طیارہ مار گرانے کا بے بنیاد دعویٰ کیا، افغان رجیم اکاؤنٹس نے پائلٹوں کو گرفتار کرنے کے بھی بے بنیاد دعوے کیے تھے۔ وزارت اطلاعات کے مطابق افغان طالبان رجیم کے ان اکاؤ؟نٹس نے بعد میں شرمندگی کے ساتھ یہ دعوے حذف کیے، سچ ہمیشہ جھوٹ پر غالب !؟تا ہے۔

بقیہ 19 مسترد کردی

مطابق روسی صدر ولادیمیر پیوٹن نے ایران کے افزودہ یورینیم کو روس منتقل کرنے کی پیشکش دی تھی اور یہ پیشکش تہران کے ساتھ جنگ بندی معاہدے کے حصے کے طور پر سامنے آئی تھی۔ رپورٹس کے مطابق خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے پیش نظر روسی اور امریکی صدر کے درمیان رواں ہفتے رابطہ ہوا جس میں روسی صدر پیوٹن نے امریکی صدر ٹرمپ کے ساتھ ہونے والی ٹیلیفونک گفتگو میں یہ پیشکش دی تھی۔ امریکی میڈیا کا کہنا ہے کہ روس کی جانب سے ایران کے افزودہ یورینیم کو اپنے ملک منتقل کرنے کی پیشکش اس سے قبل بھی کی جا چکی ہے، تاہم امریکا نے اس تجویز کو قبول نہیں کیا۔

بقیہ 20 روس کا آذر بائیجان

ایک II-76 کارگو طیارہ 13 ٹن سے زیادہ طبی سامان لیکر آذربائیجان پہنچا، جہاں سے یہ امداد ایرانی حکام تک منتقل کی جائے گی۔ روسی وزارت ہنگامی حالات کے مطابق یہ امدادی کھیپ ادویات اور طبی سامان پر مشتمل ہے، آذربائیجان سے امدادی سامان ٹرکوں کے ذریعے سرحد کے راستے ایران بھیجا جائیگا۔ یہ اقدام ایسے وقت میں کیا گیا ہے جب خطے میں کشیدگی بڑھ رہی ہے۔ روسی وزارت ہنگامی حالات کے مطابق یہ امداد روسی صدر ولادی میر پیوٹن کے احکامات پر بھیجی گئی ہے۔

بقیہ 21 تاجر

سستا ہو کر 5 لاکھ 24 ہزار 562 روپے فی تولہ ہو گیا۔ دس گرام سونا 7، 459 روپے سستا ہو کر 4 لاکھ 49 ہزار 727 روپے کا ہو گیا، فی تولہ چاندی کی قیمت 310 روپے کم ہو کر 8541 روپے ہوگئی۔ ادھر عالمی مارکیٹ میں فی اونس سونا 87 ڈالر کی کمی کے بعد 8 ہزار 18 ڈالر پر آگیا جبکہ مقامی سطح پر فی تولہ سونا تین روز میں 18 ہزار 700 روپے سستا ہو چکا ہے۔

بقیہ 22 ایرانی فوج

آبنائے ہرمز کے ذریعے گزرنے والے جہازوں کی نقل و حرکت محدود کرنے کے لیے تعینات کیا جا رہا ہے۔ جاری کردہ ویڈیو میں لمبے سرنگ نما راستے دکھائے گئے ہیں جن میں نیول ڈرونز، اینٹی شپ میرائنز اور سی مائنز بچھی ہوئی ہیں، فوٹیج میں کچھ ہتھیاروں کے لانچ ہونے کے مناظر بھی دکھائے گئے ہیں، تاہم یہ واضح نہیں ہے کہ یہ ریکارڈنگ کب کی گئی تھی اور آیا اس کے بعد اس مقام پر امریکی یا اسرائیلی حملے ہوئے ہیں یا نہیں۔ ایک تصاویر میں سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کی تصویر کے نیچے ٹریلر پر نصب نیول ڈرون پر مشتمل ایک سرنگ دکھائی دیتی ہے۔ یہ نیول ڈرونز جنہیں ان مینڈ سرفیس ویسلز (USVs) بھی کہا جاتا ہے، پہلے ہی خلیج فارس میں 2 آئل ٹینکروں کو نشانہ بنا چکے ہیں، یہ چھوٹی کشتیاں پانی کی سطح پر یا اس کے قریب چلتی ہیں اور ان میں دھماکا خیز مواد ہوتا ہے جو ٹکرانے پر پھٹتا ہے۔ کیم مارچ کو مارشل آئی لینڈز میں رجسٹرڈ خام تیل کے ٹینکر کو عمان کے ساحل سے 44 ناٹیکل میل کے فاصلے پر نشانہ بنایا گیا، برطانوی میری ٹائم ٹریڈ ؟پریشن کے مطابق ایک USV نے جہاز کے پانی کے اوپری سطح کو نشانہ بنایا، جس سے انجن روم میں دھماکا ہوا اور آگ بھڑک گئی، اس حملے میں عملے کا 1 رکن ہلاک ہوا۔ چند دن بعد بہاماس کے پرچم کے تحت چلنے والے خام تیل کے ٹینکر سونا گول جو عراق کی خور الزبیر بندرگاہ کے قریب لنگر انداز ہونے کے دوران نشانہ بنایا گیا، آپریٹر سونا گول میرین سروس نے بتایا ہے کہ حملے میں 23 رکنی عملہ محفوظ رہا، جبکہ حملہ آور جہاز کے بارے میں تفصیل فراہم نہیں کی گئی کیونکہ تحقیقات جاری ہیں۔ آن لائن گردش کرنے والی ویڈیو میں ایک چھوٹی رفتار والی کشتی ٹینکر کی طرف بڑھتی ہے، جو جہاز کے ایک جانب ٹکراتی ہے اور اس کے بعد ایک بڑا دھماکا ہوتا ہے جس سے کافی دھواں اٹھتا ہے۔ سمندری حکام کے مطابق موجودہ ایران، امریکا۔اسرائیل کشیدگی کے دوران کم از کم 2 آئل ٹینکروں پر USVs کے ذریعے حملے ہو چکے ہیں۔ ایران نے ؟بنائے ہرمز کے ذریعے تیل کی ترسیل روکنے کی دھمکی بھی دی ہے، جو عالمی سطح پر تیل کی ترسیل کا پانچواں حصہ اسی راستے سے ہوتا ہے۔ ایرانی حکام نے کہا کہ دنیا کو تیاری کرنی چاہیے کہ تیل کی قیمت 200 ڈالر فی بیرل تک پہنچ سکتی ہے، کیونکہ ایرانی فورسز نے تجارتی جہازوں پر حملہ کر کے ہرمز کے ذریعے نقل و حرکت تقریباً روک دی ہے۔

بقیہ 23 چین

چیت سے حل کریں۔ ترجمان چینی وزارت خارجہ کے مطابق چینی وزیر خارجہ وانگ یی نے افغان ہم منصب امیر خان متقی سے ٹیلی فونک گفتگو کی اور کہا کہ چین کے افغان امور کے خصوصی ایلچی افغانستان اور پاکستان کے درمیان ثالثی کیلئے متحرک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امید ہے پاکستان اور افغانستان تحمل کا مظاہرہ اور کشیدگی سے گریز کریں گے۔ ترجمان کے مطابق چین نے دونوں ممالک پر زور دیا ہے کہ وہ جلد دو طرفہ مذاکرات کریں، پاکستان اور افغانستان فوری جنگ بندی کی طرف بڑھیں، اختلافات بات چیت سے حل کریں۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ چین دونوں ملکوں کے درمیان کشیدگی میں کمی کیلئے فعال کردار جاری رکھنے کیلئے پرعزم ہے۔

بقیہ 24 سرکاری افسران

ایندھن کے استعمال میں کمی کے اقدامات نافذ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ چیف منسٹر سیکرٹریٹ بلوچستان کی جانب سے باقاعدہ آفس آرڈر جاری کر دیا گیا ہے جس کے مطابق سرکاری دفاتر میں کام کرنے والے افسران کی سرکاری گاڑیوں کے لیے ایندھن کی فراہمی میں پچاس فیصد کمی کر دی گئی ہے۔ جبکہ وہ افسران یا اہلکار جو گھروں سے کام کر رہے ہیں، انہیں فی الحال سرکاری گاڑیوں کے لیے ایندھن کی فراہمی بند کر دی گئی ہے۔ آفس آرڈر میں مزید کہا گیا ہے کہ سرکاری دفاتر میں جنریٹرز صرف انتہائی ہنگامی صورتحال میں چلانے کی اجازت ہوگی۔ اس کے علاوہ پول گاڑیوں کے استعمال میں بھی پچاس فیصد کمی کر دی گئی ہے اور ان گاڑیوں کو بھی صرف ہنگامی حالات میں استعمال کیا جا سکے گا۔ حکام کے مطابق ان اقدامات کا مقصد سرکاری اخراجات میں کمی اور ایندھن کی بچت کو یقینی بنانا ہے۔

بقیہ 25 اظہار افسوس

میں بلاول بھٹو نے کہا کہ وارث اور زرد دوپہر جیسے ڈراموں میں اداکاری کی غیر معمولی جوہر دکھانے والے شجاعت ہاشمی کی فنی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 70 سے زائد فلموں میں اپنی اداکاری کا لوہا منوانے والے شجاعت ہاشمی کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ ذوالفقار علی بھٹو سے اداکار شجاعت ہاشمی کی محبت اور عقیدت انمٹ اور ناقابل فراموش تھی۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ صداکاری سے لے کر تھیٹر تک تمغہ حسن کارکردگی کے حامل شجاعت ہاشمی نے اپنے فن کے ذریعے پاکستان کے ثقافتی ورثے کو نمایاں انداز میں اجاگر کیا۔

بقیہ 26 حامد میر

آرمی (بی ایل اے) کے ہربیار مری گروپ سے رند اور لاشاری قبائل کے پانچ مغویوں کو بازیاب کروالیا۔ حامد میر کے مطابق تقریباً تین ماہ قبل بی ایل اے نے رند قبیلے کے علاقے سے تین رند اور دو لاشاری افراد کو اغوا کر کے تاوان کا مطالبہ کیا تھا۔ تاہم سردار یار محمد رند نے تاوان ادا کرنے کے بجائے حکمت عملی اختیار کرتے ہوئے پہاڑی علاقوں سے بی ایل اے کے 18 افراد کو اپنی تحویل میں لے لیا۔ ان کے بقول اس قبائلی حکمت عملی اور دباؤ کے نتیجے میں مغویوں کی رہائی ممکن ہوئی اور پانچوں افراد کو بازیاب کروالیا گیا دوسری جانب وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس پیشرفت پر اپنے ردعمل میں سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر جاری بیان میں کہا ہے کہ انہیں اپنے بزرگ اور بڑے سردار یار محمد رند کے اس اقدام پر خوشی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے قبائلی نظام کی یہی طاقت ہے کہ اپنی اقوام اور برادر اقوام، چاہے وہ بلوچ ہوں یا نہ ہوں، ان کا تحفظ کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ سردار یار محمد رند نے اپنی قوم کے لیے جو اقدام اٹھایا وہ قابل تحسین ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان کے تمام سرداروں اور قبائل کو اس طرز عمل کی تقلید کرنی چاہیے تاکہ بھارت کی مبینہ پراکسی تنظیم بی ایل اے کو بلوچستان میں قدم جمانے کی کوئی جگہ نہ مل سکے۔

بقیہ 27 اہلکار محفوظ

باعث پولیس عملہ محفوظ رہا۔ واقعہ گزشتہ شام تھانہ صدر کی حدود میں دھچی پل کے قریب پیش آیا، جہاں گشت پر مامور پولیس ٹیم کو نشانہ بنایا گیا۔ حملہ آور ہینڈ گرینیڈ پھینکنے کے بعد موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی مقامی پولیس کی بھاری نفری جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں لے کر ملزمان کی تلاش شروع کردی ہے، تاہم تاحال کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آئی۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ حملہ آوروں کا سراغ لگانے کے لیے قریبی علاقوں میں سرچ آپریشن جاری ہے۔

بقیہ 28 محفوظ انخلا

مزدوروں کو کامیابی کے ساتھ محفوظ مقام پر منتقل کردیا۔ دفتر خارجہ کے ترجمان طاہر اندرابی کے مطابق ان پاکستانی شہریوں کے انخلا کا عمل متعلقہ کمپنی کے مکمل تعاون سے انجام دیا گیا۔ بیروت میں پاکستانی سفارت خانے نے بتایا کہ یہ اقدام لبنان میں موجودہ کشیدہ صورتحال کے پیش نظر پاکستانی شہریوں کی سلامتی کو یقینی بنانے کے لیے کیا گیا۔ سفارت خانے کا کہنا ہے کہ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی فلاح و بہبود ان کی اولین ترجیح ہے اور ضرورت پڑنے پر انہیں ہر ممکن معاونت فراہم کی جاتی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیل کی جانب سے لبنان پر شدید میزائل حملوں کے بعد صورتحال کشیدہ ہو گئی ہے، جو ایران پر امریکا اور اسرائیل کے حملوں کے بعد شروع ہونے والی جنگ کے تناظر میں کیے گئے۔ ایران میں جاری جنگ دوسرے ہفتے میں داخل ہو چکی ہے جس کے نتیجے میں سینکڑوں افراد ہلاک ہو چکے ہیں جبکہ آبنائے ہرمز کی بندش کے باعث عالمی معیشت بھی شدید متاثر ہو رہی ہے۔

بقیہ 29 صدر مملکت

افغان دہشت گرد حکومت ہمارے دوست ممالک کے ساتھ مذاکرات کی خواہاں ہے تو دوسری جانب اس نے شہریوں کو نشانہ بنانے کی کوشش کر کے ایک سرخ لکیر عبور کر لی ہے۔ صدر مملکت کے مطابق پاکستان خلیج کے خطے اور مغربی ایشیا میں امن واستحکام کے فروغ کی کوششوں میں مصروف ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ غیر قانونی اور دہشت گرد طالبان حکومت نے یہ سرخ لکیر عبور کر کے اپنے اوپر سنگین نتائج مسلط کر لیے ہیں۔ انہوں نے کوئٹہ، کوہاٹ اور راولپنڈی میں ڈرون کے ملبے سے زخمی ہونے والے بچوں اور دیگر شہریوں کی جلد صحت یابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج اور سیکیورٹی ادارے ملک کے دفاع اور عوام کے تحفظ کے لیے مکمل طور پر پرعزم ہیں۔

بقیہ 30 یونس مہمند

شیرادر اظہار خان نے پشتونخوا میپ میں شمولیت اختیار کی۔ اجلاس سے صوبائی صدر جانان افغان، صوبائی نائب صدر حاجی حکیم حریفال، صوبائی جنرل سیکرٹری خالق داد وطنپال، صوبائی مالیات سیکرٹری حاجی یونس مہمند اور صوبائی ڈپٹی سیکرٹری عمران خلک نے خطاب کیا۔ مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پشتونوں اور اس خطے کے مسائل کا حل پشتونخوا میپ کے چیئرمین محترم مشر محمود خان اچکزئی کے بیانیے پر عملدرآمد سے ممکن ہے۔ محترم مشر محمود خان اچکزئی نے اس خطے میں موجودہ بحران اور پشتونخوا وطن کے مسائل کے حل کے لیے اپنا فارمولا دے دیا ہے پشتونخوا میپ اور محترم مشر محمود خان اچکزئی کے درست اصولی قومی جمہوری موقف کی وجہ سے آج پشتون عوام پشتونخوا میپ میں آئے روز شمولیت سے پشتونخوا ملی عوامی پارٹی اور محترم مشر کے اصولی قومی جمہوری موقف کو تقویت ملتی ہے۔ مقررین نے نئے شامل ہونے والے ساتھیوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ آپ کی شمولیت سے ہمارے طاقت میں مزید اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں فخر ہے کہ ہمارے رہبر کا بیانیہ اس وقت پورے ملک کے اکثریتی عوام کا بیانیہ بن چکا ہے اور ملک میں جمہوری قومی سیاسی مذہبی پارٹیوں کی ایک موثر نمائندہ تحریک تحفظ آئین پاکستان کے نام سے قائم ہے اور محترم مشر محمود خان اچکزئی اس تحریک کو لیڈ کر رہے ہیں اور اس ملک کے عوام کی نجات دہندہ کے طور پر ثابت ہوگی اور ملک میں پارلیمنٹ کی بالادستی اور آئین پر مکمل عملدرآمد اور ملک میں عوامی راج کے قیام کیلئے جدوجہد جاری رہے گی۔

بقیہ 31 بخت محمد کاکڑ

کی جا سکیں وزیر صحت نے کہا کہ دوردراز علاقوں میں بھی صحت کے مراکز کو فعال بنانے اور بنیادی طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے خصوصی منصوبے شروع کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دیہی علاقوں میں رہنے والے لوگوں کو صحت کی بہتر سہولیات فراہم کرنا حکومت کی اہم ذمہ داری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ صحت کے شعبے میں اصلاحات سے نہ صرف عوام کو فائدہ ہوگا بلکہ صوبے میں مجموعی طور پر صحت کے نظام میں بہتری آئے گی۔

بقیہ 32 خفیہ اطلاع

کے دوران علاقے میں قائم چار عارضی پناہ گاہوں کو بھی نذر آتش کر دیا گیا۔ گرفتار افراد کو مزید تفتیش کیلئے تحویل میں لے لیا گیا ہے جبکہ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق ان سے پوچھ گچھ کا سلسلہ جاری ہے دریں اثناء ضلع ہرنائی میں غیر قانونی مقیم افغان باشندوں کے خلاف جاری حکومتی مہم کے دوران پولیس نے موثر کارروائی کرتے ہوئے متعدد افراد کو حراست میں لے کر انہیں قانونی کارروائی کے بعد افغانستان واپس بھجوا دیا۔ تفصیلات کے مطابق ضلع ہرنائی پولیس نے 27 فروری 2026 سے شروع ہونے والی مہم کے تحت غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کے خلاف کارروائیاں تیز کر دی ہیں۔ اس دوران پولیس نے مختلف علاقوں میں چیکنگ اور چھاپوں کے ذریعے غیر قانونی طور پر رہائش پذیر افراد کی نشاندہی کی۔ اب تک مجموعی طور پر 187 غیر قانونی افغان باشندوں کو حراست میں لے کر تمام قانونی تقاضے پورے کرنے کے بعد انہیں افغانستان روانہ کر دیا گیا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق یہ کارروائیاں حکومت کی ہدایات اور قانون کے مطابق انجام دی جا رہی ہیں تاکہ علاقے میں امن و امان برقرار رکھا جا سکے اور غیر قانونی رہائش کے مسئلے پر قابو پایا جا سکے۔ ضلع پولیس ہرنائی کے مطابق غیر قانونی افغان باشندوں کے خلاف کارروائیاں آئندہ بھی جاری رہیں گی اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے گی تاکہ ضلع میں قانون کی بالادستی اور امن و استحکام کو یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ 33 ہدایت الرحمان بلوچ

خطے بدامنی، تباہی اور انسانی بحران کا شکار ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فلسطین، شام، عراق اور دیگر مسلم خطوں میں جاری ظلم و ستم اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ عالمی طاقتیں اپنے مفادات کے لئے انسانیت کو قربان کرنے سے بھی گریز نہیں کرتیں۔ انہوں نے کہا کہ ایران نے مشکل حالات میں جس جرات، استقامت اور حوصلے کا مظاہرہ کیا ہے وہ پوری امت مسلمہ کے لیے ایک مثال ہے۔ ایران کی ثابت قدمی مسلم دنیا کے لئے حوصلہ افزاء پیغام ہے کہ اگر عزم اور اتحاد موجود ہو تو بڑی سے بڑی طاقت کا مقابلہ کیا جا سکتا ہے۔ مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ آج وقت کا تقاضا ہے کہ پاکستان، ایران، ترکی اور عرب ممالک سمیت تمام مسلم ممالک باہمی اختلافات کو پس پشت ڈال کر مشترکہ حکمت عملی اختیار کریں۔ اگر مسلم دنیا اقتصادی، دفاعی اور سفارتی سطح پر متحد ہو جائے تو نہ صرف اپنے مسائل حل کر سکتی ہے بلکہ دنیا میں امن، انصاف اور ترقی کے قیام میں بھی اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ امت مسلمہ کو چاہیے کہ وہ باہمی اتحاد، اخوت اور بھائی چارے کو فروغ دے اور عالمی سطح پر انصاف اور امن کے قیام کے لئے مشترکہ جدوجہد کرے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم ممالک کے درمیان مضبوط اتحاد ہی خطے کو بیرونی مداخلت، جنگوں اور سازشوں سے بچا سکتا ہے اور یہی اتحاد دنیا کے لئے حقیقی امن اور خوشحالی کا ضامن بن سکتا ہے۔

بقیہ 34 عوامی وارننگ

نے غیر مصدقہ معلومات یا مواد کے بارے میں عوامی وارننگ جاری کر دی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ، ڈرون یا میزائل کی تصاویر یا اس سے ہونے والے نقصان کی ویڈیو لگانے پر بھی پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ خلاف ورزی کرنے والوں کو دو سال قید تک کی سزا دی جائے گی۔ دبئی میں حالیہ کشیدگی کے دوران میزائلز کی ویڈیو بنانے کے الزام میں برطانوی شخص سمیت 20 افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔ برطانوی نشریاتی ادارہ کو انٹرویو میں متحدہ عرب امارات کی وزیر مملکت برائے خارجہ لانا نسیبہ کا کہنا تھا کہ سائبر کرائم قوانین عوام کے تحفظ کیلئے ہیں اور اس پر سختی سے عملدرآمد ناگزیر ہے۔ اماراتی وزیر نے کہا کہ سوشل میڈیا قوانین کی اس سے قبل بھی متعدد خلاف ورزیاں ہوچکی ہیں، حالیہ صورتحال میں معلومات معتبر اور قابل اعتماد ذرائع سے حاصل کرنی چاہئیں۔ متحدہ عرب امارات [illegible] فرانسیسی شہریوں کو بھی قانون کی خلاف ورزی پر 48 گھنٹے کیلئے قید رکھا گیا۔ برطانوی نشریاتی ادارہ اسی طرح پاکستان میں بھی آئین کے آرٹیکل 19 میں اظہار رائے کی حدود و قیود بالکل واضح ہیں، ماہرین نے کہا ہے کہ ہر شخص کو آزادی رائے کا حق حاصل ہے، بشرطیکہ اس کا اظہار ملکی دفاع اور قومی سلامتی کے خلاف نہ ہو۔ پاکستان میں بھی دنیا کے دیگر ممالک کی طرح سائبر قوانین کی سخت اور موثر عملداری ناگزیر ہے۔

بقیہ 35 پنشن فنڈ

کو اختیار ہوگا کہ وہ اپنی مرضی سے لازمی 10 فیصد سے زیادہ بھی پنشن فنڈ میں اضافی رقم جمع کرا سکتے ہیں تاہم اس کیلئے متعلقہ ملازم کو باقاعدہ حلف نامہ یا اعلامیہ جمع کرانا ہوگا جو محکمہ خزانہ کے ریکارڈ کا حصہ بنایا جائے گا۔ حکام کے مطابق یہ اقدام پنشن نظام کو مالی طور پر مستحکم بنانے اور مستقبل میں سرکاری ملازمین کو بہتر پنشن سہولیات فراہم کرنے کیلئے اٹھایا گیا ہے نوٹیفکیشن کے مطابق اس حوالے سے تمام متعلقہ محکموں اور اداروں کو بھی آگاہ کر دیا گیا ہے تاکہ نئے قواعد پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ 36 ڈی آئی جی

آصف خان کے مطابق، ملزم نے ابتدائی تفتیش کے دوران اعتراف کیا ہے کہ اس نے ڈکیتی کی نیت سے گھر میں داخل ہو کر ہی سے مقتولہ کا گلا دبا کر انہیں قتل کیا تھا۔ ملزم کی نشاندہی پر پولیس نے ہیلتھ آفس نیو لنک روڈ، سیٹلائٹ ٹاؤن کے ایک کمرے سے لوٹی گئی ایک لاکھ روپے نقدی، طلائی زیورات اور قتل میں استعمال رسی برآمد کر لی۔ یاد رہے کہ ملزم اسی ہیلتھ آفس میں صفائی کا کام کرتا تھا پولیس نے مزید تفتیش شروع کر دی ہے۔

بقیہ 37 جمعیت نظریاتی

ہیں۔ رہنماؤں نے کہا کہ امریکہ نام نہاد دہشت گردی کی جنگ کے نام پر خطے کا امن برباد کر چکا ہے اور اب مزید بدامنی پیدا کرنے کے درپے ہے انہوں نے مسلم حکمرانوں کی بے حسی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس رویے سے پورا خطہ شدید خطرے سے دوچار ہے۔ قیادت نے زور دیا کہ امریکہ مسلم ممالک کے مابین دوریاں پیدا کرنے کی سازشیں کر رہا ہے، لہٰذا اسلامی ممالک کو چاہیے کہ وہ اپنے مسائل باہمی اتحاد، اتفاق اور گفت و شنید سے حل کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ امت مسلمہ کی بقا اور ترقی کا دارومدار خودانحصاری اور آزاد خارجہ پالیسیوں پر ہے، جبکہ غلامانہ پالیسیوں نے ہی مسلم دنیا کو بحرانوں میں دھکیلا ہے۔

بقیہ 38 FGRF

زندگی فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ مہنگائی کے دور میں اس طرح کی امدادی سرگرمیاں ضرورت مند افراد کے لیے بڑی سہولت کا باعث بنتی ہیں۔ راشن تقسیم کے دوران انتظامیہ نے مستحقین کی عزت نفس کا خاص خیال رکھا اور منظم طریقے سے راشن پیکجز فراہم کیے گئے۔ مقامی افراد نے اس فلاحی اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ دعوت اسلامی اور اس کے فلاحی ادارے معاشرے کی خدمت میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ دعوت اسلامی کے ذمہ داران نے کہا کہ دعوت اسلامی دین اسلام کی ترویج و اشاعت کے ساتھ ساتھ انسانیت کی فلاح اور خیر کے جملہ کاموں میں اپنا حصہ ڈالتی ہے۔ دین اسلام کی تبلیغ و اشاعت کے ساتھ انسانیت کی خدمت جاری رہے گی اللہ پاک ہماری خدمات اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے۔

بقیہ 39 پاکستانی طلبہ

سے آنے والے یہ طلبہ مختلف جامعات میں زیر تعلیم تھے۔ طلبہ و طالبات نے اپنی سفری روداد بیان کرتے ہوئے بتایا کہ مشکل حالات کے باوجود پاکستانی قونصلیٹ سے رابطے کے بعد انہیں محفوظ طریقے سے تفتان پہنچایا گیا۔ انہوں نے پاکستانی حکام اور مقامی انتظامیہ کے اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہاں پہنچنے کے بعد انہیں مفت رہائش اور کھانے پینے کی سہولیات فراہم کی گئیں۔ مقامی انتظامیہ کے مطابق تمام طلبہ و طالبات کو سخت سیکیورٹی انتظامات کے تحت علی الصبح کوئٹہ منتقل کیا جائے گا، جہاں سے انہیں مزید اپنے آبائی علاقوں کو روانہ کر دیا جائے گا۔

بقیہ 40 ٹرمپ کو مشورہ

کے مطابق امریکی حکومت کے اندر اس جنگ کے بارے میں دو مختلف رائے موجود ہیں۔ کچھ حکام چاہتے ہیں کہ فوجی کارروائی جاری رکھی جائے تاکہ ایران کی فوجی صلاحیت مکمل طور پر ختم ہو جائے۔ جبکہ کچھ مشیر کہتے ہیں کہ امریکا اپنے اہداف حاصل کر چکا ہے، اس لیے اب جنگ ختم کر دینی چاہیے۔ تاہم ٹرمپ کا موقف ہے کہ اس جنگ کا اختتام اسی وقت ہوگا جب انہیں مناسب لگے گا۔

بقیہ 41 حافظ نعیم

عت اسلامی کے دور میں پیٹرول مہنگا ہوتا تو بوجھ جماعت خود برداشت کرتی۔ انہوں نے کہا کہ ہم 35 ہزار یتیم بچوں کی کفالت کر رہے ہیں، آغوش پروگرام میں بچے تعلیم حاصل کر رہے ہیں، اس پروگرام کے تحت بچے انجینئر، ڈاکٹرز بن رہے ہیں، کسی آفت میں پوری جماعت اسلامی والنٹیئر بن جاتی ہے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ 90 ہزار بچوں کو غزہ میں شہید کر دیا گیا، شہداء میں 70 فیصد تعداد بچوں اور خواتین کی ہے۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ جو کام ریاست کے ہیں وہ الخدمت کر رہی ہے، الخدمت نے امداد غزہ تک بھیج دی ہے۔

بقیہ 42 مولانا عنایت اللہ

ڈپٹی جنرل سیکرٹری ایم پی اے خضدار میر یونس عزیز زہری، مرکزی رہنماء ایم این اے حاجی عثمان بادینی، ضلعی نائب امیر مولانا محمد اسحاق شاہوانی، ضلعی رہنماء میر گل خان ساسولی، جیوہ آئی نال کے امیر مولانا عبدالغفار بزنجو، جے یو آئی وڈھ کے جنرل سیکرٹری مولانا عبدالصبور مینگل، ضلعی رہنماء میر سیف اللہ ساسولی، صحافی محمد خان ساسولی، حافظ جمیل احمد ابرار ودیگر شامل تھے۔

بقیہ 43 زرک خان مندوخیل

حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں ان کا کہنا تھا کہ نوجوانوں کو بہتر مستقبل فراہم کرنے کیلئے انہیں تعلیم اور ہنر کے مواقع دینا ضروری ہے تاکہ وہ معاشرے کی ترقی میں موثر کردار ادا کر سکیں انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے، جس سے عوام کو براہ راست فائدہ پہنچے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ عوامی نمائندے ہونے کے ناطے وہ اپنے حلقے کے عوام کے مسائل حل کرنے کے لئے ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ عوام کا اعتماد ان کی سب سے بڑی طاقت ہے اور وہ اس اعتماد پر پورا اترنے کے لیے اپنی تمام تر توانائیاں بروئے کار لائیں گے۔

بقیہ 44 آغا ظہور شاہ

وزیر، ایڈووکیٹ تنویر شاہوانی، ایڈووکیٹ علی خان کاکڑ، ایڈووکیٹ خالد خان اچکزئی، ایڈووکیٹ ہارون آفاق، ایڈووکیٹ نصر اللہ کاکوزئی، ایڈووکیٹ ریحان بابر، ایڈووکیٹ سمیع کاکڑ، ایڈووکیٹ قطار رند، ایڈووکیٹ ریحانہ، ایڈووکیٹ مولا داد بریچ، ایڈووکیٹ شراف الدین کاکڑ، ایڈووکیٹ شمس الدین کاکڑ، ایڈووکیٹ معین کاکڑ، ایڈووکیٹ ریحان جکرانی و دیگر نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ پیپلز لائرز فورم کی موجودہ صوبائی کابینہ جو مسلط شدہ حیثیت میں فورم پر قابض بیٹھی ہوئی ہے، اس نے پراسیکیوٹر جنرل بلوچستان کے آفس میں حالیہ اعلان کردہ آسامیوں پر ابھی سے بندربانٹ اور مبینہ لین دین کا سلسلہ شروع کر دیا ہے۔ بلکہ خود کار طریقے سے بااثر افراد کو کئے من پسند افراد کے نام مانگے جا رہے ہیں جس سے خاص طور پر پیپلز لائرز فورم کو جیسا کہ لیپ میں نظر انداز کیا گیا ایسا ہی ہمارے ساتھیوں کو نوجوان وکلا جنہوں نے پچھلے سالوں سے پارٹی کے لئے قربانیاں دی ہیں اگر اس دفعہ پھر ہمارے پارٹی کے حقیقی نظریاتی وکلا کو بائی پاس کیا گیا تو ہم انشاء اللہ بھرپور احتجاج اور پریس کانفرنس کریں گے۔ اسلئے ہمیں باوثوق ذرائع سے اطلاعات موصول ہو رہی ہیں کہ مختلف آسامیوں کیلئے غیر رسمی طور پر بولیوں کا آغاز کردیا گیا ہے اور لاکھوں روپے کے مطالبات کیے جارہے ہیں، جو کہ انتہائی شرمناک، قابل مذمت اور نوجوان وکلاء کے ساتھ کھلی ناانصافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ مسلط شدہ کابینہ شروع دن سے میرٹ کے خلاف فیصلے کرتی آئی ہے اور اب پراسیکیوٹر جنرل بلوچستان کے آفس کی بھرتیوں میں بھی من پسند افراد کو نوازنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ انہوں نے پارٹی کی اعلیٰ قیادت صوبائی کابینہ، وزیراعلیٰ بلوچستان اور تمام ذمہ دار افراد سے مطالبہ کیا کہ تمام بھرتیوں کا عمل مکمل طور پر شفاف بنایا جائے ایسا نہ ہو کہ جس طرح ہمارے وکلا کے لپ ٹاپ سندھ پنجاب میں بطور تحفہ بھیجے گئے اور دیگر افسران کو بطور تحفہ پیش کیا گیا یہاں ذر اسی بات کی ہے جان ہی پوسٹوں پر جو بندر بانٹ جاری ہے اسکی بنیاد موجودہ نااہل اور غیر آئینی پیپلز لائرز فورم کی سلط شدہ کابینہ ہے جس کو فوری طور پر اس عمل سے الگ کیا جائے، اور مبینہ مالی لین دین لپ ٹاپ کی فروخت، تحفہ جات اور غیر پارٹی وکلا کو نوازنے اور اپنے پارٹی کے حقیقی قربانی دینے والے وکلا کو نظر انداز کرکے اور بندر بانٹ کی فوری تحقیقات کرائی جائیں، بصورت دیگر نوجوان وکلاء احتجاج کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر نوجوان وکلاء کے ساتھ ناانصافی کا سلسلہ بند نہ ہوا اور اس غیر آئینی پیپلز لائرز فورم بلوچستان کی تنظیم نو نہ کی گئی تو اس کے خلاف عید الفطر کے بعد تمام پیپلز پارٹی کے حقیقی نظریاتی وکلا بھرپور قانونی، جمہوری اور تنظیمی احتجاج کیا جائے گا اور ہر فورم پر اس معاملے کو اٹھایا جائے گا۔

بقیہ 45 محمد عبدالقادر

ں کی حالیہ صورتحال مسلم دنیا کیلئے لمحہ فکریہ ہے مسلم ممالک کو سفارتی سطح پر زیادہ فعال کردار ادا کرتے ہوئے کشیدگی کے خاتمے اور مذاکرات کی راہ ہموار کرنے کی کوشش کرنی چاہیے علاقائی تنظیموں اور بین الاقوامی اداروں کے ذریعے امریکہ اور اسرائیل پر موثر سفارتی دباؤ ہی اس بحران کا پائیدار حل کی جانب پیش رفت کر سکتا ہے ایران پر رمضان کے دوران ہونے والے حملوں نے نہ صرف ایک انسانی المیہ کو جنم دیا ہے بلکہ عالمی نظام کی اخلاقی ذمہ داریوں کو بھی کٹہرے میں کھڑا کر دیا ہے عالمی برادری بروقت اور منصفانہ کردار ادا نہ کر سکی تو اس کے اثرات صرف مشرق وسطیٰ تک محدود نہیں رہیں گے بلکہ یہ پوری دنیا کے امن و استحکام کو ہلا کر رکھ دیں گے۔ عمرہ کی ادائیگی کے موقع پر مکۃ المکرمہ سے اپنے ایک بیان میں چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار نے مزید کہا ہے کہ رمضان المبارک کے مقدس مہینے کے دوران امریکہ اور اسرائیل ایران پر بلا جواز خوفناک بمباری جاری رکھے ہوئے ہیں امریکہ کے ایران پر حالیہ تباہ کن فضائی حملوں نے عالمی سطح پر شدید تشویش اور غم و غصے کو جنم دیا ہے اس مقدس مہینے میں جب دنیا بھر کے مسلمان عبادت، صبر، رواداری اور انسانیت کے جذبے کو فروغ دیتے ہیں، ایسے حملے انسانی اقدار اور بین الاقوامی قوانین کی سنگین خلاف ورزی ہیں شہری علاقوں پر بمباری، بنیادی ڈھانچے کی تباہی اور عام معصوم شہریوں کی ہلاکتوں نے اس تنازع کو مزید المناک بنا دیا ہے امریکہ اور اسرائیل کی ایران کے خلاف جارحانہ کارروائیوں نے خطے میں شدید کشیدگی پیدا کر دی ہے عالمی برادری اور انسانی حقوق کی تنظیمیں اس تباہ کن صورتحال کا غیر جانبدارانہ جائزہ لیں اور جنگی قوانین کی خلاف ورزیوں کی تحقیقات کو یقینی بنائیں۔ ایسے میں فوری سفارت کاری، ذمہ دارانہ قیادت اور عالمی سطح پر موثر احتساب ہی اس بحران سے نکلنے کا واحد راستہ ہے۔

بقیہ 46 مولانا عبدالرحمان

عطاء محمد شمشوزئی اور دیگر رہنماؤں نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت کے اعلان کردہ رمضان راشن پیکج میں بدترین بدعنوانی، کرپشن اور غیر منصفانہ تقسیم انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہیں۔ ماہ رمضان المبارک جیسے بابرکت مہینے میں غریبوں اور مستحق افراد کے نام پر سرکاری وسائل کی لوٹ مار نہ صرف اخلاقی طور پر قابل افسوس ہے بلکہ یہ عوام کے ساتھ کھلی ناانصافی کے مترادف ہے۔ رمضان راشن پیکج کا مقصد مہنگائی اور معاشی مشکلات کے شکار غریب اور مستحق خاندانوں کو سہارا فراہم کرنا تھا مگر بدقسمتی سے اس پیکج کو حقیقی مستحقین تک پہنچانے کے بجائے سیاسی بنیادوں پر اپنے من پسند اور منظور نظر افراد میں تقسیم کرکے محض خانہ پری کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ فارم 47 کی حکومت نے غریبوں اور مساکین کے اس فلاحی منصوبے کو بھی سیاسی مفادات کی نذر کردیا ہے جس کے باعث صوبے کے ہزاروں مستحق خاندان اس سہولت سے محروم رہ گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام اس وقت شدید مہنگائی، بے روزگاری اور معاشی بحران سے گزر رہے ہیں۔ ایسے حالات میں غریب اور دیہاڑی دار طبقہ پہلے ہی سخت مشکلات کا شکار ہے مگر حکومت کی نااہلی اور غیر شفاف پالیسیوں کے باعث رمضان پیکج بھی ان تک نہیں پہنچ پا رہا۔ انہوں نے کہا کہ راشن پیکج کی تقسیم کیلئے کوئی واضح، باضابطہ اور شفاف طریقہ کار اختیار نہیں کیا گیا جس کے باعث بدعنوانی اور اقرباپروری کو فروغ ملا ہے۔

بقیہ 47 طاہر بزنجو

صدر ٹرمپ کی جیب اور جھولی میں ہیں انہوں نے کہا کہ ایرانی قیادت کو معلوم ہے کہ دنیا کے سب سے طاقتور ریاست سے لڑنا کوئی آسان کام نہیں لیکن ایرانی عوام نے پختہ ارادہ کر رکھا ہے کہ وہ اس جنگ میں ٹرمپ اور نیتن یاہو کو جیتنے نہیں دیں گے انہوں نے کہا کہ تاریخ میں طاقتور قوتوں کو عبرتناک شکست ہوئی ہے اور اس کی درجنوں مثالیں ہیں انہوں نے کہا کہ دوسری جنگوں کی طرح یہ جنگ بھی تباہی اور بربادی پھیلا کر اپنے انجام کو پہنچے گا، صدر ٹرمپ اور نیتن یاہو اپنے پیشرو ہٹلر کی طرح تاریخ کے کوڑے دان میں گم ہو جائیں گے اور تاریخ فاشزم سامراجیت کو فراموش کرے گی اور نہ ایرانی عوام کی ناقابل فراموش مزاحمت کو شاندار الفاظ میں یاد رکھے گی، بے شک ظالموں پر اللہ کی لعنت ہو انہوں نے کہا کہ یہ تاریخی حقیقت ہے کہ قوموں کی تاریخ سلطنتوں کے گرد گھومتی رہی ہے۔

بقیہ 48 ریونیو اتھارٹی

مطابق نئے نظام کے تحت رجسٹرڈ سروس فراہم کنندگان کے انوائسنگ سسٹم کو بی آر اے کے ڈیجیٹل پلیٹ فارم کے ساتھ منسلک کیا جائے گا جس کے ذریعے قابل ٹیکس خدمات کی فروخت کی ریئل ٹائم نگرانی ممکن ہو سکے گی۔ اس اقدام کا مقصد ٹیکس قوانین پر عملدرآمد کو بہتر بنانا، کم رپورٹنگ کی حوصلہ شکنی کرنا اور ٹیکس انتظامیہ کو جدید خطوط پر استوار کرنا ہے۔ ان قواعد کے تحت اچانک معائنہ (سرپرائز انسپکشن)، ہمکہ ویڈیو نگرانی اور صارفین کو باقاعدہ رسید لینے کی ترغیب دینے کیلئے کسٹمر پرائز انیم جیسے اقدامات بھی شامل ہوں گے۔ بی آر اے کے مطابق کاروباری اداروں کو اس نظام کے نفاذ میں آسانی فراہم کرنے کیلئے تکنیکی معاونت بھی فراہم کی جائے گی۔ اتھارٹی کا کہنا ہے کہ اس اصلاحاتی اقدام سے نہ صرف محصولات میں اضافہ ہوگا بلکہ بلوچستان میں سروسز سیکٹر کی دستاویز بندی اور شفافیت میں بھی نمایاں بہتری آئے گی۔

بقیہ 49 مولانا فضل الرحمن

لڑائیوں میں الجھ چکی ہے، جس کی وجہ سے مشترکہ مسائل کے حل میں مشکلات پیدا ہو رہی ہیں، ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کو اس وقت پیچیدہ علاقائی اور سفارتی چیلنجز کا سامنا کرنا ہے۔ مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ ایک طرف بھارت کے ساتھ مشرقی سرحد پر کشیدگی ہے جبکہ دوسری طرف افغانستان کی جانب مغربی سرحد بھی مسائل کا شکار ہے، اس لیے موجودہ حالات میں پاکستان کے علاقائی اور عالمی تعلقات کا از سرنو جائزہ لینا ناگزیر ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ الزام تراشی یا ایک دوسرے کو غلط قرار دینا مسائل کا حل نہیں ہے بلکہ سنجیدگی سے سوچنا ہوگا کہ موجودہ عالمی صورتحال میں پاکستان کہاں کھڑا ہے۔ جے یو آئی سربراہ نے کہا کہ پاکستان کے اہم سفارتی اور دفاعی معاملات پر پارلیمنٹ کا مشترکہ ان کیمرہ اجلاس بلایا جائے تاکہ قومی سلامتی کے معاملات پر عوامی نمائندوں کو مکمل اظہار رائے کا موقع مل سکے۔

بقیہ 50 جنگل پیر علیزئی

کی طویل قطاریں لگ گئیں اور کوئٹہ سے چمن اور چمن سے کوئٹہ جانے والے مسافروں بشمول خواتین اور بچوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا مظاہرین کا مطالبہ ہے کہ فائرنگ میں ملوث ملزمان کو فوری گرفتار کرکے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے انتظامیہ کی جانب سے شاہراہ کھلوانے اور صورتحال پر قابو پانے کیلئے کوششیں جاری ہیں تاہم ٹریفک معطل ہے۔

بقیہ 51 جسیر سنگھ

نے مسترد کردیا جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ انہوں نے جھوٹ پر مبنی بے بنیاد الزامات لگانے کا دعویٰ کیا تھا۔ عدالت نے حقائق کو دیکھتے ہوئے قیصر کشور کی ضمانت منظور کی۔ انہوں نے کہا کہ حملہ آوروں نے چادر و چار دیواری کا تقدس پامال کرتے ہوئے 7 مارچ کو قیصر کشور کے گھر میں گھس کر خواتین پر تشدد کیا اور انہیں نقصان پہنچانے کی کوشش کرتے ہوئے کپڑے پھاڑ دیے جس کی رپورٹ تھانہ میں درج کرائی گئی ہے انہوں نے کہا کہ یہ عناصر یتیم بچوں کی جائیداد ہڑپ کرنے کیلئے مختلف قسم کے اوچھے ہتھکنڈوں کے ذریعے ہمیں مرعوب کرنے کی کوشش کر رہے ہیں ہم اس طرح کی بزدلانہ حرکتوں کے ذریعے جائیداد سے کسی صورت دستبردار نہیں ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ قیصر کشور پر منشیات فروشی، اداروں کے نام پر دھمکیاں دینے غیر قانونی فنڈنگ سمیت مختلف نوعیت کے الزامات میں صداقت نہیں ہے جو کہ گزشتہ 25 سال سے عوامی خدمت میں مصروف ہو کر اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مخالفین نے معاملہ کو مذہبی رنگ دے کر پورے خاندان اور برادری کی عزت اچھالنے کی کوشش کرتے ہوئے سوشل میڈیا کو ڈھال بنا کر اپنے جرائم پر پردہ ڈالنے اور معصوم بچوں کی جائیداد پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں اس حوالے سے ہم نے ان جھوٹے الزامات کے خلاف قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا ہے اگر 7 دن کے اندر الزامات کے ثبوت پیش نہ کیے گئے تو ہتک عزت کا دعویٰ دائر کیا جائے گا۔ ہم وزیر اعلیٰ بلوچستان، کمانڈر 12 کور، آئی جی پولیس بلوچستان، ڈائریکٹر جنرل ایف آئی اے اور دیگر حکام سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ہمیں گھر پر حملہ آور ہونے، جائیداد پر قبضہ کرنے اور عزت کو نفس کو مجروح کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کر کے ہمیں انصاف فراہم کیا جائے۔

بقیہ 52 الجزیرہ کی رپورٹ

نے ایران کے جزیرے خارگ پر حملہ کیا، جزیرے پر حملے کے بعد امریکی ٹھکانے جائز اہداف ہیں، ہمیں اپنی خودمختاری اور سرزمین کے مکمل دفاع کا حق حاصل ہے، یو اے ای پر موجود کچھ امریکی اہداف کو نشانہ بنائیں گے، آبنائے ہرمز میں آئل ٹینکرز اور بحری جہازوں پر پابندی برقرار ہے، اگر کوئی جہاز بغیر اجازت آبنائے ہرمز میں داخل ہوا تو نشانہ بنائیں گے۔ امریکی سینٹ کام نے ایرانی جزیرے خارگ پر حملے سے متعلق بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ ایرانی جزیرے خارگ میں 90 فوجی اہداف تباہ کئے، حملے میں بارودی سرنگوں کے گودام اور میزائل بنکرز تباہ کیے گئے، خارگ پر حملے میں تیل کی تنصیبات کو نقصان نہیں پہنچایا گیا۔ متحدہ عرب امارات کی وزارت دفاع نے بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ آج ایران کے 9 بیلسٹک اور 33 ڈرونز کو تباہ کیا گیا، 28 فروری سے اب تک 294 بیلسٹک اور 15 کروز میزائل تباہ کئے گئے، ایران کی جانب سے داغے گئے 1600 ڈرونز کو تباہ کیا جا چکا ہے۔ اردن کے فوجی ترجمان نے بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ ایران کی جانب سے 85 میزائل اور ڈرون داغے گئے، دفاعی نظام کے ذریعے 79 کو راستے کو تباہ کیا، 5 ڈرون اور ایک میزائل ملک کے اندر گرا ایرانی حکومت نے امریکا اور اسرائیل کے ایران پر حملوں میں نقصان سے متعلق اعداد و شمار جاری کردیے ہیں، 28 فروری سے اب تک 36 ہزار 500 رہائشی یونٹس کو نقصان پہنچا، صرف تہران میں 10 ہزار رہائشی یونٹس متاثر ہوئے، امریکی اسرائیلی حملوں میں اب تک 32 ایمبولینسیں تباہ ہوئیں، پندرہ روز میں ایران میں 120 اسکولوں کو نشانہ بنایا گیا، حملوں کے دوران کم از کم 223 خواتین جاں بحق ہوئیں حملوں میں جاں بحق طلبہ اور اساتذہ کی تعداد 206 ہو چکی ہے۔

بقیہ 53 پشتونخوا میپ

، جنرل سیکرٹری پروفیسر نقیب اللہ احساس، فنانس سیکرٹری عادل خان اچکزئی، بلوچی اکیڈمی کے جنرل سیکرٹری عرفان جمالدینی، سابق چیئرمین ممتاز یوسف، براہوی اکیڈمی کے چیئرمین پروفیسر ڈاکٹر سوسن براہوی، ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر محمد اسلم ہنگوکی اور ہزارہ اکیڈمی کے صدر احمد علی بیگ، جنرل سیکرٹری سرور ہزارہ شامل تھے۔ وفد نے پشتو، بلوچی، براہوی اور ہزارگی اکیڈمیز کے نمائندہ وفد نے پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصر اللہ خان زیری اور صوبائی جنرل سیکرٹری خوشحال خان کاسی سے پارٹی کے صوبائی دفتر میں ملاقات کی ملاقات میں صوبائی حکومت کے مجوزہ "بلوچستان رجسٹریشن آف اکیڈمیز اینڈ لٹریری سوسائٹی بل 2025" اور اکیڈمیوں کی خودمختاری پر اس کے منفی اثرات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ملاقات میں یہ نکتہ واضح طور پر اٹھایا گیا کہ یہ اکیڈمیاں محض انتظامی یونٹس نہیں بلکہ آئینی و قانونی طور پر مکمل خودمختار علمی ادارے ہیں یہ اکیڈمیاں "سوسائٹیز رجسٹریشن ایکٹ 1860" کے تحت رجسٹرڈ ہیں، جو انہیں اپنی داخلی انتظامیہ اور علمی فیصلوں میں مکمل آزادی فراہم کرتا ہے۔ مزید برآں، "بلوچستان چیریٹی ریگولیشن اتھارٹی ایکٹ 2019" کی شق نمبر 7 بھی ان اداروں کی خودمختاری کی مکمل ضمانت دیتی ہے۔ ان واضح قوانین کی موجودگی میں کسی نئے بل کے ذریعے انہیں کی خودمختار حیثیت کو ختم کر کے بیوروکریسی کے تابع کرنا غیر آئینی اور غیر قانونی عمل ہوگا۔ ملاقات کے دوران گزشتہ روز اسمبلی فلور پر وزیر اعلیٰ بلوچستان کے اس بیان پر گہری تشویش کا اظہار کیا گیا جس میں انہوں نے اکیڈمیوں کے مواد (Contents) کو نوجوانوں کی ریاست سے دوری کا سبب قرار دیا تھا۔ وفد اور سیاسی رہنماؤں نے اسے حقائق کے برعکس اور ایک "بڑی غلط فہمی" قرار دیتے ہوئے کہا کہ ان اکیڈمیوں سے شائع ہونے والا تمام مواد ریکارڈ پر موجود ہے جو کہ امن، انسانیت اور مٹی سے محبت کا درس دیتا ہے۔ ملاقات میں فیصلہ کیا گیا کہ سیاسی اکابرین کی قیادت میں اکیڈمیوں کا ایک مشترکہ وفد جلد وزیراعلیٰ بلوچستان سے ملاقات کرے گا۔ اس ملاقات کا مقصد وزیراعلیٰ کو اکیڈمیوں کے علمی، ادبی اور تحقیقی کاموں کے حوالے سے مکمل بریفنگ دینا اور ان کے ذہن میں موجود غلط فہمیوں کو دور کرنا ہے تاکہ ان تاریخی اداروں کی خودمختار حیثیت کو برقرار رکھا جا سکے۔

افغان طالبان نے شہریوں کو نشانہ بنا کر سرخ لکیر عبور کر لی، صدر مملکت

دہشت اور وحشیانہ طاقت کے ذریعے قائم کی گئی افغانستان کی غیر قانونی حکومت اپنی ذمہ داریوں سے مسلسل مکر رہی ہے

پاکستان کی مسلح افواج اور سیکیورٹی ادارے ملک کے دفاع اور عوام کے تحفظ کے لیے مکمل طور پر پُرعزم ہیں، آصف علی زرداری

اسلام آباد(شاکر احمد خان سے)صدر مملکت آصف علی زرداری نے افغان طالبان رجیم کی جانب سے پاکستانی شہری علاقوں کو نشانہ بنانے والے ڈرون حملوں کی مذمت کی ہے۔ایوان صدر سے جاری بیان میں صدر مملکت نے کہا کہ دہشت اور وحشیانہ طاقت کے ذریعے قائم کی گئی افغانستان کی غیر قانونی حکومت اپنی ان ذمہ داریوں سے مسلسل مکر رہی ہے جن کے تحت اسے دہشت گرد گروہوں کو محفوظ پناہ گاہیں فراہم نہ کرنے کا وعدہ کیا تھا اور اب وہ اسلامی دنیا کی ایک بڑی عسکری طاقت کو اشتعال دلانے کی جسارت بھی کر رہی ہے۔ان کا کہنا تھا کہ .... بقیہ 29 صفحہ

ایم پی اے میر ضیا لانگو سید امین کے والد کے انتقال پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

محمود خان اچکزئی کا بیانیہ عوام کا ہے، یونس مہمند

تحریک تحفظ آئین پاکستان عوام کیلئے نجات دہندہ ثابت ہوگی' شمولیتی تقریب سے خطاب

موجودہ بحران اور پشتونخوا وطن کے مسائل کے حل کے لئے اپنا فارمولا دے دیا ہے

اسلام آباد(پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے زیر نگرانی اسلام آباد کے علاقے گولڑہ میں شمولیتی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت اسلام آباد۔راولپنڈی کے ضلعی آرگنائزر حاجی یونس مہمند نے کی۔ اس اجلاس میں اٹھارہ (18) افراد ڈاکٹر عطاء الرحمن، وسیم خان، صابر خٹک، سید خان، سید محمد، زبیر خان، وحید خان، قاسم خان، زاہد خٹک، اسامہ خان، ذکریا خان، کامران خان، صادق خان، سہیل خان، رؤف خان، سیف خان، علی .... بقیہ 30 صفحہ نمبر7پر

صحت کے نظام کو بہتر بنانے کیلئے اقدامات جاری ہیں، بخت کاکڑ

ہسپتالوں میں مریضوں کو معیاری علاج فراہم کرنے کیلئے اصلاحاتی پروگرام جاری ہیں' صوبائی وزیر

کوئٹہ(اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں صحت کے نظام کو مزید بہتر بنانے کے لیے متعدد اقدامات کیے جا رہے ہیں سرکاری ہسپتالوں میں طبی سہولیات کی فراہمی کو بہتر بنانے اور مریضوں کو معیاری علاج فراہم کرنے کے لئے اصلاحاتی اقدامات جاری ہیں' یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی' انہوں نے کہا کہ ہسپتالوں میں ادویات کی دستیابی، جدید طبی آلات کی فراہمی اور طبی عملے کی کمی کو پورا کرنے کے لئے بھی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت صحت کے شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے سنجیدہ کوششیں کر رہی ہے تاکہ عوام کو بہتر اور بروقت طبی سہولیات فراہم .... بقیہ 31 صفحہ نمبر7پر

کوئٹہ: شہید نواب غوث بخش رئیسانی اور انکے رفقاء کی 39ویں برسی پر شہداء کے ایصال ثواب کیلئے دعا کی جارہی ہے

نوکنڈی و ہرنائی میں کارروائیاں جاری، سینکڑوں افغان مہاجرین گرفتار

نوکنڈی میں کارروائی کے دوران 65 افغان مہاجرین کو حراست میں لے لیا گیا' عارضی پناہ گاہیں بھی نذر آتش

ہرنائی میں کریک ڈاؤن کے دوران 27 فروری سے اب تک 187 افغان باشندوں کو حراست میں لے کر افغانستان ڈی پورٹ کر دیا گیا

نوکنڈی(نمائندہ مشرق)ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے 65 غیر قانونی افراد کو حراست میں لے لیا جبکہ علاقے میں قائم چار عارضی پناہ گاہوں کو نذر آتش کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق کارروائی گزشتہ روز علی الصبح کی گئی۔ تفتان رائفلز نوکنڈی ہیڈ کوارٹر کی کوئیک ریسپانس فورس (QRF) نے نوکنڈی میں این ایچ اے ٹول پلازہ سے تقریباً پانچ کلومیٹر جنوب میں واقع علاقے میں چھاپہ مار کارروائی کرتے ہوئے 65 غیر قانونی افراد کو گرفتار کیا جن میں 33 مرد، 14 خواتین اور 18 بچے شامل ہیں۔ کارروائی......... بقیہ 32 صفحہ نمبر7پر

صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ کے چچا کی وفات پر ایم پی اے مولوی نور اللہ عبد الرحیم کاکڑ و دیگر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

ایران کی جرأت نے امت مسلمہ میں نئی روح پھونک دی، مولانا ہدایت الرحمن

مسلم ممالک باہمی اتحاد، یکجہتی کا مظاہرہ کریں تو پوری دنیا میں امن، استحکام اور ترقی کی نئی راہیں کھل سکتی ہیں' صوبائی امیر جماعت اسلامی

امریکہ واسرائیل کی جارحانہ اور دہشت گردانہ پالیسیوں نے دنیا کا امن وسکون تباہ کر کے رکھ دیا' رکن صوبائی اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ورکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ ایران کی بہادری، استقامت اور جرات نے پوری امت مسلمہ میں ایک نئی روح اور حوصلہ پیدا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر مسلم ممالک باہمی اتحاد، یکجہتی اور اخوت کا مظاہرہ کریں تو نہ صرف خطے بلکہ پوری دنیا میں امن، استحکام اور ترقی کی نئی راہیں کھل سکتی ہیں مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ امریکہ اور اسرائیل کی جارحانہ اور دہشت گردانہ پالیسیوں نے دنیا کا امن وسکون تباہ کر کے رکھ دیا ان کی مداخلتوں، جنگوں اور سازشوں کی وجہ سے کئی......... بقیہ 33 صفحہ نمبر7پر

دنیا بھر میں آزادی اظہار رائے سے متعلق قوانین پر سخت اور موثر عملدرآمد

یو اے ای نے غیر مصدقہ معلومات یا مواد کے بارے میں عوامی وارننگ جاری کر دی

پاکستان میں بھی آئین کے آرٹیکل 19 میں اظہار رائے کی حدود وقیود واضح ہیں، ماہرین

دبئی، اسلام آباد(آئی این پی) سوشل میڈیا کے بڑھتے اثر ورسوخ کے پیش نظر متعدد ممالک آزادی اظہار رائے سے متعلق قوانین کے نفاذ اور عملداری میں سختی اختیار کر رہے ہیں۔ بالخصوص جنگی صورتحال سے دوچار ممالک فیک نیوز اور پروپیگنڈا کی روک تھام کیلئے سخت پالیسی اختیار کرتے ہیں۔ برطانوی نشریاتی ادارے کی رپورٹ کے مطابق متحدہ عرب امارات .... بقیہ 34 صفحہ نمبر7پر

سرکاری ملازمین کے پنشن فنڈ میں ماہانہ شراکت کی شرح مقرر

کنٹری بیوٹری پنشن فنڈ میں حکومت کی شراکت 12 فیصد' ملازم کی لازمی شراکت 10 فیصد مقرر

کوئٹہ (آن لائن) حکومت بلوچستان نے سرکاری ملازمین کے پنشن فنڈ میں ماہانہ شراکت کی شرح مقرر کر دی گئی ہے۔ محکمہ خزانہ کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق کنٹری بیوٹری پنشن فنڈ میں حکومت کی شراکت 12 فیصد جبکہ ملازم کی لازمی شراکت 10 فیصد مقرر کی گئی ہے، اس طرح مجموعی طور پر پنشن فنڈ میں 22 فیصد ماہانہ کنٹری بیوشن جمع ہوگا۔ یہ رقم ملازم کی پنشن کی قابل تنخواہ کی بنیاد پر جمع کی جائے گی۔ نوٹیفکیشن میں مزید کہا گیا ہے کہ سرکاری ملازمین......... بقیہ 35 صفحہ نمبر7پر

کوئٹہ، بشیر آباد میں خاتون کے قتل کا ڈراپ سین، مرکزی ملزم گرفتار

سی سی ٹی وی اور تکنیکی تجزیے کی مدد سے قاتل تک رسائی، لوٹی گئی نقدی اور زیورات برآمد

کوئٹہ(یو این اے+آن لائن) ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ عمران شوکت کی خصوصی ہدایت پر پولیس اسٹیشن زرغون آباد نے بشیر آباد میں پیش آنے والے اندھے قتل کے کیس کا سراغ لگا لیا 80 سالہ ضعیف خاتون مس مارتھا کے قتل اور ڈکیتی میں ملوث مرکزی ملزم نواز مسیح کو جدید سائنسی خطوط اور تکنیکی تجزیے کی مدد سے گرفتار کر لیا گیا ہے۔ ایس ایس پی کوئٹہ......... بقیہ 36 صفحہ نمبر7پر

کوئٹہ: شہری عید کیلئے جوتوں کی خریداری میں مصروف ہیں

امریکی جارحیت خطے میں امن وسلامتی کیلئے بڑا خطرہ ہے، جمعیت نظریاتی

اسلامی ممالک کے درمیان باہمی اتحاد، آزاد خارجہ پالیسی اور خود انحصاری ہی انہیں بحرانوں سے نکال سکتا ہے' مولانا عبدالقادر لونی

امریکہ دوریاں پیدا کرنے کی تگ ودو میں ہے مسلم ممالک اپنے مسائل گفت وشنید سے حل کریں' مفتی شفیع الدین، مولانا عبدالرؤف

کوئٹہ(یو این اے) جمعیت علماء اسلام (نظریاتی) پاکستان کی مرکزی قیادت نے ایک مشترکہ بیان میں خبردار کیا ہے کہ خطے میں جاری بدامنی اور خونریزی امریکی جارحیت کا تسلسل ہے، جو دنیا کو تیسری عالمی جنگ کی جانب دھکیل سکتی ہے۔ بیان جاری کرنے والوں میں مرکزی قائم مقام امیر مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین، مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف، مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی، مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی اور مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ شامل .... بقیہ 37 صفحہ نمبر7پر

گورنر جعفر خان مندوخیل صوبائی وزیر عاصم کرد گیلو، محمد نور زئی و دیگر بخت محمد کاکڑ کے چچا کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

ایف۔جی آر ایف کی جانب سے مستحقین میں راشن تقسیم

راشن کی تقسیم کے دوران نظم وضبط اور مستحقین کی عزت نفس کا خاص خیال رکھا گیا

فیضان گلوبل ریلیف فاؤنڈیشن دعوت اسلامی کے زیر انتظام چلنے والا فلاحی ادارہ ہے' ذمہ داران

کوئٹہ(یو این اے) دعوت اسلامی کے فلاحی ادارے فیضان گلوبل ریلیف فاؤنڈیشن FGRF کے زیر انتظام فیضان مدینہ کوئٹہ میں مستحق اور نادار خاندانوں میں راشن تقسیم کیا گیا۔ اس موقع پر بڑی تعداد میں ضرورت مند افراد کو بنیادی اشیائے خورونوش پر مشتمل راشن پیکجز فراہم کیے گئے۔ تقریب میں ذمہ داران دعوت اسلامی نے بتایا کہ فلاحی سرگرمیوں کا مقصد معاشرے کے غریب اور مستحق طبقات کی مدد کرنا اور انہیں بنیادی ضروریات .... بقیہ 38 صفحہ نمبر7پر

کشیدگی کے باعث ایران سے پاکستانی طلبہ کے انخلاء کا سلسلہ جاری

تفتان بارڈرز سے 13 پاکستانی طلبہ وطالبات پاکستان پہنچ گئے

نوکنڈی (نمائندہ مشرق) ایران میں جاری امریکہ اور اسرائیل کے درمیان کشیدگی کے باعث پاکستانی طلبہ کے باحفاظت انخلاء کا سلسلہ جاری ہے۔ اسی سلسلے میں ایران سے مزید 13 پاکستانی طلبہ وطالبات تفتان بارڈر کے ذریعے پاکستان پہنچ گئے۔ تفصیلات کے مطابق تفتان امیگریشن گیٹ پر پہنچنے والے طلبہ وطالبات کو مقامی انتظامیہ نے فوری طور پر پاکستان ہاؤس منتقل کر دیا، جہاں انہیں قیام وطعام سمیت دیگر ضروری سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ ایران......... بقیہ 39 صفحہ نمبر7پر

رمضان المبارک کے آخری عشرے میں مرغی کی قیمتوں کو پر لگ گئے

کوئٹہ (آئی این پی) رمضان المبارک کے آخری عشرے میں مرغی کے گوشت کی قیمتوں کو پر لگ گئے۔ ہفتہ کو برائلر گوشت 7 روپے فی کلو گرام مہنگا ہو گیا جس کے بعد برائلر گوشت کی قیمت 550 روپے کی بلند ترین قیمت پر جا پہنچی۔ اوپن مارکیٹ کے ساتھ ساتھ رمضان بازاروں میں بھی چکن کی پانچویں سنچری مکمل ہوگئی ہے۔ جس پر شہری پریشان ہیں، انہوں نے مرغی کی قیمتوں کو کم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

ملکی غیر ملکی زر مبادلہ ذخائر چار سال کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئے

اسلام آباد(آئی این پی) ایس آئی ایف سی کی اصلاحات اور پالیسی تسلسل کی بدولت پاکستان کے غیر ملکی زرمبادلہ ذخائر چار سال کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئے۔ مشیر وزیر خزانہ خرم شہزاد نے بتایا ہے کہ پاکستان کے کل زر مبادلہ ذخائر 21.6 ارب ڈالر تک پہنچ گئے جو گزشتہ 4 سال کی بلند ترین سطح ہے، زرمبادلہ کے ذخائر میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان کا حصہ 16.3 ارب اور کمرشل بینکوں کا حصہ 5.3 ارب ڈالر ہے۔

اوستہ محمد کا شہری جوان ایف سی اہلکار فہد علی شہید

اوستہ محمد(آن لائن) اوستہ کے شہری نوجوان جنگ لڑتے شہید تفصیلات کے مطابق اوستہ محمد شہر سے تعلق رکھنے والے چانڈیو محلہ کے رہائشی ایف سی اہلکار 23 سالہ نوجوان فہد علی ولد نور محمد پلال آج بلوچستان کے ضلع خاران میں دشمن کے خلاف بہادری سے لڑتے ہوئے جام شہادت نوش کیا اللہ تعالی شہید کے درجات بلند کرے اور والدین کو صدمہ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے خاران سے ان کی میت اوستہ محمد لائی جارہی ہے۔

تربت' گولیوں سے چھلنی نعش برآمد

تربت(این این آئی) تربت کے علاقے سے پولیس نے ایک شخص کی گولیوں سے چھلنی نعش قبضے میں لے لی۔ پولیس کے مطابق ہفتہ کو تربت کے علاقے ناصر آباد سے پولیس نے ایک شخص کی گولیوں سے چھلنی نعش قبضے میں لیکر ہسپتال پہنچائی جس کی شناخت نوید ولد مراد کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس نے نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی

امن کے فروغ کیلئے ہمسایوں سے اچھے تعلقات ناگزیر ہیں، فضل الرحمن

فلسطین اور بیت المقدس کا مسئلہ کسی ایک ملک کا نہیں بلکہ پوری امت مسلمہ کا مسئلہ ہے، اسلامی ممالک کو سر جوڑ کر بیٹھنا ہوگا

پاکستان پیچیدہ علاقائی اور سفارتی چیلنجز کا سامنا کر رہا ہے، پارلیمنٹ کا مشترکہ ان کیمرہ اجلاس بلایا جائے، سربراہ جمعیت

جیکب آباد(آئی این پی) جمعیت علماء اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ اس وقت پوری امت مسلمہ کو سر جوڑ کر بیٹھنا ہوگا اور اپنے مستقبل کے بارے میں مشترکہ حکمت عملی طے کرنا ہوگی، انہوں نے کہا کہ امریکہ اور مغربی دنیا کی پالیسیوں کے نتائج آج پوری امت مسلمہ کے سامنے آچکے ہیں، فلسطین اور بیت المقدس کا مسئلہ کسی ایک ملک کا نہیں بلکہ پوری امت مسلمہ کا مسئلہ ہے اس حوالے سے اسلامی دنیا کو متحد اور مضبوط موقف اختیار کرنا ہوگا، انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے اسلامی دنیا اس وقت اندرونی اختلافات اور......... بقیہ 49 صفحہ نمبر7پر

کوئٹہ: سابق ایڈمنسٹریٹر مجیب الرحمٰن قمبرانی اور نئے ایڈمنسٹریٹر زاہد خان خلجی و دیگر کا گروپ فوٹو

وفاقی حکومت کا عید الفطر پر 4 چھٹیاں دینے کا فیصلہ

اسلام آباد(بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت نے عید الفطر پر 4 چھٹیاں دینے کا فیصلہ کرلیا۔ رپورٹ کے مطابق وفاقی حکومت کی جانب سے عید الفطر پر جمعہ، ہفتہ، اتوار اور پیر کو چھٹی ہوگی۔ یاد رہے کہ رواں سال رمضان کے 30 روزے ہونے کا امکان ہے اور پہلی شوال یعنی عید 21 مارچ ہفتے کو ہو سکتی ہے لیکن اس کا باقاعدہ اعلان رویت ہلال کمیٹی ہی کرے گی۔

میڈیکل اور ڈینٹل کالجز کی فیسوں میں اضافہ کر دیا گیا

اسلام آباد(بیورو رپورٹ) ملک بھر کے میڈیکل اور ڈینٹل کالجز کی فیسوں میں اضافہ کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق پی ایم ڈی سی نے فیسوں کی نئی حد مقرر کر دی ہے جس کے تحت 19 بڑے میڈیکل کالجز کی فیسوں میں اضافہ کیا گیا ہے

چمن شاہراہ پر فائرنگ کے واقعہ کیخلاف عوام سراپا احتجاج' ٹریفک معطل

دو گروہوں میں تصادم کے نتیجے میں 1 شخص زخمی ہوا تھا، شاہراہ کی بندش سے مسافر پریشان

ملزمان کو فوری گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے

قلعہ عبداللہ(یو این اے) کوئٹہ چمن بین الاقوامی شاہراہ جنگل پیر علیزئی کے مقام پر فائرنگ کے واقعہ کے بعد احتجاجاً ہر قسم کی ٹریفک کے لئے بند کر دی گئی ہے۔ اطلاعات کے مطابق علاقے میں دو گروہوں کے درمیان مسلح تصادم ہوا، جس کے نتیجے میں فائرنگ سے ایک شخص شدید زخمی ہو گیا۔ واقعہ کے بعد مقامی افراد نے شدید احتجاج کرتے ہوئے شاہراہ پر رکاوٹیں کھڑی کر دیں اور ہڑتال کی کال دے دی شاہراہ کی بندش کے باعث دونوں جانب گاڑیوں......... بقیہ 50 صفحہ نمبر7پر

بشیر آباد فیز 2 کے مکینوں کی جانب سے الزامات بے بنیاد ہیں، جسبیر سنگھ

الزامات کے ثبوت پیش نہیں کیے گئے تو ہتک عزت کا دعویٰ دائر کریں گے' پریس کانفرنس

کوئٹہ (آن لائن) اقلیتی رہنماء اور سوشل ایکٹوسٹ سردار جسبیر سنگھ، قیصر کشور، توشین کشور اور دیگر نے بشیر آباد فیز 2 کے مکینوں کی جانب سے گزشتہ روز پریس کانفرنس میں لگائے جانے والے الزامات کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ اس اقدام سے میری عزت نفس مجروح ہوئی ہے اگر 7 روز کے اندر انہوں نے الزامات کے ثبوت پیش نہیں کیے تو ہم ہتک عزت کا دعویٰ دائر کریں گے۔ مذکورہ جھوٹے بے بنیاد الزامات کی تحقیقات تھانہ زرغون آباد میں جاری ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ اس موقع پر دیگر بھی موجود تھے انہوں نے کہا کہ 6 فروری کو قیصر کشور پر چوری کا جھوٹا الزام لگایا گیا ہم نے معاملے کو حل کرنے کے لئے بائبل مقدس پر حلف لینے کی پیشکش کی جسے مخالف فریق .... بقیہ 51 صفحہ نمبر7پر

کوئٹہ: قندھاری بازار میں نالیاں گندگی سے بھری پڑی ہیں

خضدار' وفاقی محتسب اعلی کے احکامات' قلات کے شہری کو انصاف فراہم

خضدار (بیورو رپورٹ) وفاقی محتسب اعلی پاکستان کے احکامات کی روشنی میں ریجنل آفس خضدار نے عوامی خدمت کی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے ضلع قلات کے ایک شہری کو فوری انصاف فراہم کر دیا۔ وفاقی محتسب کی مداخلت سے بجلی کے بلوں کی ادائیگی کے باوجود کاٹا گیا کنکشن نہ صرف بحال کر دیا گیا بلکہ کیس کو منطقی انجام تک پہنچا کر ادارے کی افادیت کو ایک بار پھر ثابت کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق ضلع قلات، کلی گوم کے رہائشی عطاء اللہ ولد غلام رسول نے وفاقی محتسب ریجنل آفس خضدار میں ایک شکایت درج کروائی تھی۔

امریکا کو فتح کا اعلان کر کے ایران سے نکل جانا چاہیے مشیر کا ٹرمپ کو مشورہ

جنگ کو مزید بڑھانا تباہ کن نتائج پیدا کر سکتا ہے اور امریکا کو ایک لمبی جنگ میں پھنسا سکتا ہے، ڈیوڈ سیکس

فوجی کارروائی جاری رکھی جائے تاکہ ایران کی فوجی صلاحیت مکمل طور پر ختم ہو جائے، امریکی حکومت کی رائے

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ایک قریبی مشیر نے انہیں مشورہ دیا ہے کہ امریکا ایران کے خلاف کارروائی کو کامیاب قرار دے کر جنگ ختم کرے اور وہاں سے نکل جائے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق وائٹ ہاؤس کے لیک اور اے آئی مشیر ڈیوڈ سیکس نے ٹرمپ کو مشورہ دیا ہے کہ امریکا کو فتح کا اعلان کر کے ایران سے نکل جانا چاہیے۔ ڈیوڈ سیکس نے کہا کہ جنگ کو مزید بڑھانا تباہ کن نتائج پیدا کر سکتا ہے اور امریکا کو ایک لمبی جنگ میں پھنسا سکتا ہے۔ واضح رہے کہ ایران جنگ کو لے کر وائٹ ہاس میں اختلاف پایا جارہا ہے۔ رپورٹس......... بقیہ 40 صفحہ نمبر7پر

پیٹرول کی قیمت بڑھنے سے بوجھ عوام پر پڑا ہے، حافظ نعیم

جب نظام میں خرابی ہو تو اس کے اثرات پورے ملک پر ہوتے ہیں

ہمارے پروگرام کے تحت بچے انجینئر، ڈاکٹرز بن رہے ہیں، مرکزی امیر

لاہور(آئی این پی) جماعت اسلامی پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمان نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ پیٹرول کی قیمت بڑھنے سے سارا بوجھ عوام پر پڑا ہے۔ امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے لاہور میں افطار ڈنر سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جب نظام میں خرابی ہو تو اس کے اثرات پورے ملک پر ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پیٹرول کی قیمت بڑھنے سے سارا بوجھ عوام پر پڑا، اگر جما......... بقیہ 41 صفحہ نمبر7پر

جمعیت خضدار کے وفد کی میر اسرار اللہ زہری سے ملاقات

این اے 256 کے ضمنی انتخابات میں اتحاد وحمایت پر بات چیت

خضدار(بیورو رپورٹ) جمعیت علماء اسلام ضلع خضدار کے وفد کا ضلعی سیکرٹری جنرل مولانا عنایت اللہ رودینی کی قیادت میں بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) کے مرکزی صدر سابق وفاقی وزیر میر اسرار اللہ خان زہری سے NA256 کے ضمنی انتخابات میں اتحاد وحمایت پر بات چیت کرنے کیلئے زہری کراچی میں ملاقات کی ملاقات میں حالیہ ضمنی الیکشن میں باہمی اتحاد وحمایت پر تفصیلی گفتگو کی گئی علاوہ ازیں ملاقات میں ملکی علاقائی مسائل مختلف موضوعات، قبائلی معاملات، حالیہ ملکی سیاسی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا وفد میں جمعیت کے ضلعی نائب امیر مفتی عبدالقادر شاہوانی، ضلعی سرپرست سردار علی محمد خان قلندرانی، صوبائی......... بقیہ 42 صفحہ نمبر7پر

صوبے میں پائیدار ترقی کیلئے عملی اقدامات ناگزیر ہیں' زرک مندوخیل

مسائل کے حل کیلئے حکومت سنجیدہ اقدامات اٹھا رہی ہے' رکن صوبائی اسمبلی

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان اسمبلی کے رکن شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ صوبے میں پائیدار ترقی اور عوامی خوشحالی کے لیے ٹھوس اور عملی اقدامات ناگزیر ہیں بلوچستان کے عوام کو درپیش بنیادی مسائل کے حل کیلئے حکومت سنجیدگی سے اقدامات کر رہی ہے اور ترقیاتی منصوبوں کو تیزی سے مکمل کرنے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے' یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ تعلیم، صحت، صاف پانی اور روزگار کی فراہمی......... بقیہ 43 صفحہ نمبر7پر

پیپلز لائرز فورم کی موجودہ کابینہ قابض ہے، سید آغا ظہور شاہ

اعلان کردہ آسامیوں پر بندر بانٹ اور مبینہ لین دین کا سلسلہ جاری ہے' سینئر ایڈووکیٹ

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر ایڈووکیٹ سید آغا ظہور شاہ، سینئر ایڈووکیٹ سپریم کورٹ ارباب فیاض، سینئر ایڈووکیٹ و سابق صدر پیپلز لائرز فورم بلوچستان انوار الحق کاکڑ اللہ والا، سینئر ایڈووکیٹ زعفران علی خان لونی، سینئر ایڈووکیٹ گل جتوئی، ایڈووکیٹ عدنان ابڑو، ایڈووکیٹ کامران، سینئر ایڈووکیٹ انور کاکڑ، سینئر ایڈووکیٹ شراف الدین، سینئر ایڈووکیٹ حمید کاکڑ، ایڈووکیٹ کلیم اللہ محمد شیخ، ایڈووکیٹ .... بقیہ 44 صفحہ نمبر7پر

مسلم ممالک کشیدگی کے خاتمے کیلئے مذاکرات کی راہ ہموار کریں، محمد عبدالقادر

ایران پر حملوں کی حالیہ صورتحال مسلم دنیا کیلئے لمحہ فکریہ ہے' سینیٹر

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ عالمی طاقتوں نے ذمہ داری کا مظاہرہ نہ کیا اور امریکہ و اسرائیل کو ایران کے خلاف بربریت سے نہ روکا تو مشرق وسطی طویل المدت وسیع جنگ کی لپیٹ میں آسکتا ہے جس کے اثرات عالمی معیشت، توانائی کی رسد اور امن واستحکام پر دہائیوں تک برقرار رہیں گے ایران پر حملو......... بقیہ 45 صفحہ نمبر7پر

راشن کی غیر منصفانہ تقسیم افسوسناک ہے، مولانا عبدالرحمان رفیق

مستحق افراد کے نام پر سرکاری وسائل کی لوٹ مار اخلاقاً قابل افسوس ہے' عین اللہ شمس

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمان رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، ڈپٹی جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ، سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد، عبدالصمد حقیار، مفتی محمد ابوبکر، ڈیجیٹل میڈیا کوآرڈینیٹر عبدالباری شہزاد، مولانا جمال الدین حقانی، مفتی رشید احمد حقانی، حاجی......... بقیہ 46 صفحہ نمبر7پر

کراچی، رینجرز کی کارروائی میں چانڈیو گینگ کا سرغنہ گرفتار

کراچی (آئی این پی) کراچی کے علاقے سندھی گوٹھ میں رینجرز نے کارروائی کرتے ہوئے چانڈیو گینگ کے سرغنہ سمیت 3 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔۔۔۔

کوئٹہ: سیلانی ویلفیئر کی جانب سے مستحقین میں راشن تقسیم کیا جارہا ہے

عیاش مزاج حکمران صدر ٹرمپ کی جیب میں ہیں' طاہر بزنجو

تاریخ میں طاقتور فوجوں کو عبرتناک شکست ہوئی ہے' رہنما نیشنل پارٹی

خضدار (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماء سابق سینیٹر و دانشور میر طاہر بزنجو نے کہا ہے کہ دوسری جنگ عظیم میں کروڑوں لوگوں کے قتل عام کے بعد فاشسٹ نظریات کو فیصلہ کن شکست ہوئی لیکن اب ایک بار پھر صدر ٹرمپ کی شکل میں عالمی منظر نامے پر چھائے ہوئے ہیں انہوں نے کہا کہ ایران کو چھوڑ کر اسلامی دنیا کے تمام عیاش مزاج حکمران......... بقیہ 47 صفحہ نمبر7پر

بلوچستان میں الیکٹرانک انوائس مانیٹرنگ سسٹم متعارف کرانے کا فیصلہ

قواعد سیلز ٹیکس آن سروسز ایکٹ 2015 کے تحت نافذ کیے جائیں گے' بلوچستان ریونیو اتھارٹی

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایات پر بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے صوبائی ٹیکس نظام میں شفافیت اور ڈیجیٹلائزیشن کو فروغ دینے کیلئے الیکٹرانک انوائس مانیٹرنگ سسٹم (IMS-e) رولز 2026 متعارف کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ قواعد بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز ایکٹ 2015 کے تحت نافذ کیے جائیں گے اتھارٹی کے .... بقیہ 48 صفحہ نمبر7پر

کوئٹہ' چور جیولر کی دکان سے لاکھوں روپے کے زیورات لے اڑے

چوروں نے چھت سے نقب لگا کر کارروائی کی' پولیس مزید تفتیش کر رہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) تھانہ سٹی کے علاقے لیاقت بازار میں نامعلوم چور جیولرز کی دکان میں نقب لگا کر لاکھوں روپے مالیت کے زیورات چوری کر کے لے گئے پولیس کے مطابق جمعرات اور جمعہ کی شب نامعلوم چوروں نے لیاقت بازار میں واقع جیولرز کی دکان کی چھت سے نقب لگا کر دکان سے لاکھوں روپے مالیت کے زیورات چوری کر کے لے گئے گزشتہ روز مالک دکان نے دکان کھولی تو معلوم ہوا کہ دکان میں چوری ہوئی ہے اطلاع پر پولیس نے کارروائی شروع کر دی۔

3 دن عدالتی چھٹیوں کے خلاف پشاور ہائی کورٹ میں درخواست دائر

پشاور(آئی این پی) پشاور ہائیکورٹ میں ہفتے میں 2 عدالتی چھٹیوں کے خلاف درخواست دائر کر دی گئی۔ درخواست اطلس خان ایڈووکیٹ نے سلیمان خان ایڈووکیٹ کی وساطت سے دائر کی، جس میں رجسٹرار پشاور ہائیکورٹ کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ 12 مارچ کو پشاور ہائیکورٹ نے 3 دن عدالتیں بند رکھنے کا نوٹیفکیشن جاری کیا۔

عارف والا، پسند کی شادی کرنے کی رنجش پر دولہے کا بھائی قتل

عارف والا(آئی این پی) عارف والا کے نواحی قصبہ قبولہ میں لڑکی سے پسند کی شادی کرنے کی رنجش پر دولہے کے بھائی کو قتل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم علی عثمان نے بہن کے جیٹھ کو راہ چلتے گولیاں مار کر موت کے گھاٹ اتار دیا، مقتول کی لاش ہسپتال منتقل کر دی گئی۔ پولیس نے مزید بتایا کہ ملزم کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جا رہے ہیں

کوئٹہ: مزدور سمنگلی روڈ پر ترقیاتی کاموں کی تکمیل میں مصروف ہیں

ایران کی آبنائے ہرمز سے بھارتی جہازوں کو گزرنے کی اجازت

ایرانی سفیر نے بھارتی جہازوں کو آبنائے ہرمز سے گزرنے کی اجازت دیے جانے کی تصدیق کر دی ہے، الجزیرہ کی رپورٹ

بحری جہازوں پر پابندی برقرار ہے، اگر کوئی جہاز بغیر اجازت آبنائے ہرمز میں داخل ہوا تو نشانہ بنائیں گے، پاسداران انقلاب

اسلام آباد(بیورو رپورٹ) غیر ملکی خبر رساں ادارے نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران نے چند بھارتی جہازوں کو آبنائے ہرمز سے گزرنے کی اجازت دیدی ہے جس کی تصدیق ایرانی سفیر کی جانب سے بھی کردی گئی ہے۔ الجزیرہ کے مطابق ایرانی سفیر نے بھارتی جہازوں کو آبنائے ہرمز سے گزرنے کی اجازت دیے جانے کی تصدیق کر دی ہے۔ ایرانی پاسداران انقلاب نے بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ امریکا .... بقیہ 52 صفحہ نمبر7پر

ہرنائی: ضلعی انتظامیہ کی جانب سے قانونی کارروائی مکمل ہونے کے بعد افغان مہاجرین کو افغانستان روانہ کیا جارہا ہے

لسانی اکیڈمیز انتظامی یونٹس، آئینی قانونی مختار علمی ادارے ہیں، پشتونخوا نیپ

یہ اکیڈمیاں "سوسائٹیز ایکٹ 1860 " کے تحت رجسٹرڈ' جو انہیں علمی فیصلوں میں مکمل آزادی فراہم کرتا ہے' نصر اللہ زیرے

اکیڈمیز کی خود مختار حیثیت ختم کر کے انہیں بیوروکریسی کے تابع کرنا غیر آئینی و غیر قانونی عمل ہوگا' وفد سے ملاقات میں گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) پشتو، بلوچی، براہوی اور ہزارگی اکیڈمیز کے عہدیداران نے پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں پارٹی کے صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے، صوبائی سیکرٹری اول فقیر خوشحال کاسی، صوبائی آفس سیکرٹری ندا سنگر، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز عبدالرزاق خان بڑیچ، فیاض خان اور مرکزی کمیٹی کے رکن وزیر خان سے ملاقات کی وفد میں پشتو اکیڈمی کے چیئرمین پروفیسر ڈاکٹر حافظ رحمت نیازی......... بقیہ 53 صفحہ نمبر7پر